اہم تواریخ جن پر معروضی سوالات آسکتے ہیں

☆ محمد بن قاسم کی فتح سندھ	712ء
☆ انگریز نو آبادی سورت کا قیام	1608ء
☆ انگریزوں کو ٹیکس کے بغیر تجارت کا فرمان ملا	جولائی 1717ء
☆ وفات حاجی امداد اللہ مہاجر مکی	18 اکتوبر 1818ء
☆ شاہ ولی اللہ کی وفات	1762ء
☆ برصغیر میں انگریز عیسائی مشنریوں کی آمد	1813ء
☆ سر سید احمد خان کی پیدائش	17 اکتوبر 1817ء
☆ نواب محسن الملک اور الطاف حسین حالی پیدا ہوئے	1837ء
☆ الحاق سندھ	اگست 1843ء
☆ پنجاب کا الحاق	1849ء
☆ جنگ آزادی کا آغاز	10 مئی 1857ء
☆ جسٹس امیر علی سید کا یوم ولادت	16 اپریل 1849ء
☆ مولانا اشرف علی تھانوی کی پیدائش	19 ستمبر 1863ء
☆ سر سید احمد خان نے سائنٹیفک سوسائٹی قائم کی	1863ء
☆ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا آغاز	1866ء
☆ بنارس میں اردو ہندی تنازعہ کا آغاز	1867ء
☆ سر سید احمد خان کا سفر لندن	یکم اپریل 1869ء
☆ مہاتما گاندھی کی پیدائش	12 اکتوبر 1869ء
☆ رسالہ "تہذیب الاخلاق" کا اجرا	24 دسمبر 1870ء
☆ لارڈ میو کا قتل	8 فروری 1872ء
☆ آریہ سماج کا بمبئی میں قیام	1875ء
☆ ایم اے او ہائی سکول علی گڑھ کا افتتاح	24 مئی 1875ء
☆ سید امیر علی کی نیشنل محمڈن ایسوسی ایشن کا قیام	1877ء
☆ سر سید مدراس سے ریٹائر ہوئے	جولائی 1876ء
☆ قائداعظم کا یوم ولادت	25 دسمبر 1876ء
☆ ایم اے او کالج علی گڑھ کا آغاز	8 جنوری 1877ء
☆ علامہ اقبال کی پیدائش	9 نومبر 1877ء
☆ آریہ سماج کے دفاتر لاہور میں منتقل ہوئے	1877ء

☆ مولانا محمد علی جوہر کا سال پیدائش	1878ء
☆ مسدس حالی کا پہلا ایڈیشن شائع ہوا	1879ء
☆ وفات سید جمال الدین افغانی	9مارچ 1897ء
☆ وفات مولانا محمد قاسم نانوتوی	15اپریل 1880ء
☆ اردو ہندی تنازعہ ہنٹر ایجوکیشن کمیشن میں	1882ء
☆ بنکم ناتھ چیٹر جی کا ناول ''انند متھ'' شائع ہوا (جس میں بندے ماترم ترانہ ہے)	1882ء
☆ آریہ سماج کے بانی دیانند سرا سوتی کی موت	1883ء
☆ البرٹ بل پیش ہوا	1883ء
☆ سرسید نے پنجاب کا دورہ کیا	1884ء
☆ انجمن حمایت السلام لاہور کا قیام	24 ستمبر 1884ء
☆ لیجسلیٹو کونسل نے مسلمانوں کے حق میں قرارداد پاس کی	25 جولائی 1885ء
☆ انڈین نیشنل کانگریس کی تشکیل	28 دسمبر 1885ء
☆ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا قیام	1886ء
☆ ولادت ابوالکلام آزاد	17 اگست 1888ء
☆ علی گڑھ ٹرسٹی شپ بل	1889ء
☆ انتخابات کا اصول تسلیم ہوا، انڈین کونسلز ایکٹ	1892ء
☆ ندوۃ العلماء کا قیام	1894ء
☆ قائداعظم بیرسٹر بن کر وطن لوٹے	1896ء
☆ سرسید احمد خان کی وفات	27 مارچ 1898ء
☆ شمال مغربی سرحدی صوبہ قائم ہوا	1901ء
☆ ملکہ وکٹوریہ کا انتقال	22جنوری 1901ء
☆ شبلی نعمانی ندوۃ العلماء سے منسلک ہوئے	1904ء
☆ تقسیم بنگال	16اکتوبر 1905ء
☆ وفات مولانا رشید احمد گنگوہی	11 اگست 1905ء
☆ وفد شملہ	یکم اکتوبر 1906ء
☆ مسلم لیگ کی تشکیل	30 دسمبر 1906ء
☆ قائداعظم دادا بھائی نوروجی کے سیکرٹری بنے	1906ء
☆ نواب محسن الملک کی وفات	1907ء
☆ انتقال غلام احمد قادیانی	28 مئی 1908ء

☆ لندن مسلم لیگ کا قیام	مئی 1908ء
☆ منٹو مارلے ریفامز...... مسلمانوں کو جداگانہ انتخاب کا حق ملا	15 نومبر 1909ء
☆ محمد علی جناحؒ بمبئی سے لیجسلیٹو کونسل کے رکن منتخب ہوئے	1909ء
☆ مولانا محمد علی جوہر نے انگریزی اخبار کامریڈ جاری کیا	14 جنوری 1910ء
☆ دہلی دارالحکومت بنا	12 دسمبر 1911ء
☆ اٹلی نے طرابلس پر حملہ کیا	1911ء
☆ تقسیم بنگال کی تنسیخ، جارج پنجم کا اعلان	12 دسمبر 1911ء
☆ بلقان کی جنگ	1912ء
☆ جوہر کی قیادت میں اردو روزنامہ ''ہمدرد'' کا اجرا	1913ء
☆ سانحہ کانپور	یکم جولائی 1913ء
☆ جناح مسلم لیگ کے رکن بنے	1913ء
☆ انجمن خدام کعبہ کا قیام	1913ء
☆ شبلی کی ندوۃ العلماء سے علیحدگی	جولائی 1914
☆ جنگ عظیم اول کا آغاز	14 اگست 1914ء
☆ شبلی کی وفات	18 دسمبر 1914ء
☆ الطاف حسین حالی کی وفات	31 دسمبر 1914ء
☆ نواب سلیم اللہ خاں کی وفات	1915ء
☆ ہوم رول لیگ کا قیام۔	3 دسمبر 1916ء
☆ میثاق لکھنؤ	دسمبر 1916ء
☆ مانٹیگو کا دستوری اعلان	اگست 1917ء
☆ وقار الملک کی وفات	27 جنوری 1917ء
☆ مولانا محمود الحسن کو مالٹا میں قید کیا گیا	1917ء
☆ جنگ عظیم کا خاتمہ	1918ء
☆ رولٹ ایکٹ پاس ہوا	28 مارچ 1919ء
☆ قائداعظم نے لیجسلیٹو کونسل سے استعفاد ے دیا	یکم اپریل 1919ء
☆ سانحہ جلیانوالہ باغ۔ پنجاب میں مارشل لاء	13 اپریل 1919ء
☆ خلافت کمیٹی کا قیام	22 ستمبر 1919ء
☆ قانون حکومت ہند	23 دسمبر 1919ء
☆ وفد خلافت کی تشکیل	دسمبر 1919ء
☆ وفد کی انگلستان روانگی	مارچ 1920ء

☆ تحریک ہجرت	1920ء
☆ سیورے کا معاہدہ	10 اگست 1920ء
☆ تحریک ترک موالات کا آغاز	28 مئی 1920ء
☆ گاندھی نے عدم تعاون میں شرکت کا اعلان کیا	6 جون 1920ء
☆ عام ہڑتال	یکم اگست 1920ء
☆ قائداعظم کا کانگریس سے استعفیٰ	1920ء
☆ جامعہ ملیہ علی گڑھ کا قیام شیخ الہند مولانا محمود الحسن نے افتتاح کیا	29 اکتوبر 1920ء
☆ مولانا محمود الحسن کی وفات	30 نومبر 1920ء
☆ علی گڑھ کو یونیورسٹی کا درجہ ملا	جنوری 1921ء
☆ خلافت کانفرنس کراچی	8 جولائی 1921ء
☆ موپلا بغاوت	اگست 1921ء
☆ ہندو مہا سبھا کا قیام	1921ء
☆ پرنس آف ویلز کی آمد بمبئی	27 نومبر 1921ء
☆ پرنس آف ویلز کلکتہ میں	25 دسمبر 1921ء
☆ مولانا حسرت موہانی نے مسلم لیگ کی صدارت کرتے ہوئے مکمل آزادی کا مطالبہ کیا	دسمبر 1921ء
☆ وفات مولانا احمد رضا خاں بریلوی	28 اکتوبر 1921ء
☆ چوری چور کا واقعہ	5 فروری 1922ء
☆ محرم میں کئی شہروں میں ہندو مسلم فسادات	1922ء
☆ نیم فوجی ہندو تنظیم سنگھٹن کا قیام	1923ء
☆ معاہدہ لوزین۔ ترکی کو آزادی ملی	1924ء
☆ کمال ترک نے خلافت کی قبا چاک کر دی	23 مارچ 1924ء
☆ بی اماں کی وفات	13 نومبر 1924ء
☆ جامعہ ملیہ کو دہلی منتقل کیا گیا	1925ء
☆ ہندو مہا سبھا نے شمالی ہند میں انتخاب جیت لیا	1926ء
☆ علامہ اقبال پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب	1926ء
☆ تبلیغی جماعت قائم ہوئی	1926ء
☆ شردھانند کا قتل	دسمبر 1926ء
☆ وفات مولانا عبدالباری فرنگی محلی	1926ء
☆ جداگانہ انتخاب ترک کرنے کے لیے متبادل تجاویز دہلی	1927ء
☆ شردھانند کا قتل	1927ء

☆ سید امیر علی کی وفات	1928ء
☆ وفات حکیم اجمل خاں	27 دسمبر 1927ء
☆ سائمن کمیشن کا برصغیر میں قیام	3 فروری تا 5 مارچ 1928ء اور 11 اکتوبر 1928ء تا 2 اپریل 1929ء
☆ نہرو رپورٹ پاس ہوئی	28 دسمبر 1928ء
☆ قائداعظم کے چودہ نکات	مارچ 1929
☆ غازی علم الدین نے راجپال کو قتل کیا	19 مارچ 1929ء
☆ مجلس احرار کا قیام	1929ء
☆ وزیراعظم برطانیہ کے نام خط، قائداعظم نے گول میز کانفرنس کی تجویز پیش کی	29 جون 1929ء
☆ انتقال رتی بائی بیگم قائداعظم	20 فروری 1929ء
☆ شہادت غازی علم الدین	31 اکتوبر 1929ء
☆ وفات صاحبزادہ آفتاب احمد خاں	18 جنوری 1930ء
☆ نمک کی ستیہ گرہ کا آغاز	26 جنوری 1930ء
☆ علامہ اقبال کا خطبہ الہٰ آباد	دسمبر 1930ء
☆ پہلی گول میز کانفرنس	3 نومبر 1930ء تا 19 جنوری 1931ء
☆ مولانا محمد علی جوہر کی وفات	4 جنوری 1931ء
☆ خاکسار تحریک کا آغاز	1931ء
☆ گاندھی اردن پیکٹ	مارچ 1931ء
☆ دوسری گول میز کانفرنس	7 ستمبر تا یکم دسمبر 1931ء
☆ وفات سر محمد شفیع	9 جنوری 1932ء
☆ کمیونل ایوارڈ ---- پونا پیکٹ	1932ء
☆ وفات سر علی امام	1932ء
☆ تیسری گول میز کانفرنس	17 نومبر تا 14 دسمبر 1932ء
☆ چودھری رحمت علی نے پاکستان نیشنل موومنٹ قائم کی	1933ء
☆ اینی بیسنٹ کا انتقال	20 اکتوبر 1933ء
☆ پمفلٹ Now or Never شائع ہوا	جولائی 1933ء
☆ قائداعظم کی لندن سے واپسی	اپریل 1934ء
☆ قانون حکومت ہند پاس ہوا	4 اگست 1935ء
☆ سندھ کی علیحدگی، صوبہ سرحد میں اصلاحات	1935ء

☆ وفات ڈاکٹر مختار احمد انصاری	1936ء
☆ عام انتخاب	فروری 1937ء
☆ کانگریسی وزارتوں کی تشکیل	جولائی 1937ء
☆ سکندر جناح پیکٹ بنگال و آسام کے وزرائے اعلیٰ کی حمایت	1937ء
☆ جناح سکندر پیکٹ	10 جولائی 1937ء
☆ یوم شہید گنج منایا گیا	18 فروری 1938ء
☆ وفات مولانا شوکت علی	18 فروری 1938ء
☆ علامہ اقبال کی وفات	21 اپریل 1938ء
☆ مسلم ریاست کے لیے سندھ مسلم لیگ کی قرار داد	اکتوبر 1938ء
☆ پیرپور رپورٹ	1938ء
☆ دوسری جنگ عظیم کا آغاز	ستمبر 1938ء
☆ تقسیم ہند کی تجاویز، پنجابی سکیم سکندر حیات	
☆ منصوبہ سید مودودی کی تجاویز	1939ء
☆ کانگریسی وزارتوں کا استعفیٰ	27 اکتوبر تا 22 نومبر 1939ء
☆ مسلم لیگ کا یوم نجات	22 دسمبر 1939ء
☆ دوسری جنگ عظیم کا آغاز	3 ستمبر 1939ء
☆ خاکساروں کے جلوس پر فائرنگ	19 مارچ 1940ء
☆ قرارداد لاہور پاکستان	23 مارچ 1940ء
☆ وائسرائے کا پالیسی اعلان	اگست 1940ء
☆ مسلمانوں کا یوم دعا	یکم نومبر 1940ء
☆ اے کے فضل الحق مسلم لیگ سے علیحدہ ہو گئے	1941ء
☆ وفات چودھری افضل حق	8 جنوری 1942ء
☆ کرپس تجاویز	23 مارچ 1942ء
☆ سر عبداللہ ہارون کی وفات	27 اپریل 1942ء
☆ جگت نرائن لال ریزولیوشن ہندوستان چھوڑ دو تحریک	7 اگست 1942ء
☆ سر سکندر حیات کی وفات	26 دسمبر 1942ء
☆ بنگال میں خواجہ ناظم الدین نے مسلم لیگی وزارت بنائی	اپریل 1943ء
☆ مولانا اشرف علی تھانوی کی وفات	19 جولائی 1943ء
☆ قائداعظم کے قاتلانہ حملے سے بچنے پر یوم تشکر	13 اگست 1943ء
☆ کراچی میں پرچم ستارہ ہلال	23 دسمبر 1943ء

☆ پیر صبغتہ اللہ کو سزائے موت	20 مارچ 1943ء
☆ نواب بہادر یار جنگ کی وفات	25 جون 1944ء
☆ وفات مولانا اشرف علی تھانوی	20 جولائی 1943ء
☆ راج گوپال اچاریہ فارمولا قائداعظم کے نام خط	8 اپریل 1944ء
☆ گاندھی جناح مذاکرات	17 جولائی 1944ء تا 27 ستمبر 1944ء
☆ لارڈ ویول پلان کا اعلان	14 جون 1945ء
☆ شملہ کانفرنس	25 جون 1945ء
☆ قائداعظم نے ویول پلان کو جال اور پھندا قرار دیا	14 جولائی 1945ء
☆ عام انتخابات کا اعلان	21 اگست 1945ء
☆ انتخابات مرکزی اسمبلی مسلم لیگ نے تیس کی تیس مسلم نشستیں جیت لیں	3 دسمبر 1945ء
☆ مسلم لیگ نے یوم فتح منایا	11 جنوری 1946ء
☆ وزیراعظم اٹیلی نے مسلم مطالبات کو اکثریت کی ترقی کی راہ میں ویٹو قرار دیا	15 مارچ 1946ء
☆ مسلم لیگ کا دہلی کنونشن	19 اپریل 1946ء
☆ دوسری شملہ کانفرنس	5 مئی 1946ء
☆ کابینہ مشن فارمولا کا اعلان	16 مئی 1946ء
☆ کانگریس نے فارمولا مسترد کر دیا	25 مئی 1946ء
☆ کابینہ مشن کی واپسی	29 جون 1946ء
☆ ویول نے نہرو کو وزارت بنانے کی دعوت دی	16 اگست 1946ء
☆ مسلم لیگ کا یوم راست اقدام...... کلکتہ کا قتل عام	16 اگست 1946ء
☆ کانگریس کی عبوری حکومت کا اعلان	24 اگست 1946ء
☆ کانگریسی وزارت نے حلف اٹھایا مسلمانوں نے یوم سیاہ منایا	3 ستمبر 1946ء
☆ مسلم لیگ عبوری حکومت میں شریک ہوئی	25 اکتوبر 1946ء
☆ اختلافات طے کرنے کے لیے اکابرین کو لندن بلایا گیا	2 دسمبر 1946ء
☆ برطانوی حکومت نے دونوں قوموں کے درمیان اتفاق رائے ضروری قرار دیا	6 دسمبر 1946ء
☆ دستور ساز اسمبلی کا اجلاس........... مسلم لیگ کا بائیکاٹ	9 دسمبر 1946ء
☆ پنجاب میں مسلم لیگ کی تحریک سول نافرمانی	24 جنوری 1947ء
☆ سرحد میں ڈاکٹر خان صاحب کے خلاف تحریک	فروری 1947ء
☆ اٹیلی کا اعلان: ''ہم جون 1948ء تک ہندوستان چھوڑ دیں گے۔''	30 فروری 1947ء

☆ خضر حیات ٹوانہ وزارت کا استعفاء	2 مارچ 1947ء
☆ ماسٹر تارا سنگھ کی تقریر اور فسادات	4 مارچ 1947ء
☆ سردار پٹیل نے تقسیم کی حمایت کر دی	4 مارچ 1947ء
کانگریس نے پنجاب اور بنگال کی تقسیم کا مطالبہ کیا	8 مارچ 1947ء
☆ قائداعظم نے مکڑی اور مکھی کی مثال دے کر جواب دیا	17 مارچ 1947ء
☆ ماؤنٹ بیٹن ہندوستان پہنچا	22 مئی 1947ء
☆ ارکان کابینہ مشن دہلی پہنچے	24 مارچ 1947ء
☆ قائداعظم نے وائسرائے سے ملاقات کی ماؤنٹ بیٹن نے اپنے مشیروں اور نہرو سے تقسیم کے فارمولا پر تبادلہ خیال کیا	11 مئی 1947ء
☆ ماؤنٹ بیٹن اپنے منصوبہ کے ساتھ انگلستان روانہ ہوئے	8 مئی 1947ء
☆ تقسیم کا فارمولا نہرو اور قائداعظم کو پیش کیا گیا	3 جون 1947ء
☆ مسلم لیگ کا ماؤنٹ بیٹن کو گورنر جنرل پاکستان بنانے سے انکار	28 جون 1947ء
☆ قانون آزادی ہند کا مسودہ ''دارالعوام'' میں پیش ہوا	24 جون 1947ء
☆ دارالعوام نے اسے پاس کیا	15 جولائی 1947ء
☆ دارالامرا نے پاس کیا	16 جولائی 1947ء
☆ شاہی منظوری حاصل ہوگئی	18 جولائی 1947ء
☆ عبوری حکومتیں قائم ہوئیں	20 جولائی 1947ء
☆ قائداعظم کراچی پہنچے	7 اگست 1947ء
☆ پاکستان دستور یہ کا پہلا اجلاس جوگندر ناتھ منڈل نے صدارت کی	10 اگست 1947ء
☆ قائداعظم کو صدرِ دستور ساز اسمبلی منتخب کیا گیا	11 اگست 1947ء
☆ پاکستان کے قیام کا باقاعدہ اعلان	14 اگست 1947ء
☆ قائداعظم نے بطور گورنر جنرل حلف اٹھایا	15 اگست 1947ء
☆ ریڈکلف ایوارڈ کا اعلان	17 اگست 1947ء

مختصر سوالات Short Questions

☆ کتاب الہند کے مصنف کا نام لکھیے؟
❖ ابوریحان البیرونی
☆ سائنٹیفک سوسائٹی کس نے اور کب قائم کی؟
❖ سرسید احمد خان۔ 1863ء
☆ کس وائسرائے نے سبسڈی ایری سسٹم (امدادی نظام) کے ذریعے برصغیر کی ریاستوں کو غلام بنایا؟
❖ لارڈ ویلزلی
☆ جنگ آزادی 1857ء میں کس ہندو عورت نے انگریز کے خلاف جنگ لڑی؟
❖ لکشمی بائی۔ جھانسی کی رانی
☆ قائداعظم محمد علی جناح کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ❖ 25 دسمبر 1876ء' کراچی
☆ یوپی میں ہندی رسم الخط جاری کرنے کا حکم کس نے جاری کیا؟
❖ انٹونی میکڈونلڈ' گورنر یوپی
☆ بیسویں صدی کے آغاز میں اردو کی حمایت میں کس نے تحریک چلائی؟ ❖ نواب محسن الملک
☆ جلیانوالہ باغ میں فائرنگ کا حکم کس جرنیل نے دیا؟ ❖ جنرل ڈائر
☆ برصغیر جنوبی ایشیا میں شدھی تحریک کا بانی کون تھا؟ ❖ شردہانند
☆ تقسیم بنگال کے خلاف تحریک کس نے چلائی اس تحریک کا کیا نام رکھا تھا؟
❖ کانگرس' سودیشی تحریک
☆ برصغیر جنوبی ایشیا میں تھیوسافیکل سوسائٹی (Theosophical Society) کس نے قائم کی؟
❖ اینی بیسنٹ
☆ ہندوستان میں تھیوسافیکل سوسائٹی کا مقصد کیا قرار پایا؟ ❖ پرانے مذاہب کی بحالی
☆ آریہ سماج کس نے اور کب قائم کی؟
❖ مولا شنکر برہمن جس کو دیانند سرسوتی کے نام سے شہرت ملی' 1875ء میں
☆ آریہ سماج کا بنیادی نعرہ کیا تھا؟ ❖ ہندوستان صرف ہندوستانیوں کے لئے ہے
☆ آریہ سماج کا مرکز کہاں تھا؟
❖ 1875ء میں بمبئی میں تھا 1877ء میں لاہور منتقل ہو گیا
☆ لاہور میں آریہ سماج کا مرکز کہاں تھا اور کب قائم ہوا؟
❖ 1877ء میں کچہری کے سامنے ڈی اے وی کالج جواب اسلامیہ کالج سول لائنز کہلاتا ہے
☆ بت پرست ہندوؤں نے لاہور میں کونسا تعلیمی ادارہ قائم کیا؟
❖ سناتن دھرم کالج جواب ایم اے او کالج ہے
☆ پنجاب حکومت کے خلاف تحریک میں کون سا مسلمان طالب علم شہید ہوا' کہاں؟ وہ کس کالج کا طالب علم تھا؟

☆ گاندھی اروِن پیکٹ کن کے درمیان کب ہوا؟
❖ موہن داس کرم چند گاندھی اور وائسرائے لارڈ اروِن کے درمیان فروری 1931ء میں
☆ دوسری گول میز کانفرنس کے دوران برصغیر کی کن اقلیتوں نے باہمی معاہدہ کرکے اپنے حقوق کا تقاضہ کیا؟
❖ مسلمان، سکھ، عیسائی، اچھوت اور اینگلو انڈین
☆ کمیونل ایوارڈ کس نے اور کب دیا؟
❖ برطانیہ کے وزیراعظم ریمزے میکڈانلڈ نے 16 اگست 1932ء کو
☆ پونا پیکٹ کب اور کس کس کے درمیان ہوا؟
❖ 1932ء کانگرس اور اچھوت لیڈر ڈاکٹر امبید کر کے درمیان
☆ خاکسار تحریک کی بنیاد کس نے اور کب رکھی اس کا نشان کیا تھا؟
❖ 1931ء میں علامہ عنایت اللہ مشرقی نے، نشان بیلچہ تھا
☆ Now or Never کو کس نے لکھا اور کب شائع کیا؟
❖ چودھری رحمت علی نے۔ جنوری 1933ء میں
☆ صوبہ سندھ کو بمبئی سے کب الگ کیا گیا؟
❖ یکم اپریل 1936ء کو
☆ مسلم یونٹی بورڈ کس کی کوششوں سے قائم ہوا اس میں کون کون سی جماعتیں شامل تھیں؟
❖ چودھری خلیق الزماں، مسلم کانفرنس، جمعیت العلمائے ہند اور مسلم نیشنلسٹ پارٹی
☆ کن سالوں میں آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس منعقد نہ ہو سکے؟
❖ 1914, 1922, 1932, 1934, 1935, 1939
☆ آل انڈیا مسلم لیگ کا آخری اجلاس عام کب منعقد ہوا؟
❖ 1943ء میں اس کے بعد مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں فیصلے ہوتے رہے
☆ قائداعظم نے جمعیت العلمائے ہند کے کس اجلاس میں کب اور کہاں شرکت کی؟
❖ اپریل 1936ء۔ دہلی
☆ 1937ء کے انتخابات میں پنجاب اسمبلی میں کون سا واحد مسلم لیگی امیدوار کامیاب ہوا؟
❖ ملک برکت علی۔ دوسرا ممبر راجہ غضنفر علی خان تھا جو یونینسٹ پارٹی میں شامل ہوگیا
☆ کانگرسی وزارتوں نے کون سا متنازعہ ترانہ قومی ترانہ قرار دیا؟
❖ بندے ماترم
☆ کانگرسی وزارتوں میں مخلوط قومیت کی تخلیق کے لیے کون سا نظام تعلیم رائج کیا گیا؟ اور اس کو کس نے تشکیل دیا؟
❖ واردھا سکیم۔ ڈاکٹر ذاکر حسین نے
☆ پیر پور کمیٹی کا سربراہ کون تھا اس میں کتنے ارکان تھے اور اس نے کب رپورٹ پیش کی؟
❖ راجہ محمد مہدی آف پیر پور 8 ارکان، 19 نومبر 1938
☆ مسلمانوں نے واردھا سکیم کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اس کے کن لازمی حصوں کو ہدف

تنقید بنایا؟
❖ موسیقی، مخلوط تعلیم

☆ مولانا مودودی نے واردھا سکیم پر تنقید کرتے ہوئے کس پہلو کی نشاندہی کی؟
❖ انہوں نے لکھا کہ اس سے مسلمان بچے اسلامی شعور کی بجائے کبیر بنتی شعور لے کر پروان چڑھیں گے

☆ صوبہ بہار کی مسلم لیگ نے کانگرس زیادتیوں کے بارے میں رپورٹ کس نام سے اور کب شائع کروائی؟
❖ شریف رپورٹ 4 مارچ 1939ء

☆ ''کانگرس راج میں مسلمانوں کے مصائب'' کس رہنما نے مرتب کی؟
❖ مولوی فضل الحق آف بنگال

☆ قائداعظمؒ کی ہدایت پر یوم نجات کب اور کیوں منایا گیا؟
❖ 22 دسمبر 1939ء کانگرسی وزارتوں کے مستعفی ہونے پر

☆ ''قائداعظم زندہ باد'' کا نعرہ سب سے پہلے کس نے اور کہاں لگایا تھا؟
❖ لاہور کے میاں فیروز الدین۔ پٹنہ سٹیشن دسمبر 1938ء میں

☆ محمد علی جناح کو ''قائداعظم'' کا خطاب کس نے کب دیا؟
❖ مولانا مظہرالدین ایڈیٹر الامان اکتوبر 1938ء

☆ راجہ صاحب محمود آباد آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پہلے صدر تھے ان کا اصل نام کیا تھا؟
❖ امیر احمد خان

☆ 1937ء کے اجلاس لکھنؤ میں کن علماء نے قائداعظم کو تعاون کا یقین دلایا تھا؟
❖ مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا ظفر احمد عثمانی، مفتی محمد شفیع، مولانا عبدالحامد بدایونی مولانا محمد ابراہیم سیالکوٹی، پیر صاحب مانکی شریف

☆ سکندر جناح پیکٹ کب ہوا؟ ❖ 1937ء اجلاس لکھنؤ کے دوران

☆ یوم شہید گنج کب منایا گیا؟ ❖ 18 فروری 1938ء

☆ قائداعظم کی صدارت میں مسلمانوں کے لیے الگ وطن کی قرارداد سب سے پہلے کب اور کہاں پاس ہوئی؟
❖ سندھ مسلم لیگ کانفرنس، کراچی، اکتوبر 1938ء

☆ 1937ء کے انتخابات میں مسلم اکثریت کے صوبوں میں کون سی علاقائی مسلمان جماعتیں کامیاب ہوئیں؟
❖ سندھ میں سر عبداللہ ہارون کی سندھ یونائیٹڈ پارٹی، پنجاب میں سر سکندر حیات کی یونینسٹ پارٹی، سرحد میں صاحبزادہ عبدالقیوم کی فرنٹیئر یونائیٹڈ پارٹی، بنگال میں مولی فضل الحق کی کرشک پرجا پارٹی

☆ علی گڑھ کو 1921ء میں یونیورسٹی کا درجہ ملا تو اس کا چانسلر کس کو بنایا گیا؟ ❖ سر آغا خاں

☆ لکھنؤ میں 1941ء میں پاکستان کانفرنس منعقد ہوئی اور اس کے بعد پورے ملک میں ایسی کانفرنسز ہونے لگیں اس پہلی کانفرنس کا انعقاد کس کی کوششوں سے ہوا؟

❖ چودھری خلیق الزماں

☆ قرارداد پاکستان کب اور کس نام سے پاس کی گئی؟ ❖ 23 مارچ 1940ء قرارداد تقسیم ہند

☆ کس سپیکر نے اس کے لیے قرارداد پاکستان کا نام استعمال کیا؟

❖ امجدی بانو یعنی بیگم مولانا محمد علی جوہر

☆ پہلا یوم پاکستان کب منایا گیا؟ ❖ 19 اپریل 1940ء

☆ قائداعظمؒ نے پہلی مرتبہ پاکستان کا لفظ کب استعمال کیا؟

❖ 19 نومبر 1940ء مرکزی اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے آپ نے اعلان کیا کہ ہم نے حصول پاکستان کو اپنا مطمع نظر بنا لیا ہے۔

☆ دوسری جنگ عظیم کے دوران وائسرائے نے کن چھ مسلمان لیڈروں کو ڈیفنس کونسل کا رکن نامزد کیا؟

❖ فضل الحق، سر سعد اللہ خاں، بیگم شاہنواز خاں، سر ظفر اللہ خاں، سر سکندر حیات اور نواب آف چھتاری

☆ قائداعظم نے ان مسلم ارکان کو مستعفی ہونے کی ہدایت کب کی؟

❖ 24 اگست 1941ء بمبئی کے اجلاس ورکنگ کمیٹی میں

☆ کن ارکان نے قائداعظم کی ہدایت پر استعفیٰ نہ دیا اور ان کے خلاف کیا کارروائی ہوئی؟

❖ سر ظفر اللہ خاں، بیگم شاہنواز خاں دونوں کو 5 سال کے لیے مسلم لیگ سے نکال دیا گیا

☆ قائداعظمؒ نے قوم کو Unity Faith & Discipline کا موٹو کب دیا؟

❖ 19 ستمبر 1941ء اجلاس بنگال مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن میں

☆ کرپس مشن ہندوستان کب پہنچا اور اس کی تجاویز کب شائع ہوئیں؟

❖ 22 مارچ 1942ء / 29 مارچ 1942ء

☆ قائداعظم پر قاتلانہ حملہ کب اور کس نے کیا؟

❖ 26 جولائی 1943ء۔ ایک خاکسار رفیق صابر نے

☆ یوم تشکر کب اور کیوں منایا گیا؟

❖ 2 ستمبر 1943ء کو خاکسار رفیق صابر کے قائداعظم پر قاتلانہ حملہ ناکام ہونے کی خوشی میں

☆ سر سید احمد خان نے "خطباتِ احمدیہ" کیوں لکھی؟

❖ ولیم میور کی کتاب لائف آف محمد کے جواب میں اس میں لگائے گئے الزامات کی تردید کیلئے

☆ سر سید احمد خان کے جاری کردہ رسالہ کا نام کیا تھا؟ ❖ رسالہ تہذیب الاخلاق

☆ سر سید احمد خان نے جنگ آزادی 1857ء کا آنکھوں دیکھا حال کس کتاب میں لکھا؟

❖ تاریخ سرکشی بجنور میں کیونکہ سر سید احمد خان اس وقت بجنور میں صدر امین تھے۔

☆ سرسید احمد خان نے جنگ آزادی 1857ء کے اسباب کا تجزیہ کس کتاب میں کیا۔
❖ رسالہ اسباب بغاوت ہند میں
☆ سرسید احمد خان کی وفات کے بعد علی گڑھ کا ٹرسٹ کا سیکرٹری کسے بنایا گیا؟
❖ ان کی بیٹے سید محمود کو
☆ شبلی نعمانی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے؟
❖ (i) سیرت النعمان (سیرت امام ابوحنیفہ) (ii) الفاروق عمر فاروق اعظمؓ کے حالات (iii) المامون (مامون الرشید کے عہد کا جائزہ) (iv) سیرت النبی (پہلا حصہ)
☆ شبلی نعمانی علی گڑھ سے کب اور کیوں علیحدہ ہوئے۔
❖ 1889ء میں، علی گڑھ کالج کے بارے میں مطمئن نہ تھے۔
☆ شدھی اور سنگھٹن کے جواب میں مسلمانوں نے کون سی تنظیمیں قائم کیں۔ ❖ تبلیغ اور تنظیم
☆ تبلیغ و تنظیم قائم کرنے کی دعوت کس نے دی۔
❖ خواجہ حسن نظامی نے اپنے رسالہ ''منادی'' کے ذریعے
☆ سوامی شروہانند کون تھا؟ ❖ ایک متعصب ہندو جو حضورﷺ کی شان میں گستاخی کرتا تھا۔
☆ شروہانند کو کس نے جہنم رسید کیا۔
❖ قاضی عبدالرشید نے دہلی میں، پستول سے فائر کر کے
☆ کراچی کے شاتم رسول نتھو رام کو کس نے ختم کیا؟ ❖ غازی عبدالقیوم نے
☆ تقسیم بنگال کے بعد مشرقی بنگال کا گورنر کسے بنایا گیا؟ ❖ فلر کو
☆ نواب سلیم اللہ خان آف ڈھاکہ نے تقسیم بنگال کی تنسیخ پر کس ردعمل کا اظہار کیا؟
❖ انہوں نے سیاست سے علیحدگی اختیار کر لی
☆ تقسیم بنگال کے تنسیخ پر وقارالملک کا ردعمل کیا تھا؟
❖ انہوں نے ''ہندوستان میں مسلمانوں کی آئندہ حالت'' ایک مضمون لکھا جس میں انگلستان کی کسی کی جماعت پر اعتبار نہ کرنے اوپر اللہ پر اور نیچے قوت بازو پر اعتماد کرنے کا مشورہ دیا
☆ وفد شملہ کے اہم ترین مطالبات کیا تھے؟
❖ جداگانہ انتخابات، ملازمتوں میں مسلمانوں کا حصہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا قیام
☆ آل انڈیا مسلم لیگ کا صدر دفتر کہاں قائم کیا گیا؟ ❖ دریا گنج، علی گڑھ میں
☆ سر آغا خان نے مسلم لیگ کی صدارت سے کب استعفیٰ دیا؟ ❖ 1912ء میں
☆ سر آغا خان کی جگہ کس کو مسلم لیگ کا صدر بنایا گیا؟
❖ راجہ صاحب آف محمود آباد (نام محمد علی خان)
☆ برطانیہ اور روس نے ایران کے حصے بخرے کب کیے؟ ❖ 1907ء میں
☆ اٹلی نے طرابلس (لیبیا) پر کب حملہ کیا؟ ❖ 1911ء میں

☆ بلقان کی جنگیں کس سال لڑی گئیں؟ ❖ 1912ء

☆ مولانا محمد علی جوہر نے دہلی سے کونسا اردو اخبار جاری کیا؟ ❖ روزنامہ "ہمدرد"

☆ خلافت کمیٹی کی بعد پہلے صدر اور سیکرٹری کون تھے؟

❖ سیٹھ جان محمد چھوٹانی اور سیکرٹری حاجی محمد صدیق کھتری

☆ وفد خلافت کی تشکیل کہاں کی گئی؟ ❖ خلافت کانفرنس امرتسر میں

☆ وفد خلافت نے وائسرے سے ملاقات کب کی؟ ❖ جنوری 1920ء میں

☆ وفد خلافت کا قائد کسے بنایا گیا؟ ❖ ڈاکٹر مختار احمد انصاری کو

☆ وفد خلافت نے برطانوی وزیراعظم سے کب ملاقات کی؟ ❖ 17 اپریل 1920ء

☆ تحریک ہجرت کا کب آغاز کب ہوا؟ ❖ مئی 1920ء میں

☆ جامعہ ملیہ کو کہاں اور کب قائم کیا گیا؟

❖ 1920ء میں جب خلافت کے کارکنوں نے علی گڑھ کالج پر دھاوا بولا

☆ محمد علی جوہر نے کس جگہ تقریر کی جس کی پاداش انہیں دو سال قید کی سزا ملی؟

❖ خلافت کانفرنس کراچی، جولائی 1921ء میں

☆ سوراج پارٹی کس نے اور کب قائم کی؟

❖ موتی لعل نہرو، حکیم اجمل خان نے، انتخابات 1923ء میں حصہ لینے کے لئے

☆ کس ہندو لیڈر نے مسلمانوں کو ان کی تعداد کے مطابق ملازمتیں اور سیٹیں دینے کا وعدہ کیا؟

❖ بنگالی لیڈر سی آر داس نے

☆ 1926ء کے انتخابات میں کون سی ہندو جماعت کامیاب ہوئی؟ ❖ ہندو مہاسبھا

☆ قائداعظم نے کانگرس سے استعفیٰ کب دیا اور کیوں؟

☆ 1920ء میں، وہ گاندھی کی سیتہ گری سیاست کے خلاف تھے

☆ سائمن کمیشن کب سے کب تک ہندوستان میں مقیم رہا۔

❖ 3 فروری 1928ء سے 5 مارچ 1928ء تک اور 11 اکتوبر 1928 سے 12 اپریل 1929ء

☆ آل پارٹیز کانفرنس کا اجلاس جس میں نہرو رپورٹ پاس ہوئی کب منعقد ہوا؟

❖ 28 اگست 1928ء کو عبوری طور پر پاس کیا گیا۔ 28 دسمبر 1928ء حتمی طور پر اس کی توثیق کی گئی۔

☆ یہ کس نے کہا تھا؟

❖ "میں شکار کھیلنے کا شوقین ہوں شکاری کتے خرگوش کا وہ حال نہیں کرتے جو نہرو رپورٹ نے مسلمانوں کا کیا ہے۔" ❖ مولانا شوکت علی

☆ نہرو رپورٹ کو راستوں کی علیحدگی کا مقام (Parting of the ways) کس نے قرار دیا؟

❖ محمد علی جناحؒ نے

☆ نہرو رپورٹ کو "ہندو رپورٹ" کس نے قرار دیا تھا؟

❖ علامہ اقبال نے خطبہ الہ آباد کے موقع پر

☆ 1903ء میں علی گڑھ کالج میں ہڑتال کروائی، کس نے اور کیوں؟

❖ مولانا شوکت علی، یورپین سٹاف کے رویہ کے خلاف

☆ ایم اے کالج علی گڑھ کو یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا تو وائس چانسلر کس کو مقرر کیا گیا؟

❖ ڈاکٹر ضیاء الدین کو

☆ ہندوستان کے انگریز وائسرائے لارڈ منٹو سے مسلم وفد کو ملانے کا منصوبہ کس نے تیار کیا؟

❖ نواب محسن الملک

☆ مولوی سمیع اللہ خان نے علی گڑھ سے علیحدہ ہو کر کون سا ادارہ قائم کیا؟

❖ یونیورسٹی مسلم ہاسٹل الہ آباد

☆ مدو جذر اسلام کس کی تصنیف ہے؟

❖ الطاف حسین حالی کی، ہم اسے مسدس حالی کے نام سے جانتے ہیں

☆ محمڈن پولیٹیکل آرگنائزیشن کس نے اور کب قائم کی؟ ❖ محسن الملک نے 1902ء میں

☆ وفد شملہ نے کس گورنر جنرل سے اور کب ملاقات کی؟

❖ لارڈ کرزن سے یکم اکتوبر 1906ء کو شملہ میں

☆ وفد شملہ کے لئے گورنر جنرل منٹو سے کس نے اور کس کے ذریعے وقت لیا؟

❖ مسٹر ڈبلیو اے جے آرچ بولڈ پرنسپل ایم اے او کالج نے ڈنلپ سمتھ کے ذریعے

☆ تقسیم بنگال کب منسوخ کی گئی اور کس نے کی؟

❖ (i) 12 دسمبر 1911ء، جارج پنجم شاہ برطانیہ

☆ بیسویں صدی کے آغاز میں کس لیڈر نے پان اسلامزم کے ذریعے ملت اسلامیہ میں جان ڈال دی؟ ❖ جمال الدین افغانی

☆ محمد علی جناح مسلم لیگ کے رکن کب اور کہاں بنے؟

❖ 1913ء میں، لندن میں مولانا محمد علی جوہر کی دعوت پر

☆ مسلم لیگ نے اپنا مطمع نظر کب تبدیل کیا اور کس اجلاس میں؟

❖ 1913ء میں۔ اجلاس لکھنؤ میں

☆ برصغیر جنوبی ایشیا میں انتخابات کا آغاز کس قانون کے تحت ہوا؟

❖ انڈین کونسلز ایکٹ 1892ء کی رو سے

☆ جداگانہ انتخاب کا اصول کب تسلیم کیا گیا؟

❖ 1909ء میں منٹو مارلے اصلاحات کی رو سے

☆ گاندھی جی کس گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے؟ ❖ دوسری گول میز کانفرنس

☆ محمد علی جناح کو ہندو مسلم اتحاد کے سفیر کا خطاب کس نے اور کب دیا؟

❖ مسز سروجنی نائیڈو---- تجاویز دہلی مرتب کرنے پر 1927ء میں میثاقِ لکھنؤ

☆ پہلی گول میز کانفرنس کب سے کب تک منعقد ہوئی؟

❖ 12 نومبر 1930ء سے 19 جنوری 1931ء

☆ پہلی گول میز کانفرنس کے دوران کونسے مسلم لیڈر انتقال کر گئے اور کب؟

❖ 4 جنوری 1931ء---- مولانا محمد علی جوہر

☆ گاندھی جی دوسری گول میز کانفرنس میں شامل ہونے پر کیوں آمادہ ہوئے؟

❖ گاندھی اروِن پیکٹ کی وجہ سے جو فروری 1931ء میں ہوا

☆ گاندھی جی نے دوسری گول میز کانفرنس میں کیا موقف اختیار کیا؟

❖ ہندوستان میں صرف ایک قوم بستی ہے وہ ہندوستانی قوم ہے اس کی صرف ایک نمائندہ جماعت ہے اور وہ انڈین نیشنل کانگرس ہے اور اس کا صرف ایک نمائندہ ہے اور وہ میں ہوں

☆ کس لیڈر نے تمام اقلیتوں کو اکٹھا کر کے اقلیتوں کا معاہدہ Minorites Pact پر دستخط کروائے؟

❖ سر آغا خان اور سر محمد شفیع

☆ کیا قائداعظم محمد علی جناحؒ نے تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کی؟

❖ قائداعظم اس میں شریک نہ ہوئے

☆ کیا گاندھی نے تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کی؟ ❖ نہیں، کانگرس نے بائیکاٹ کیا

☆ دوسری گول میز کانفرنس کب سے کب تک منعقد ہوئی؟

❖ 7 ستمبر 1931ء سے یکم دسمبر 1931ء تک

☆ دوسری جنگ آزادی کے دوران آزاد ہند فوج کس نے قائم کی؟

❖ سوبھاش چندر بوس نے

☆ Gentlemen's Agrement کس کس کے درمیان ہوا؟

❖ وائسرے لارڈ لنلتھگو اور مہاتما گاندھی

☆ شریفانہ معاہدہ کا مطلب کیا تھا؟

❖ کانگرس اس شرط پر صوبوں میں وزارتیں بنائے گی کہ انگریز گورنر مسلمانوں کے حقوق کے لئے کانگرس وزارتوں پر دباؤ نہیں ڈالے گی

☆ وادھا سکیم کس کی قیادت میں مرتب ہوئی؟ ❖ ڈاکٹر ذاکر حسین

☆ واردھا سکیم کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

❖ ایک قومی نظریہ کا فروغ اور قوم پرستی کے جذبات پیدا کرنا

☆ وادھا سکیم کے تحت لازمی عناصر کون سے تھے؟ ❖ ☆ مخلوط تعلیم ☆ موسیقی

❖ محمد مالک شہید، سناتن دھرم کالج کے سامنے وہ اسلامیہ کالج کا طالب علم تھا

☆ سکھوں نے لاہور میں کونسا ادارہ قائم کیا؟ ❖ دیال سنگھ کالج لاہور

☆ پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کا مرکز کون سا ادارہ تھا؟ ❖ اسلامیہ کالج لاہور

☆ چوہدری رحمت علی نے کس کالج سے بی اے کیا؟ ❖ اسلامیہ کالج لاہور

☆ پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا؟ ❖ چوہدری رحمت علی

☆ اسلامیہ کالج لاہور میں چوہدری رحمت علی نے کونسی تنظیم قائم کی تھی؟ ❖ بزم شبلی

☆ چوہدری رحمت علی کا تعلق کس برادری سے تھا؟ ❖ گوجر برادری

☆ چودھری رحمت علی کی شادی کب اور کہاں ہوئی؟ ❖ انہوں نے عمر بھر شادی نہیں کی

☆ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن پنجاب کی چند اہم شخصیات کے نام گنوایئے؟

❖ حمید نظامی، مولانا عبدالستار خاں نیازی، ڈاکٹر منیرالدین چغتائی، میاں محمد شفیع م۔ش، ڈاکٹر عبدالسلام خورشید

☆ اسلامیہ کالج کے کون سے پرنسپل نے تحریک پاکستان میں کھل کر حصہ لیا؟

❖ ڈاکٹر عمر حیات ملک

☆ اسلامیہ کالج کے کون سے پرنسپل کو پاکستان کی دستوریہ کا رکن نامزد کیا گیا؟

❖ ڈاکٹر عمر حیات ملک

☆ ڈاکٹر عمر حیات ملک نے سیاست سے علیحدہ ہو کر کیا شغل اختیار کیا؟

❖ وہ پشاور یونیورسٹی میں ریاضی کے پروفیسر بن گئے

☆ شدھی کی تحریک سے کیا مراد ہے؟

❖ مسلمانوں کو دوبارہ ہندو بنا کر شدھ یعنی پاک کرنا

☆ شدھی میں کسی کو دوبارہ ہندو کیسے بناتے تھے؟

❖ پنج رتن کھلا کر یعنی گائے کا پیشاب، گوبر، دودھ، دہی، مکھن ملا کر کھلایا جاتا تھا

☆ دیانند سرسوتی کی کون سی کتاب کو شہرت حاصل ہوئی اور کیوں؟

❖ سیتارتھ پرکاش، اس کا چودھواں باب مسلمانوں کے خلاف زہر سے بھرا ہوا تھا

☆ انڈین نیشنل کانگرس کس نے اور کب قائم کی؟

❖ اے او ہیوم، انگریز بیوروکریٹ، 1885ء میں

☆ کانگرس کے تاسیسی اجلاس کی صدارت کس نے کی؟

❖ ڈبلیو سی بونر جی، وہ ایک بنگالی مسیحی تھا

☆ کانگریس کے ابتدائی اجلاس کے صدارتی خطبہ کا موضوع کیا تھا؟

❖ برکات حکومت برطانیہ

☆ "A Nation in Making" کس کی تصنیف ہے؟ اس کا تعلق کس موضوع سے ہے؟

❖ سریندرناتھ بینرجی؛ اس کا تعلق بنگالی قومیت اور تقسیم بنگال سے ہے
☆ لالہ لاجپت رائے کا تعلق کس صوبہ سے تھا؟ ❖ پنجاب سے
☆ لالہ لاجپت رائے نے تقسیم بنگال کے خلاف تحریک میں کیوں حصہ لیا؟
❖ وہ انتہاء پسند ہندو لیڈر تلک کے ہمسفر تھے
☆ شاہ ولی اللہ کے فک کل نظام کی وضاحت کریں؟
❖ ہمہ گیر اسلامی انقلاب، جس میں زندگی کے تمام پہلوؤں کی برائیوں کی اصلاح اور اسلامی اصولوں پر عمل پر زور دیا گیا تھا
☆ سب سڈی ایری سسٹم کس نے شروع کیا اور اس کا مقصد کیا تھا؟
❖ لارڈ ویلزلی نے اس کا مقصد ان کی حفاظت کے نام پر دیسی ریاستوں میں انگریزی فوجیں داخل کرنا تھا
☆ اصول الحاق سے کیا مراد ہے؟
❖ لارڈ ڈلہوزی کی پالیسی، جس کی رو سے کسی بھی ریاست پر برطانیہ قبضہ کرسکتا تھا، جس کا نظام درست نہ ہو، جس کا حکمران لاولد فوت ہو جائے یا جس پر قبضہ کی ضرورت برطانوی حکومت کے استحکام کے لیے ضروری ہو
☆ جھانسی کی رانی کے متبنی کا نام بتائیے؟ ❖ نانا فرنویس
☆ جنرل بخت خاں کون تھا؟ ❖ 1857ء کی انقلابی جدوجہد کا ایک قائد
☆ جنگ آزادی میں کونسی دو خواتین شامل تھیں؟ ❖ ملکہ حضرت محل اور جھانسی کی رانی
☆ جنگ آزادی کا اختتام کب اور کہاں ہوا؟ ❖ 25 نومبر 1858ء؛ جھانسی
☆ مسلم لیگ کا پہلا دستور کب منظور ہوا؟ ❖ 30 دسمبر 1908ء امرتسر میں
☆ لندن مسلم لیگ کی شاخ کس نے قائم کی؟ ❖ سید امیر علی اور سید حسن بلگرامی
☆ قائداعظم کے والد کا نام تحریر کریں؟ ❖ جناح پونجا بھائی
☆ قائداعظم کی والدہ کا نام کیا تھا؟ ❖ شیریں بائی
☆ قائداعظم نے ابتدائی تعلیم کہاں پائی؟ ❖ مدرسۃ الاسلام، کراچی
☆ قائداعظم کی پہلی شادی کب اور کس سے ہوئی؟ ❖ ایمی بائی، 1882ء
☆ لندن میں قائداعظم نے کون سے ادارہ میں داخلہ لیا اور کیوں؟
❖ نومسلم رتن بائی، بمقام بمبئی 18 اپریل 1918ء پہلی شادی کے تقریباً 25 سال بعد
☆ قائداعظم کی بمبئی والی کوٹھی کا نام تحریر کریں۔ ❖ مونٹ پلیزنٹ
☆ مسلمانوں نے یوم نجات کب اور کیوں منایا؟
❖ 22 دسمبر 1939ء کانگریس وزارتوں کے استعفیٰ پر
☆ قرارداد پاکستان کس نے پیش کی؟ ❖ اے کے فضل الحق۔ مولوی فضل الحق (بنگال)

☆ ''میں ہندوستان کی تقسیم کو ایک گناہ سمجھتا ہوں۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟
❖ موہن داس کرم چند گاندھی
☆ قرارداد پاکستان کی تائید سب سے پہلے کس نے کی؟ ❖ چودھری خلیق الزمان
☆ کس خاتون نے قرارداد پاکستان کی حمایت میں تقریر کی؟ ❖ امجدی بانو بیگم محمد علی جوہر
☆ قرارداد پاکستان کا فوری ترجمہ اردو میں کس نے کیا؟ ❖ مولانا ظفر علی خاں
☆ قرارداد پاکستان کی تائید یوپی، سرحد، بلوچستان اور پنجاب سے کن لوگوں نے کی؟
❖ یوپی (خلیق الزمان) سرحد (سردار اورنگزیب) بلوچستان (قاضی عیسیٰ) پنجاب (ظفر علی خاں)
☆ پنجاب یونینسٹ پارٹی کے بانی کا نام کیا تھا؟ ❖ سر فضل حسین
☆ 1937ء کے انتخابات کے بعد پنجاب کے وزیراعلیٰ کون مقرر ہوئے؟
❖ سرسکندر حیات خاں
☆ قرارداد پاکستان کے لیے تاریخی سٹیج کے معمار کا نام لکھیں؟
❖ حاجی الف دین، وفات 21 مئی 1981ء بہ عمر 110 سال
☆ سرسکندر حیات قرارداد پاکستان کی حمایت میں تقریر کیوں نہ کر سکے؟
❖ خاکساروں پر ظلم کی وجہ سے ان کے خلاف شدید ردعمل پایا جاتا تھا
☆ خاکسار تحریک کے بانی کا نام تحریر کریں؟ ❖ علامہ عنایت اللہ المشرقی
☆ ایمان، اتحاد، نظم وضبط کا نعرہ قائداعظم نے کب لگایا؟ ❖ اکتوبر 1941ء
☆ ''ہندوستان چھوڑ دو'' کی تحریک کب اور کس نے شروع کی؟
❖ اگست 1942ء انڈین نیشنل کانگریس
☆ ''پاکستان اسی دن وجود میں آ گیا تھا، جب ہندوستان میں پہلا ہندو مسلمان ہوا۔''
قائداعظم نے کب اور کہاں فرمایا؟ ❖ 8 مارچ 1944ء مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
☆ ''شوبوائے آف کانگریس'' کے ریمارکس قائداعظم نے کس کے لیے استعمال کیے؟
❖ مولانا ابوالکلام آزاد
☆ ویول پلان پر قائداعظم کا تبصرہ کیا تھا؟ ❖ ایک جال اور ایک پھندا
☆ کابینہ مشن کے ممبران کی تعداد اور نام کیا تھا؟
❖ تین، لارڈ پیتھک لارنس، سرسٹیفورڈ کرپس اور اے۔وی۔الیگزینڈر
☆ مسلم لیگ کے بغیر کانگریس کی عبوری حکومت نے کب حلف اٹھایا؟ ❖ 2 ستمبر 1946ء
☆ مسلم لیگ کی عبوری حکومت میں شرکت کب ہوئی اور اس کے ممبران کے نام کیا تھے؟
❖ 13 اکتوبر 1946ء لیاقت علی خاں، آئی آئی چندریگر، عبدالرب نشتر، راجہ غضنفر علی خاں اور جوگندر ناتھ منڈل
☆ علی گڑھ کے کسی ایک پرنسپل کا نام لکھیے، جس نے مسلمانوں کے مطالبات منوانے میں

ان کا ساتھ دیا ہو؟ ❖ آرچ بولڈ/ بیک

☆ وقار الملک کا اصل نام کیا تھا؟ ❖ مولوی مشتاق حسین

☆ محسن الملک کا اصل نام کیا تھا؟ ❖ مولوی مہدی علی خاں

☆ برہمو سماج کا بانی کون تھا؟ ❖ راجہ رام موہن رائے

☆ تھیوسوفیکل سوسائٹی کو برصغیر میں کس نے قائم کیا؟ ❖ مسز اینی بیسنٹ

☆ ہوم رول لیگ کی بمبئی برانچ کو کس نے منظم کیا؟ ❖ محمد علی جناح

☆ محمد علی جناح کا کس گورنر بمبئی کے ساتھ ٹکراؤ ہوا؟ ❖ ولنگڈن

☆ کانگرس کی تشکیل کہاں ہوئی؟ ❖ گوکل داس تیج پال سنسکرت کالج، کلکتہ

☆ دارالعلوم دیوبند کی بنیاد کس نے رکھی؟ ❖ مولوی فضل الرحمٰن اور مولوی ذوالفقار علی

☆ دارالعلوم دیوبند کا نام کس کے نام پر رکھا گیا؟

❖ مولانا محمد قاسم نانوتوی کے نام پر قاسم العلوم

☆ ندوۃ العلماء لکھنؤ سے متعلق دو اہم ترین شخصیات کے نام لکھئے۔

❖ مولانا شبلی نعمانی، سید سلیمان ندوی

☆ علی جناح کے لیے قائداعظم کا خطاب کس نے تجویز کیا؟

❖ مولانا مظہر الدین، ایڈیٹر ''الامان'' دہلی

☆ سر آغا خاں کا پورا نام بتایئے؟ ❖ سلطان محمد شاہ آغا خاں سوم

☆ 1929ء میں قائداعظم محمد علی جناح اور سر شفیع کے درمیان کس نے مصالحت کروائی؟

❖ حکیم اجمل خاں

☆ آل پارٹیز مسلم کانفرنس 1928ء کی صدارت کس نے کی؟ ❖ سر آغا خاں

☆ آل پارٹیز مسلم کانفرنس کا اہتمام کس نے کیا؟ ❖ سر محمد شفیع / سر فضل حسین

☆ سائمن کمیشن کب برصغیر آیا؟ ❖ 3 فروری 1928ء

☆ نہرو رپورٹ کب پاس ہوئی؟

❖ عبوری طور پر اگست 1928ء میں، حتمی طور پر دسمبر 1928ء

☆ قائداعظم کے چودہ نکات کب پیش ہوئے؟ ❖ اپریل 1929ء

☆ اقبال نے سب سے پہلے کن اخبارات ورسائل میں لکھا؟

❖ ''پیسہ اخبار'' / ''مخزن''

☆ اقبال کے استاد، جو علی گڑھ میں بھی استاد رہے؟ ❖ سر ٹامس آرنلڈ

☆ ''ہندو ڈنڈی مار گیا ہے'' کس نے اور کب کہا؟ ❖ علامہ اقبال نے، میثاق لکھنؤ پر تبصرہ کیا تھا

☆ ''یہ راستوں کی علیحدگی ہے'' کس نے اور کب کہا؟

❖ محمد علی جناحؒ، نہرو رپورٹ کے بعد کلکتہ ریلوے سٹیشن پر

☆ تاج برطانیہ نے ہندوستان کا اقتدار سنبھالا تو کس کو وائسرائے مقرر کیا؟
❖ لارڈ کیننگ کو
☆ سرسید احمد خاں نے اردو کے دفاع کے لیے کون سی تنظیم بنائی اور کب؟
❖ 1873ء میں اردو ڈیفنس آف اردو سوسائٹی
☆ یوپی کے گورنر انٹونی میکڈانلڈ نے عدالتوں اور تعلیمی اداروں میں ہندی کو کب رائج کیا۔
❖ 18 اپریل 1900ء
☆ کس گورنر نے مسلمانوں کے مطالبہ پر ہندی کے ساتھ اردو کو بھی رائج کر دیا۔ ❖ جیمز لاٹوشے
☆ سرسید کے جاری کردہ اس رسالے کا نام بتائیے جس کا ایک کالم اردو میں دوسرا انگریزی میں ہوتا تھا۔
❖ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ
☆ سرسید احمد خاں نے خطبات احمدیہ، کس کتاب کے جواب میں تحریر کی؟
❖ لائف آف محمد جس کا مصنف سر ولیم میور تھا
☆ ایم اے او ہائی سکول علی گڑھ کا افتتاح کس نے اور کب کیا؟
❖ سر ولیم میور نے 12 نومبر 1875ء کو
☆ ایم اے او کالج علی گڑھ کا افتتاح کس نے اور کب کیا؟
❖ لارڈ لٹن نے 8 جنوری 1877ء کو
☆ اینگلو اورینٹل ایسوسی ایشن کس نے اور کب قائم کی؟ ❖ سرسید احمد خاں 1893ء
☆ نواب عبداللطیف نے بنگال میں کون سی تنظیم قائم کی تھی؟ ❖ محمڈن لٹریری سوسائٹی
☆ سپرٹ آف اسلام کس نے اور کب لکھی؟ ❖ جسٹس امیر علی سید 1902ء
☆ اس ہندو لیڈر کا نام بتائیے جس کی قیادت میں 1893ء میں پہلا بڑا ہندو مسلم فساد ہوا؟
❖ بال گنگا دھر تلک۔ بمبئی میں
☆ بنکم چندر چیٹر جی کے اس ناول کا نام بتائیے جس میں بندے ماترم، کا ترانہ آتا تھا۔
❖ انند متھ
☆ انند متھ کا لغوی مفہوم کیا ہے؟ ❖ خوشیوں کا مندر
☆ قائداعظم محمد علی جناحؒ نے اپنی ابتدائی تعلیم کس ادارے سے حاصل کی؟
❖ سندھ مدرسۃ الاسلام کراچی
☆ سندھ مدرسہ الاسلام کراچی کس نے اور کب قائم کیا تھا؟
❖ حسن علی آفندی نے 1885ء میں
☆ قائداعظم نے سندھ مدرسۃ الاسلام میں کب داخلہ لیا؟ ❖ 4 جولائی 1887ء
☆ لارڈ میو کو کس نے اور کہاں قتل کیا تھا؟ ❖ ایک پٹھان شیر علی نے۔ جزائر انڈیمان میں
☆ ندوۃ العلماء لکھنؤ کس نے اور کب قائم کیا تھا؟ ❖ مولوی سید محمد علی کانپوری 1894ء میں

☆ تقسیم بنگال کب ہوئی اور کب منسوخ ہوئی؟ ❖ 16 اکتوبر 1905ء، 12 دسمبر 1911ء

☆ مسلم لیگ کا نام، آل انڈیا مسلم لیگ، کس نے تجویز کیا تھا۔ ❖ سر محمد شفیع

☆ آل انڈیا مسلم لیگ کے پہلے سیکرٹری جنرل کا نام بتائیے؟ ❖ سید حسین بلگرامی

☆ مسلم لیگ کے تاسیسی اجلاس کی صدارت کس نے کی؟ ❖ نواب وقار الملک

☆ مسلم لیگ کا دستور جس کمیٹی نے بنایا اس کے سربراہ کا نام بتائیے؟ ❖ مولانا محمد علی جوہر

☆ پنجاب مسلم لیگ کی شاخ کس نے اور کب قائم کی؟ ❖ سر محمد شفیع، یکم دسمبر 1907ء

☆ لندن مسلم لیگ کی شاخ کس نے اور کب قائم کی؟ ❖ امیر علی سید، 6 مئی 1908ء

☆ 1919ء کے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں ایک شخصیت کی تصویر نے اجلاس کی صدارت کی وہ شخصیت کون تھی؟ ❖ مولانا محمد علی جوہر جو قید میں تھے

☆ آل انڈیا مسلم لیگ کے زیر اہتمام کون سا جریدہ اور کس کی ادارت میں اور کہاں سے شائع ہوتا تھا؟ ❖ ہفتہ روزہ منشور، سید حسن ریاض، دہلی

☆ سر آغا خاں کب تک آل انڈیا مسلم لیگ کے مستقل صدر رہے؟ ❖ 1912ء تک

☆ سر آغا خاں کے استعفیٰ کے بعد مسلم لیگ کا صدر کسے منتخب کیا گیا؟ ❖ راجہ صاحب محمود آباد

☆ قائداعظم کب سے کب تک مسلم لیگ اور کانگرس دونوں کے ممبر رہے؟

❖ 1913ء سے 1920ء تک

☆ بمبئی میں قائداعظم کے نام سے منسوب ہونے والا ہال کب، کس نام سے اور کیوں تعمیر ہوا؟ لارڈ ولنگڈن کی جناح پیپلز میموریل ہال، افتتاح سروجنی نائیڈو کے ہاتھوں 1921ء میں، الوداعی تقریب کے بائیکاٹ کی یاد میں

☆ گاندھی جی نے ہوم رول لیگ کا نیا نام کیا رکھا تھا؟ ❖ سوراج سبھا

☆ رولٹ ایکٹ کب پاس ہوا؟ ❖ مارچ 1919ء

☆ وفد خلافت نے جنوری 1920ء میں وائسرائے سے ملاقات کی۔ وفد کا قائد کون تھا اور وائسرائے کون؟

❖ قائد مختار احمد انصاری، وائسرائے لارڈ چمسفورڈ

☆ انگلستان جانے والے وفد خلافت کے ارکان کے نام بتائیے۔

❖ مولانا محمد علی جوہر، سید سلیمان ندوی، حسن محمد حیات، سید حسین امام

☆ تحریک ہجرت کن علماء کے فتویٰ کے باعث اور کب شروع ہوئی؟

❖ مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا عبدالباری فرنگی محلی۔ مئی 1920ء

☆ تحریک خلافت کے دوران کس قوم نے کہاں بغاوت کی تھی؟ ❖ موپلا قوم نے ساحل مالا بار پر

☆ سوامی شردھانند کو کس نے قتل کیا؟ ❖ غازی عبدالرشید

☆ کس مسلمان رہنما نے 1921ء میں اجلاس مسلم لیگ کی صدارت کرتے ہوئے مکمل آزادی

کا مطالبہ کیا تھا اور انہیں حکومت نے کتنی سزا سنائی تھی؟

❖ مولانا حسرت موہانی نے، 23 سال قید سخت کی سزا دی گئی تھی

☆ کسی واقعہ کی وجہ سے گاندھی نے تحریک خلافت کی سرگرمیاں معطل کیں اور وہ واقعہ کب پیش آیا؟ ❖ واقعہ چوری چورا۔ 4 فروری 1922ء

☆ رنگیلا رسول، کے پبلشر راج پال کو کس نے جہنم رسید کیا؟ ❖ غازی علم الدین شہید

☆ کراچی کے شاتم رسول نتھو رام کو کس نے قتل کیا؟ ❖ غازی عبداللہ

☆ تجاویز دہلی، مرتب کرنے والا مسلم قائدین کا اجلاس کہاں اور کب منعقد ہوا تھا؟

❖ ویسٹرن ہوٹل دہلی میں، 20 مارچ 1927ء کو

☆ جداگانہ اور مخلوط انتخاب کے مسئلہ پر مسلم لیگ کب دو حصوں میں بٹ گئی؟ ❖ نومبر 1927ء

☆ لاہور مسلم لیگ کے سربراہ کون تھے اور کلکتہ مسلم لیگ کے قائد کون؟

❖ لاہور مسلم لیگ سر محمد شفیع، کلکتہ مسلم لیگ محمد علی جناحؒ

☆ قائداعظمؒ نے سالانہ اجلاس مسلم لیگ نومبر 1927ء کی صدارت سر شفیع کی بجائے کس کو سونپی؟

❖ سر محمد یعقوب کو

☆ قائداعظم اور سر شفیع کے درمیان 1929ء میں مصالحت ہوگئی۔ یہ مصالحت کس نے کروائی؟

❖ حکیم اجمل خاں

☆ سائمن کمیشن کے ان دو ارکان کے نام بتائیے جو بعد میں کابینہ مشن میں بھی شامل تھے؟

❖ سر پیتھک لارنس، اے وی الیگزینڈر

☆ نہرو رپورٹ مرتب کرنے والی کمیٹی کا سربراہ کون تھا۔ یہ کمیٹی کس کی تجویز پر بنی؟

❖ سربراہ موتی لال نہرو تجویز، گاندھی جی

☆ نہرو کمیٹی میں مسلمان ارکان کتنے تھے ان کے نام بتائیے؟

❖ 19 میں سے صرف 2 علی امام اور محمد شعیب قریشی

☆ مسجد شہید گنج کہاں واقع ہے؟ ❖ نولکھا بازار لاہور

☆ مسجد شہید گنج کو گوردوارہ بنانے کے خلاف مزاحمت کس تنظیم نے کس کی سربراہی میں کی؟

❖ مجلس اتحاد ملت نے، مولانا ظفر علی خاں کی قیادت میں

☆ "نیلی پوش"، تنظیم کس نے قائم کی اور کیوں؟

❖ مولانا ظفر علی خان مجلس اتحاد ملت کے رضاکار نیلی وردی پہنتے تھے

☆ الٰہ آباد کے جس اجلاس مسلم لیگ میں علامہ اقبالؒ نے تصور پاکستان دیا اس کے آغاز میں کس شاعر نے اپنا کلام پیش کیا؟ ❖ حفیظ جالندھری

☆ مولانا محمد علی جوہر نے کب وفات پائی اور انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

❖ 4 جنوری 1931ء مسجد عمر بیت المقدس کے احاطہ میں

مختصر سوالات (Short Questions)
جو مختلف بورڈز کے امتحانات میں سیٹ ہوئے

- جنگ آزادی کا آغاز کب ہوا؟
  ☆ 10 مئی 1857ء
- وقار الملک کا اصل نام کیا تھا؟
  ☆ مولوی مشتاق حسین
- حضرت مجدد الف ثانی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
  ☆ 15 جون 1564ء (971ھ)۔ سرہند شریف
- البیرونی کی شہرہ آفاق کتاب کونسی ہے؟
  ☆ کتاب الہند (کتاب ماللہند)
- جنگ آزادی میں کونسی دو خواتین شامل تھیں؟
  ☆ لکشمی بائی (جھانسی کی رانی) ملکہ حضرت محل (لکھنؤ)
- ائیل محمڈنز آف انڈیا نامی کتاب کا مصنف کون تھا؟
  ☆ سرسید احمد خان
- قرآن پاک کا ترجمہ فارسی میں کس نے کیا؟
  ☆ شاہ ولی اللہ دہلوی
- مدرسہ رحیمیہ کس نے بنایا؟
  ☆ شاہ عبدالرحیمؒ۔ شاہ ولی اللہ کے والد محترم
- برہمو سماج کا بانی کون تھا؟
  ☆ راجہ رام موہن رائے
- مجدد الف ثانی کا اصل نام کیا تھا؟
  ☆ شیخ احمد (سرہندی)
- جنگ آزادی کا آغاز کس شہر میں ہوا؟
  ☆ میرٹھ 10 مئی 1857ء
- انڈین نیشنل کانگرس کا بانی کون تھا؟
  ☆ اے او ہیوم
- تقسیم بنگال کب منسوخ ہوئی؟
  ☆ 12 دسمبر 1911ء
- قائداعظم مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟
  ☆ 30-31 دسمبر 1916ء پہلی دفعہ۔ 1937ء کے بعد مسلسل 1947ء تک۔
- کانگرس کا شو بوائے کسے کہا جاتا ہے؟
  ☆ ابوالکلام آزاد
- اسلامیہ کالج پشاور کس نے اور کب قائم کیا؟
  ☆ صاحبزادہ عبدالقیوم خان 1913ء
- مسلم لیگ کا پہلا دستور کب اور کہاں منظور ہوا؟
  ☆ 29-30 دسمبر 1907 کراچی
- پیر پور رپورٹ کیا تھی؟
  ☆ کانگرسی وزارتوں کے مسلمانوں کے ساتھ مظالم پر راجہ سید محمد مہدی آف پیر پور کی قیادت میں قائم کمیٹی نے مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ 26 تا 28 دسمبر 1938ء میں اپنی رپورٹ پیش کی جو پیر پور رپورٹ کے نام سے مشہور ہوئی۔
- تحریک ہجرت کا آغاز کب ہوا؟
  ☆ 1920ء۔ کم وبیش اٹھارہ ہزار مسلمان اپنی جائیدادیں اونے پونے داموں بیچ کر افغانستان چلے گئے۔
- پونا پیکٹ کے دو نکات لکھئے۔
  ☆ (i) اچھوت لیڈر ڈاکٹر امبید کر جداگانہ انتخاب نہ لینے پر راضی ہو گئے گویا وہ ہندو قوم کا حصہ بن گئے اور انہوں نے اونچی ذات کے ہندوؤں کی قیادت قبول کر لی۔ (ii) اچھوتوں سے وعدہ کیا گیا کہ جنرل نشستوں میں سے ایک حصہ ان کے لئے مخصوص کر دیا جائے گا۔
- پہلی خلافت کانفرنس کب منعقد ہوئی؟
  ☆ 23 نومبر 1919ء۔ دہلی میں منعقد ہوئی۔

۞ جنگ عظیم اول کا خاتمہ کب ہوا؟
☆ 1918ء
۞ خلافت وفد کے دو ارکان کے نام لکھئے۔ ☆ محمد علی جوہر، سید سلیمان ندوی، حسن محمد حیات، سید حسین امام
۞ ترنگا جھنڈا کیا ہے؟ ☆ کانگرس کا جھنڈا جس کو کانگرسی وزارتوں کے زمانے میں سرکاری عمارات پر لگایا جانے لگا۔
۞ سر سکندر حیات کون تھے؟
☆ پنجاب کے وزیر اعظم، یونینسٹ پارٹی کے سربراہ، مرکزی حکومت میں اہم کردار، قرارداد لاہور کو مرتب کرنے میں بھی حصہ۔ مسلم لیگ سے مفاہمت تھی (سکندر جناح پیکٹ 10 جولائی 1937ء) وفات 26 دسمبر 1942ء
۞ آل انڈیا مسلم لیگ نے ڈائریکٹ ایکشن کا اعلان کب اور کیوں کیا؟
☆ 16 اگست 1946ء، کیونکہ لارڈ ویول نے نہرو کو وزارت سازی کی دعوت دی حالانکہ کابینہ مشن پلان میں اعلان کیا گیا تھا کہ جو پارٹی اس کو مسترد کر دے گی وہ کابینہ میں شامل نہ ہو گی۔
۞ پنجاب اور بنگال باؤنڈری کمیشن کے چیئرمین کون تھے؟
☆ سر سیرل ریڈکلف
۞ دوسری گول میز کانفرنس کب اور کہاں ہوئی؟
☆ 7 ستمبر تا یکم دسمبر 1931ء
۞ ڈاکٹر امبیدکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
☆ اچھوت لیڈر، اعلیٰ تعلیم یافتہ شخص، پونا پیکٹ میں بلند ذات ہندوؤں کی سیادت قبول کی۔ کانگرس کی بدعہدیوں پر پریشان ہوئے۔ یہاں تک کہ مذہب بھی تبدیل کر لیا۔
۞ گاندھی ارون پیکٹ کیا تھا؟
☆ گاندھی جی نمک کی ستیہ گرہ کرنے کی وجہ سے جیل میں تھے وہیں سے انہوں نے وائسرائے کو صلح کے پیغام بھیجے اور لارڈ ارون کے ساتھ ان کی مصالحت ہو گئی وہ دوسری گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے۔ (1931ء)
۞ کانگرس نے ''ہندوستان چھوڑ دو تحریک'' کب اور کیوں چلائی؟
☆ قرارداد 7 اگست 1942ء، وائسرائے کو مرعوب کر کے کانگرسی وزارتیں بحال کروانے کی کوشش گاندھی کی قیادت، تقسیم ملک کی ہر تجویز کی مخالفت کا فیصلہ، مسلمانوں نے اس کو اپنے خلاف قرار دیا۔ تحریک فیل ہو گئی اور کانگرس ورکنگ کمیٹی ساری جیل میں ڈال دی گئی۔
۞ کرشک پرجا پارٹی پر مختصر نوٹ لکھئے۔
☆ بنگال میں اے کے فضل الحق کی جماعت تھی جو کسانوں کی فلاح کے لئے 1915ء میں قائم کی گئی۔ 1924ء میں اسے سیاسی جماعت بنا دیا گیا فضل الحق نے 1937ء کے انتخابات کے بعد بنگال میں وزارت بنائی بعد میں مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔
۞ سر سید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ☆ 17 اکتوبر 1817ء۔ دہلی میں پیدا ہوئے۔
۞ آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
☆ تحریک پاکستان کا ہراول دستہ تھی علی گڑھ یونیورسٹی میں قائم ہوئی اس کی پنجاب برانچ نے 1946ء کے انتخابات میں بہت اہم خدمات انجام دیں اس کا مرکز اسلامیہ کالج لاہور تھا مولانا عبدالستار خان اور قاضی عیسیٰ جیسے لیڈر اور حمید نظامی جیسے صحافی اس سے متعلق تھے۔
۞ لارڈ ماؤنٹ بیٹن منصوبے کے دو نکات بیان کیجئے۔
☆ (i) پنجاب اور بنگال کے مسلم اکثریت اور ہندو اکثریت کے اضلاع کے نمائندوں کے الگ الگ اجلاس اگر

کوئی ایک گروپ بھی تقسیم کا مطالبہ کرے تو صوبہ تقسیم کردیا جائے گا۔ (ii) سندھ اسمبلی کے ارکان کثرت رائے سے فیصلہ کریں گے کہ وہ پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا ہندوستان میں

۞ کیونل ایوارڈ کے دو نکات بیان کیجئے۔

☆ (i) ضلع گورداسپور کی تحصیل پٹھانکوٹ اور گورداسپور اور بٹالہ ہندوستان کے حوالے کرکے کشمیر پہنچنے کا راستہ دیا گیا (ii) ضلع فیروزپور کی مسلم اکثریت کی تحصیلیں فیروزپور اور زیرہ آخر وقت ہندوستان کے حوالے کردیں۔

۞ علامہ اقبال کے ''تصور پاکستان'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

☆ علامہ اقبال کے خطبہ الٰہ آباد 1930ء میں شمال مغربی ہندوستان کے مسلم اکثریت کے صوبوں (پنجاب، سرحد، سندھ اور بلوچستان) پر مشتمل اسلامی ریاست کا مطالبہ کیا اس ریاست کے معنی ہوں گے تحفظ اور امن اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا سنہری موقعہ ملاحظہ ہو کتاب ہذا ص 198

۞ انڈین نیشنل کانگرس کس انگریز نے قائم کی؟ ☆ A.O. Hume ایلن ایکٹوین ہیوم

۞ علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ☆ 9 نومبر 1877ء سیالکوٹ

۞ لندن کس ملک کا دارالحکومت ہے؟ ☆ برطانیہ U.K کا

۞ ''لائل محمڈنز آف انڈیا'' کس نے لکھی؟ ☆ سرسید احمد خان

۞ قائداعظم کب پیدا ہوئے؟ ☆ 25. دسمبر 1876ء

۞ دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟

☆ قوم وطن سے نہیں نظریے سے بنتی ہے متحدہ ہندوستان میں دوقومیں آباد تھیں ہندو اور مسلمان کانگرس ہندوستانی قومیت کا نعرہ لگا کر ہندوستان کو متحد رکھنا چاہتی تھی پاکستان دوقومی نظریہ کی بنیاد پر قائم ہوا۔

۞ سب سڈی ای نظام کیا تھا؟

☆ لارڈ ویلزلی نے ہندوستانی ریاستوں کو اپنے زیراثر لانے اور ان سے علاقے ہتھیانے کے لئے یہ سسٹم شروع کیا۔ مقامی حکمرانوں کو امداد کی پیشکش کی جاتی اگر وہ مان جاتا تو اس کی ریاست میں ایک انگریز فوج اس کی حفاظت کے لئے رکھی جاتی جس کا خرچ پورا کرنے کے لئے اسے اپنا کچھ علاقہ انگریزوں کے حوالے کرنا پڑتا اگر مقامی حکمران نہ مانتا تو اس پر حملہ کردیا جاتا۔

۞ حضرت شاہ ولی اللہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ☆ 20 فروری 1703ء۔ 2 شوال 1114ھ۔ دہلی

۞ خطبات احمدیہ کس نے لکھی؟ ☆ سرسید احمد خان

۞ رسالہ اسباب بغاوت ہند کے مصنف کا نام لکھئے۔ ☆ سرسید احمد خان

۞ بنگال کو تقسیم کرکے کون کون سے دو صوبے بنائے گئے؟ ☆ مشرقی بنگال و مغربی بنگال

۞ بنگال کی دو بڑی فصلیں کون سی تھیں؟ ☆ چاول پٹ سن

۞ کون کون سے ہندو لیڈروں نے جداگانہ انتخاب کی حمایت کی؟

☆ اے سی موجدار، ہری نواس، گوپال کرشن گوکھلے، سی آر داس

۞ شملہ وفد کے دو نمایاں ارکان کون کونسے تھے؟

☆ سر آغا خان سربراہ، محسن الملک سیکرٹری علی گڑھ ٹرسٹ، حکیم اجمل خان، وقار الملک

۞ مسلم لیگ کا پہلا سالانہ اجلاس کب اور کہاں ہوا؟

30-29 دسمبر 1907ء۔ کراچی صدارت سر آدم جی پیر بھائی

☆ مسلم لیگ کے پہلے صدر کون تھے؟

۞ سر آدم جی پیر بھائی ء نے اجلاس کی صدارت کی سر آغا خاں کو صدر منتخب کیا گیا۔

☆ ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کون تھا؟ ☆ محمد علیؒ جناح

۞ مولانا محمد علیؒ جوہر نے کون کون سے اخبار نکالے؟ ☆ کامریڈ (انگریزی) ہمدرد (اردو)

۞ دو عملی نظام "ڈیارکی" کا کیا مطلب ہے؟

۞ 1919ء کے قانون حکومت ہند میں صوبوں میں جو نظام رائج کیا گیا اس میں اہم محکمے انگریزوں یا ان کے

☆ خاص آدمیوں کے پاس ہوتے تھے اور تعلیم اور لوکل باڈیز اور جنگلات اور اس طرح کی کچھ محکمے مقامی منتخب ارکان (وزیروں) کے پاس ہوتے تھے۔

۞ تحریک خلافت کے روح رواں کون تھے؟ ☆ مولانا محمد علیؒ جوہر

۞ کل ہند خلافت کمیٹی کے پہلے صدر اور سیکرٹری کون تھے؟ ☆ صدر سیٹھ جان محمد چھوٹانی اور سیکرٹری حاجی محمد صدیق کھتری

۞ میثاق لکھنؤ میں مذہبی تحفظ کے بارے میں کونسی شق تھی؟

☆ کوئی قانون مقننہ سے پاس نہیں ہوگا اگر کسی بھی قوم کے نمائندگان کا تین چوتھائی حصہ اسے اپنے مذہب کے خلاف قرار دے دیں۔

۞ مجلس احرار اسلام کب بنی؟ ☆ نومبر 1929ء

۞ پاکستان نیشنل موومنٹ کس نے بنائی؟ ☆ چوہدری رحمت علی

۞ لفظ پاکستان کا خالق کون تھا؟ ☆ چوہدری رحمت علی

۞ مسلم لیگ نے یوم نجات کب منایا؟

☆ جب کانگرسی وزارتوں نے اقتدار چھوڑا اور مسلمانوں کو ان کے ظالمانہ اقدامات سے نجات ملی (22 دسمبر 1939ء)

۞ نہرو رپورٹ کب اور کس نے پیش کی؟ ☆ 28 اگست 1928ء۔ موتی لال نہرو

۞ گاندھی اِرون پیکٹ کب عمل میں آیا؟ ☆ مارچ 1931ء

۞ قرارداد لاہور کی حمایت بلوچستان سے کس نے کی؟ ☆ قاضی محمد عیسیٰ

۞ بندے ماترم کیا تھا؟

☆ بنکم چندر چیٹر جی کے ناول انند متھ سے لیا گیا ایک ترانہ جس کو کانگرسی راج (1937-1939ء) میں قومی ترانے کے طور پر مجالس میں پڑھا جانے لگا اس میں برصغیر کے مسلمان فاتحین اور حکمرانوں کو ڈاکو اور عوام دشمن قرار دیا گیا تھا۔

۞ کابینہ مشن کے ارکان کے نام لکھیے۔ ☆ لارڈ پیتھک لارنس، سر سٹیفورڈ کرپس اور اے وی الیگزینڈر

۞ محمد علی جوہر کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟ ☆ 4 جنوری 1931ء، لندن

۞ آزادی ہند کے وقت برطانیہ کا وزیراعظم کون تھا؟ ☆ ایٹلی

۞ شملہ کانفرنس کب اور کس نے بلائی؟ ☆ لارڈ ویول 25 جون 1945ء

۞ ہندوستان کا آخری وائسرائے کون تھا؟ ☆ لارڈ مونٹ بیٹن

۞ وقار الملک کا اصلی نام کیا تھا؟ ☆ مولوی مشتاق حسین

۞ ابوریحان البیرونی کون تھا؟
☆ غزنوی عہد کا معروف سکالر ماہر علم فلکیات، ریاضی، جغرافیہ، طبیعات و کیمیا جس کو اس کی کتاب (مالِلہند) کتاب الہند کی وجہ سے ایک مؤرخ کی حیثیت سے شہرت حاصل ہوئی۔
۞ جنگ آزادی کے دو مذہبی اسباب کے نام لکھئے۔
☆ (i) عیسائیت کی تبلیغ سرکاری اداروں کی طرف سے پادری اے ایڈمنڈ کے خطوط جعدار الاحادث کلکتہ سے لکھے گئے۔(ii) اسلام کے قانون میں ترامیم اور خلاف اسلام قوانین کا رواج (3) ہندوؤں کی روایات و رسوم کے خلاف شادی کا قانون مجریہ 1856ء
۞ M.A.O کالج علی گڑھ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟
☆ سرسید احمد خان۔ 8 جنوری 1877ء کو لارڈ لٹن سے افتتاح کروایا گیا۔
۞ الطاف حسین حالی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ☆ 1837ء پانی پت کرنال
۞ ہندوؤں کی دو مذہبی تحریکوں کے نام لکھیں۔ ☆ آریہ سماج۔ تھیوسوفیکل سوسائٹی
۞ سرسید احمد خان کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔
☆ آثار الصنادید۔ رسالہ اسباب بغاوت ہند، خطبات احمدیہ
۞ کانگرس کا پہلا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟ ☆ گوکل داس تیج پال سنسکرت کالج کلکتہ دسمبر 1885ء
۞ بہادر شاہ ظفر نے کب اور کہاں وفات پائی؟ ☆ رنگون، 1862ء
۞ محسن الملک کا اصل نام کیا تھا؟ ☆ نواب مہدی علی خاں
۞ انجمن حمایت اسلام کی بنیاد کب اور کہاں رکھی گئی؟ ☆ 24 ستمبر 1884ء لاہور میں
۞ تقسیم بنگال کا اعلان کب اور کس نے کیا؟ ☆ 16 اکتوبر 1905ء۔ لارڈ کرزن
۞ تقسیم بنگال کے دو اسباب تحریر کریں۔
☆ (i) صوبہ بہت وسیع تھا ایک گورنر کے بس میں اس کا انتظام چلانا نہ تھا (ii) مشرقی بنگال کی زراعت پسماندہ تھی ذرائع رسل و رسائل نہ تھے اور مغربی بنگال سے زبان اور کلچر بھی مختلف تھا۔
۞ قائداعظم مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟ ☆ 1913ء میں
۞ تقسیم بنگال کے وقت بنگال کی آبادی اور رقبہ کیا تھا؟ ☆ رقبہ 180000 مربع میل آبادی 80 ملین
۞ شملہ وفد کب وائسرائے سے ملا اور شملہ وفد کے ارکان کی تعداد کیا تھی؟
☆ یکم اکتوبر 1906ء۔ ارکان کی تعداد 34 قائد سر آغا خان
۞ مسلم لیگ کی لندن شاخ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟ ☆ سید امیر علی۔ مئی 1908ء
۞ شملہ وفد کے دو مطالبات تحریر کریں۔
☆ جداگانہ انتخابات اور ہر سطح پر مسلمانوں کو الگ نمائندگی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ قائم کرنے کا مطالبہ
۞ سانحہ مسجد کانپور میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟ ☆ 133
۞ رولٹ ایکٹ کیا تھا؟
☆ جنگ عظیم اول کے بعد ''تخریبی سرگرمیوں'' کو ختم کرنے کے لئے ایک ظالمانہ قانون نافذ کیا گیا جس میں کسی

فوت شدہ آدمی کی گواہی پر بھی سزا دی جاسکتی تھی اور "ملزم" کو صفائی کا موقع بھی نہیں دیا جاتا تھا۔ قائداعظم نے اس کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مجلس قانون ساز سے استعفیٰ دے دیا۔

- 1946ء کی عبوری حکومت میں وزیرخزانہ کون تھے؟ ☆ لیاقت علی خان
- دوعملی کا نظام کس ایکٹ میں سامنے آیا؟ ☆ 1919ء
- پہلی گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟ ☆ 3 نومبر 1930 تا 19 جنوری 1931ء
- محمد علی جوہر کے بڑے بھائی کون تھے؟ ☆ مولانا شوکت علی
- الہلال کا ایڈیٹر کون تھا؟ ☆ ابوالکلام آزاد
- دوسری جنگ عظیم کب ختم ہوئی؟ ☆ 1945ء
- علامہ اقبال کس شہر میں دفن ہوئے؟ ☆ لاہور میں حضوری باغ۔ بادشاہی مسجد کے باہر
- جلیانوالہ سانحہ کس شہر میں پیش آیا؟ ☆ امرتسر
- البیرونی کب اور کہاں پیدا ہوا؟ ☆ 1037ء میں غزنی کے قریب البیرون
- انگریزوں نے سندھ اور پنجاب پر کب قبضہ کیا؟ ☆ سندھ اگست 1843 پنجاب 1849ء
- جنگ آزادی کے دوران سرسید احمد خان کہاں مقیم تھے؟ ☆ بجنور میں
- جنگ آزادی میں کتنے ہندوستانی ہلاک ہوئے؟ ☆ پانچ لاکھ سے زیادہ
- سرسید احمد خان نے خطباتِ احمدیہ کیوں لکھی؟ ☆ ولیم میور کی کتاب لائف آف محمد کے جواب میں
- آریہ سماج کا بانی کون تھا؟ ☆ مولا شنکر برہمن جو دیانند سرسوتی کے نام سے مشہور ہوا۔
- حیات جاوید کے مصنف کا نام لکھیں۔ ☆ الطاف حسین حالی
- انڈین نیشنل کانگرس کے دو مقاصد تحریر کریں۔

☆ متحدہ قومیت کی بنیاد پر الیکشن (مجالس میں کم از کم نصف ارکان منتخب ہندوستانی ہونے چاہئیں) جس میں لامحالہ ہندو اکثریت ہی کامیاب ہوتی سروسز میں مقابلے کے امتحانات جس میں مسلمانوں کا کوئی مقرر نہیں کیا جائے گا)

- تقسیم بنگال پر مسلمانوں کا ردعمل کیا تھا؟

☆ 24 اکتوبر 1905ء کو یوم تشکر منایا۔ کیونکہ اس سے مسلمان ان بہت سے مصائب سے نجات پا سکتے تھے جن کا وہ ہندو اکثریت اور بدانتظامی کی وجہ سے شکار تھے۔

- تنسیخ تقسیم بنگال پر ہندوؤں کا ردعمل کیا تھا؟

☆ سخت مخالفت، سودیشی تحریک، انگلستان جا کر تنسیخ کا مطالبہ، سریندر ناتھ بیر جی کی کتاب A Nation in Making

- مسلم لیگ کے دو ابتدائی مقاصد بیان کریں۔

☆ مسلمانوں کے سیاسی حقوق کی حفاظت، دوسری جماعتوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات مگر مسلمانوں کے مفادات کو محفوظ رکھتے ہوئے۔

- 1909ء کی اصلاحات کا دوسرا نام لکھیے۔ ☆ منٹو مارلے ریفارمز
- علی برادران کون تھے؟ ☆ مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی۔ تحریک خلافت کے روح رواں
- مسجد کانپور کا واقعہ کب اور کیوں ہوا؟

☆ 1913ء۔ سڑک چوڑی کرنے کے بہانے مسلمانوں کی مسجد کا ایک حصہ مسمار کیا گیا مسلمانوں نے احتجاج کیا اور سختیاں برداشت کیں۔

۞ میثاق لکھنؤ کب ہوا؟ ☆ دسمبر 1916ء

۞ پہلی جنگ عظیم کا آغاز کب ہوا؟ ☆ 14 اگست 1914ء

۞ تحریک خلافت کے دو مقاصد بیان کریں۔ ☆ ترکی کے بٹوارے کو روکنا اور خلافت کی بحالی۔

۞ تحریک عدم تعاون کے دو مقاصد تحریر کریں۔

☆ معاہدہ سیورے کی تنسیخ اور کانگرس نے شامل ہوکر سوراج کا مطالبہ بھی ساتھ جوڑ دیا۔

۞ تجاویز دہلی کے دو نکات تحریر کریں۔

☆ جداگانہ انتخابات سے دستبرداری بشرطیکہ (i) سندھ کو بمبئی سے الگ صوبہ بنایا جائے۔ (ii) صوبہ سرحد اور بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے برابر کیا جائے۔ (iii) بنگال اور پنجاب میں مسلمانوں کو ان کی آبادی کے تناسب سے نمائندگی دی جائے۔ (iv) مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کو 1/3 نشستیں دی جائیں۔

۞ کمیونل ایوارڈ کا اعلان کب اور کس نے کیا؟ ☆ 1932ء میں وزیراعظم برطانیہ ریمزے میکڈانلڈ

۞ پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟ ☆ چوہدری رحمت علی 1933ء

۞ کانگرسی وزارتوں کے بارے میں شریف رپورٹ کی وضاحت کریں۔

☆ 4 مارچ 1939ء یوپی مسلم لیگ نے شائع کی۔ صوبہ بہار میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کی تفصیل۔

۞ قرارداد لاہور کی تائید پنجاب اور سندھ سے کس نے کی؟ ☆ مولانا ظفر علی خاں/ سر عبداللہ ہارون

۞ قانون آزادی ہند کے دو نکات تحریر کریں۔

☆ (i) آزادی اسی سال 15 اگست کو (ii) صوبہ سندھ کی اسمبلی سندھ کے مستقبل کا فیصلہ کرے گی۔ (iii) کوئٹہ میونسپل کمیٹی کے ارکان اور ارکان جرگہ بلوچستان کا فیصلہ کریں گے۔

۞ شملہ کانفرنس کب اور کس نے بلائی؟ ☆ 25 جون 1945ء لارڈ ویول وائسرائے نے بلائی۔

۞ برہمو سماج کا بانی کون تھا؟ ☆ راجہ رام موہن رائے

۞ اٹلی نے طرابلس پر کب حملہ کیا؟ ☆ ستمبر 1911ء

۞ ندوۃ العلماء کا قیام کب ہوا؟ ☆ 1894ء

۞ گاندھی کا پورا نام لکھیے۔ ☆ کرم چند موہن داس گاندھی

۞ قائداعظم نے ابتدائی تعلیم کہاں پائی؟ ☆ سندھ مدرسہ کراچی

۞ معاہدہ لکھنؤ کی دو دفعات تحریر کریں۔

☆ جداگانہ انتخاب تسلیم، اقلیتوں کے تحفظ کے لئے مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کو 1/3 نشستیں

۞ تقسیم بنگال کے بعد مشرقی بنگال کا گورنر کون تھا؟ ☆ بمپفیلڈ فلر

۞ ''تحریک خلافت'' کی ناکامی کی دو وجوہات تحریر کریں۔

☆ (i) مسلمان قیادت جیل میں تھی اور گاندھی مفاہمت کی راہیں تلاش کر رہے تھے۔ (ii) واقعہ چوری چورا نے تحریک ختم کرنے کا بہانہ بھی دے دیا۔

۞ مولانا محمد علی جوہر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ 1878ء رام پور

۞ مولانا حسرت موہانی کون تھے؟
☆ مسلمان قائد جنہوں نے گاندھی کی مخالفت کے باوجود ملک کی مکمل آزادی کا مطالبہ کیا۔

۞ ترکی کے آخری خلیفہ کا نام تحریر کریں۔
☆ خلیفہ وحیدالدین اور اس کے بعد بے اختیار خلیفہ عبدالمجید آفندی۔

۞ علامہ اقبال کب فوت ہوئے تھے؟
☆ 21 اپریل 1938ء

۞ قائداعظم نے اپنے چودہ نکات کب پیش کئے تھے؟
☆ مارچ 1929ء

۞ جدید ترکی کا بانی کون تھا؟
☆ کمال اتاترک

۞ دوسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟
☆ 7 ستمبر تا یکم دسمبر 1931ء

۞ میاں فضل حسین کی وفات کے بعد یونی نسٹ پارٹی کا سربراہ کون بنا؟
☆ سرسکندر حیات

۞ علامہ اقبال نے اپنا مشہور خطبہ کس شہر میں دیا؟
☆ الٰہ آباد

۞ ''ہندوستان چھوڑ دو'' تحریک کس جماعت نے شروع کی؟
☆ انڈین نیشنل کانگرس

۞ 1945ء میں شملہ کانفرنس کس وائسرائے نے بلائی تھی؟
☆ لارڈ ویول

۞ اردو ہندی تنازعہ کیا تھا؟
☆ بنارس میں متعصب ہندوؤں نے یہ پروپیگنڈہ شروع کیا کہ اردو غیر ملکی زبان ہے اس کی بجائے ہندی کو رائج کیا جائے حالانکہ اردو زبان برصغیر ہی میں وجود میں آئی تھی۔ سرسید احمد خان بھانپ گئے کہ اشتراک عمل ختم کرنا مقصود ہے انگریز حکومت نے ہندوؤں کی حمایت کی یہاں تک کہ یو پی کے گورنر اینٹونی میکڈانلڈ نے دیوناگری خط کا استعمال کرنے کا حکم دیا۔ محسن الملک نے دفاع کیا القصہ اس قضیہ نے ہندوؤں اور مسلمانوں کی راہیں الگ الگ کریں وہ بھانا جس سے انگریز نے برصغیر کے تعلیم یافتہ لوگوں کو دو مذہبی بلاکوں میں تقسیم کرنے کا کام کیا۔

۞ 1944ء میں جناح گاندھی مذاکرات کتنے دن جاری رہے؟
☆ 9 ستمبر سے 24 ستمبر تک

۞ سائنٹفک سوسائٹی کس نے اور کب قائم کی؟
☆ سرسید احمد خان نے 1863ء میں قائم کی۔

۞ ایم اے او کالج اور سکول کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
☆ ایم اے او ہائی سکول کا افتتاح 24 مئی 1874ء، ایم اے او کالج کا آغاز 8 جنوری 1877ء سرسید احمد خان نے مسلمانوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے یہ ادارے قائم کئے۔

۞ کانگرس کی تشکیل کب اور کس نے کی؟
☆ اے او ہیوم دسمبر 1885ء

۞ حضرت مجدد الفؒ ثانی کا اصل نام کیا ہے اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ شیخ احمدؒ۔ سرہند

۞ سرسید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ دہلی 17 اکتوبر 1817ء

۞ اردو ہندی تنازعہ کب اور کہاں شروع ہوا؟
☆ بنارس 1867ء

۞ جنگ آزادی میں حصہ لینے والے تین لیڈروں کے نام لکھیں۔
☆ بخت خان، ملکہ حضرت محل، احمد اللہ

۞ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کیا تھی؟

☆ پورے ملک میں مغربی تعلیم کی اشاعت اور مسلمانوں کے مسائل پر قومی قائدین کے اظہار خیال کا ایک پلیٹ فارم 1886ء میں قائم ہوئی شبلی، حالی، مولوی نذیر احمد، محسن الملک سرسید کے معاونین تھے۔

۞ آریہ سماج کس نے کب قائم کی؟

☆ دیانند سراسوتی بمبئی میں 1875ء میں قائم ہوئی دفاتر 1877ء میں لاہور منتقل ہو گئے۔

۞ دیو بند کے پہلے استاد اور شاگرد کون تھے؟

☆ پہلے استاد مولوی محمد محمود پہلے طالب علم شیخ الہند مولانا محمود الحسن آغاز 30 مئی 1867ء

۞ ندوہ العلماء کے دو مقاصد بیان کریں۔

☆ علما کے باہمی نزاع کا رفع۔ ایک عظیم الشان اسلامی دارالعلوم کا قیام جس میں دستکاریاں اور اس طرح کے دوسرے کام بھی سکھائے جاتے تھے تاکہ یہاں سے فارغ ہونے والے طلبہ نوکریوں کی تلاش میں نہ پھیریں۔

۞ کانگرس کے پہلے صدر کون تھے؟ ☆ ایک بنگالی مسیحی ڈبلیوسی بونر جی

۞ تقسیم بنگال کب اور کس نے کی؟ ☆ 16 اکتوبر 1905ء۔ لارڈ کرزن نے اعلان کیا۔

۞ میثاق لکھنؤ کے دو نکات تحریر کیجئے۔

☆ (i) کانگرس نے جداگانہ انتخاب مان لیا (ii) اقلیتوں کو موثر نمائندگی دینے کے لئے انہیں ان کے تناسب سے زیادہ نمائندگی دی گئی (iii) مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کو 1/3 نشستیں دی گئیں۔ اقلیتوں کو تحفظ دینے کے لئے ان کے تناسب سے زیادہ نمائندگی دی گئی۔

۞ تحریک خلافت کے دو لیڈروں کے نام تحریر کیجئے۔ ☆ مولانا محمد علی جوہر، ابوالکلام آزاد

۞ سر فضل حسین کون تھا؟ ☆ یونینسٹ پارٹی کا سربراہ

۞ کیمرج یونیورسٹی میں علامہ اقبال نے کن اساتذہ سے فیض حاصل کیا؟

☆ پروفیسر آرنلڈ، پروفیسر براؤن، پروفیسر نکلسن، پروفیسر میک ٹیگرف

۞ چوہدری رحمت علی نے پاکستان کا لفظ کہاں سے لیا؟

☆ مسلمان صوبوں کے ناموں میں سے ایک ایک حرف یا ایک حصہ لے کر پ...... پنجاب، ا...... افغانیہ (KPK)، ک...... کشمیر، س...... سندھ، تان...... بلوچستان

۞ دوسری گول میز کانفرنس کا کب آغاز ہوا اور کب اختتام ہوا؟

☆ آغاز 7 ستمبر 1931ء اختتام یکم دسمبر 1931ء

۞ واردھا اسکیم کس کے ذہن کی پیداوار تھی اور اس سکیم کو کس نے تیار کیا؟

☆ گاندھی جی کی رہنمائی سکیم ڈاکٹر ذاکر حسین نے تیار کی۔

۞ پیر پور کمیٹی کے ممبران کون کون تھے؟

☆ راجہ محمد مہدی آف پیر پور چیئرمین، اے بی حبیب اللہ سیکرٹری، خان بہادر، حاجی رشید احمد، سید اشرف احمد، مولوی عبدالغنی، میاں غیاث الدین، سید ذاکر علی، سید حسن ریاض، سید تقی ہادی نقوی

۞ قرارداد لاہور کو قرارداد پاکستان کس نے اور کیوں کہا؟

☆ امجدی بیگم بیگم محمد علی جوہر نے۔ اس وقت تک پاکستان کا نام مسلم عوام کے دلوں میں گھر کر چکا تھا۔

قیامِ پاکستان کے دو اسباب تحریر کریں۔

☆ (i) مسلمانوں میں اسلامی نظام کی بحالی کی تڑپ (ii) ہندو قوم کی متعصبانہ پالیسی اور مسلمانوں کو اپنے اندر جذب کرنے کی خواہش۔

"ہندوستان چھوڑ دو تحریک" کب اور کس نے شروع کی؟ ☆ کانگرس۔ اگست 1942ء

ہندوستان میں عبوری حکومت کب قائم کی گئی؟

☆ 25 اکتوبر 1946ء کو اس سے پہلے کانگرس نے 3 ستمبر کو مسلم لیگ کو نظر انداز کر کے حکومت بنائی تھی۔

ہندوستان کا آخری وائسرائے کون تھا یہ کب ہندوستان آیا؟

☆ لارڈ مونٹ بیٹن۔ 22 مئی 1947ء

ریڈکلف کمیشن کیوں بنایا گیا؟ ☆ بنگال اور پنجاب کی تقسیم کی تفصیلات طے کرنے کے لئے۔

1946ء کی عبوری حکومت میں شامل دو مسلم وزراء کے نام تحریر کریں۔

☆ لیاقت علی خان، عبدالرب نشتر۔

قائداعظم نے کس شخصیت کو اور کیوں کانگرس کا شو بوائے قرار دیا؟

☆ ابوالکلام آزاد۔ کانگرس نے یہ دکھانے کیلئے کہ کانگرس مسلمانوں کی نمائندہ ہے ان کو آگے رکھا ہوا تھا۔

قائداعظم نے کانگرس سے استعفیٰ کیوں دیا؟

☆ قائداعظم غیر دستوری طریق کار اور قانون شکنی کو ملک کے لئے نقصان دہ سمجھتے تھے اس لئے وہ گاندھی کے انداز سیاست کو قبول کرنے سے انکاری تھے۔ اس لئے تحریک عدم تعاون جس پر گاندھی نے قانون شکنی کا عنصر شامل کر دیا تھا۔

البیرونی کون تھا اور اس کی مشہور کتاب کا نام تحریر کیجئے۔

☆ غزنوی دور کا سکالر جس نے اس زمانے کے ہندوستان کے حالات لکھے ہیں، کتاب الہند

دینِ الٰہی کس نے شروع کیا اور اس کی مخالفت کس نے کی؟

☆ جلال الدین اکبر نے شروع کیا، مخالفت اکبر، مجدد الف ثانیؒ نے کی

تحریک جہاد کب اور کس نے شروع کی؟ ☆ سید احمد شہید، 1823ء

جنرل بخت خان اور مرزا مغل کون تھے؟

☆ جنگ آزادی میں حریت پسندوں کے لیڈر، مرزا مغل شہزادہ تھا

جھانسی کی رانی کا نام کیا تھا اور وہ کب فوت ہوئی؟ ☆ لکشمی بائی، جون 1857ء

1857ء کی جنگ آزادی کے دو اثرات تحریر کیجئے۔

☆ ہندوستان پر تاجِ برطانیہ کی براہِ راست حکومت، نوکر شاہی کا قیام سرکاری ملازمین کے بل بوتے پر برطانوی سامراج قائم ہوا۔

اردو ہندی جھگڑے کا آغاز کب اور کہاں سے ہوا؟ ☆ بنارس 1867ء

ایم اے او ہائی سکول کی بنیاد کب رکھی گئی اور اس کا افتتاح کس نے کیا؟

☆ 24 مئی 1875ء، سر ولیم میور

انجمن حمایت اسلام کب اور کیوں بنائی گئی؟

☆ 24 ستمبر 1884ء۔ آریہ سماجی اور مسلم دشمن تحریکوں کا مقابلہ، قوم کے جوانوں کو دینی اور دنیوی تعلیم سے آراستہ کرنا۔

۞ تقسیم بنگال کا مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوا؟

☆ (i) مشرقی بنگال کے مسلمانوں کو ہندوؤں کے غاصبانہ تسلط سے نجات ملی۔ (ii) مسلمانوں میں سیاسی شعور بیدار ہوا مسلم لیگ وجود میں آئی اور مسلمان باقاعدہ سیاسی قوت بن کر ابھرے۔

۞ رسالہ اسباب بغاوت ہند کے مصنف کا نام لکھیے۔ ☆ سرسید احمد خاں

۞ قائداعظم نے 1919ء میں لیجسلیٹو کونسل سے استعفیٰ کیوں دیا؟ ☆ رولٹ ایکٹ پاس ہونے کے خلاف احتجاج

۞ سانحہ کانپور کیا تھا؟

☆ سڑک کی وسعت کے لئے مسلمانوں کی مسجد کا ایک حصہ کا انہدام، مسلمانوں کا احتجاج اور گھوڑسوار پولیس کی جلوس پر فائرنگ۔

۞ تحریک خلافت کے دوران گاندھی نے مسلمانوں کا ساتھ کیوں دیا؟

☆ مسلمانوں کی بے پناہ قوت سے فائدہ اٹھا کر اپنی سیاسی تحریک کو آگے بڑھانے کے لئے۔

۞ 1919ء کی اصطلاحات کے کوئی سے دو نکات تحریر کیجئے۔

☆ (i) مسلمانوں کا جداگانہ انتخاب تسلیم کرلیا گیا اور انہیں مرکزی اسمبلی میں 1/3 نشستیں دی گئیں (ii) مرکزی مجالس قانون میں منتخب ارکان کی اکثریت ہوگی۔ (iii) صوبوں میں نیم جواب دہ حکومت یعنی ڈائی آرکی قائم کی گئی۔

۞ لندن مسلم لیگ کب اور کس نے بنائی؟ ☆ امیر علی سید، مئی 1908ء

۞ میثاق لکھنؤ میں پاسنگ کے اصول سے کیا مراد ہے؟

☆ اقلیتوں کو تحفظ کا احساس دلانے کے لئے اسمبلیوں میں ان کو آبادی کے تناسب سے قدرے زیادہ سیٹیں دی جائیں گی اس کے نتیجہ کے طور پر پنجاب اور بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت نہ رہی۔

۞ دوسری جنگ عظیم کب شروع ہوئی؟ ☆ 10 مئی 1939ء

۞ شدھی اور سنگھٹن سے کیا مراد ہے؟

☆ شدھی: آریہ سماج کی شروع کی ہوئی تحریک مقصد مسلمانوں کو ہندو بنا کر (شدھ کرکے) ہندوستانی قومیت کو مضبوط کرنا۔ سنگھٹن 1923ء میں ڈاکٹر مونجے نے شروع کی۔ مسلمان ایک عظیم خطرہ ہیں ہندوؤں کو ان کے مقابلے کے لئے اپنے آپ کو "تیار" کرنا چاہئے یہاں تک کہ مسلمان ہندوؤں کی زبان ہندی زبان ہندو میلوں ہندو قومی ہیروز کا احترام کرنا شروع کردیں۔

۞ خطبہ الٰہ آباد کس لحاظ سے اہم ہے؟ مختصر بیان کیجئے۔

☆ علامہ اقبال کا خطبہ الٰہ آباد اسلام کا صاف ستھرا اور ذہن میں بیٹھنے والا تصور دیتا ہے اسلامی حکومت کو مسلمانوں کا مطمع نظر بنانے کی تلقین کرتا ہے اور مسلم اکثریتی صوبوں پر مشتمل مسلمانوں کی الگ ریاست کا واضح تصور دیتا ہے۔

۞ پہلی گول میز کانفرنس میں کتنے مسلمانوں نے شرکت کی؟

☆ سر آغا خان، سر شاہنواز، نواب سعید احمد چھتاری، مولانا محمد علی جوہر، راجہ شیر محمد، مولوی فضل الحق، اے کے غزنوی، غلام حسین ہدایت اللہ، حافظ ہدایت حسین، نواب عبدالقیوم خان، سر محمد شفیع ڈاکٹر شفاعت احمد خان سر ظفر اللہ، بیگم شاہنواز اور محمد علی جناح

- کس قانون کے تحت کانگرسی وزارتیں قائم کی گئیں؟ ☆ قانون حکومت ہند 1935ء
- چوہدری رحمت علی کہاں دفن ہیں؟ ☆ کیمبرج یونیورسٹی
- قائداعظم کے چودہ نکات میں سے دو تحریر کریں۔ ☆ کتاب دیکھیں۔
- محمد علی جناح مسلم لیگ کے ممبر کب بنے؟ ☆ 1913ء
- پونا پیکٹ کن کے درمیان ہوا؟ ☆ ڈاکٹر امبیدکر (اچھوت لیڈر) اور کانگرس
- گاندھی کس گول میز کانفرنس میں شریک ہوئے؟ ☆ دوسری گول میز کانفرنس میں
- محمد علی جناح کو کس نے ہندو مسلم اتحاد کے سفیر کا خطاب دیا؟ ☆ سروجنی نائیڈو
- یوپی مسلم لیگ نے کونسی رپورٹ شائع کی؟ ☆ شریف رپورٹ
- قائداعظم ہندوستان سے کب پاکستان آئے؟ ☆ 7 اگست 1947ء
- مسلم لیگ عبوری حکومت میں کب شامل ہوئی؟ ☆ 25 اکتوبر 1946ء
- حد بندی کمیشن کے چیئرمین کون تھے؟ ☆ ریڈکلف
- کن دو صوبوں میں رائے شماری ہوئی؟ ☆ صوبہ سرحد اور آسام کے مسلم اکثریت کے اضلاع
- قائداعظم کی پہلی شادی کب اور کس سے ہوئی؟ ☆ ایمی بائی، 1892ء
- بہادر شاہ ظفر اور اس کے بیٹوں کو کہاں سے گرفتار کیا؟ ☆ ہمایوں کے مقبرہ سے
- جنگ آزادی میں حصہ لینے والی دو خواتین کے نام تحریر کیجئے۔ ☆ حضرت محل اور جھانسی کی رانی
- جنگ آزادی میں کل کتنے انگریز اور مقامی لوگ قتل ہوئے؟ ☆ کم از کم پانچ لاکھ
- علی گڑھ کالج کی نمایاں خوبیاں کیا تھیں؟

☆ (i) مسلمانوں کو مغربی تعلیم سے آراستہ کر کے ان کا معاشی مستقبل محفوظ بنانا۔ (ii) اسلام کا ہلکا رنگ جس پر علماء کرام مطمئن نہ تھے۔ (iii) مغربی تہذیب کا فروغ (iv) اسلامی عقائد کی عقلی توجیحات کی کوشش۔

- لائل محمڈنز آف انڈیا میں سرسید نے کیا ثابت کیا؟

☆ مسلمان بحیثیت مجموعی انگریزوں کے وفادار ہیں اور وہ انگریزوں کے خلاف بغاوت میں شریک نہ تھے۔

- نواب محسن الملک اور نواب وقار الملک کے اصل نام بتایئے؟

☆ محسن الملک، نواب مہدی علی خان، وقار الملک، مولوی مشتاق حسین

- ندوۃ العلماء کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟ ☆ بانی مولوی سید محمد علی، 1894ء
- مسلم لیگ کب اور کہاں قائم ہوئی؟

☆ ڈھاکہ 30 دسمبر 1906ء اجلاس محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے بعد اسی مقصد کے لئے خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت وقار الملک نے کی۔

- معاہدہ لکھنؤ کب اور کہاں ہوا؟ ☆ 31 دسمبر 1916ء۔ لکھنؤ
- تجاویز دہلی پر مسلم لیگ دو حصوں میں کیوں بٹ گئی؟

☆ تجاویز دہلی میں جداگانہ انتخاب سے دستبردار ہونے کے لئے شرائط دی گئی تھیں۔ لاہور مسلم لیگ کے اکابرین جداگانہ انتخاب کو چھوڑنے کے لئے تیار نہ تھے۔

✪ کانگرس نے سائمن کمیشن کی مخالفت کیوں کی؟
☆ کانگرس کا کہنا تھا کہ اس کمیشن میں کوئی ایک بھی ہندوستانی نہیں ہے۔
✪ نہرو رپورٹ کس طرح مسلم مفادات کے خلاف تھی؟
☆ (i) کانگرس میثاق لکھنؤ سے منحرف ہوگئی۔ (ii) جداگانہ انتخاب کو ترک کرنے کے معنی تھے کہ ''متحدہ ہندوستانی قومیت'' بنائی جائے گی جس میں مسلمان محروم اقلیت ہوں گے۔ (iii) لسانی بنیادوں پر صوبوں کی دوبارہ تشکیل کا مقصد مسلم اکثریت کے صوبوں کو ختم کرنا تھا۔ (iv) محمد علی جناح کی کم از کم ترامیم بھی سننے سے انکار کر دیا گیا۔
✪ تینوں گول میز کانفرنسز کب اور کہاں ہوئیں؟
☆ لندن میں پہلی کانفرنس 3 نومبر 1930ء تا 19 جنوری 1931ء۔ دوسری 7 ستمبر 1931ء تا یکم دسمبر 1931ء۔ تیسری 17 نومبر تا 13 دسمبر 1932ء ساری کانفرنسیں لندن میں ہوئیں۔
✪ 1929ء میں وزیر امور ہند کون تھا؟ ☆ برکن ہیڈ
✪ بندے ماترم کیا ہے؟
☆ بنکم چندر چیٹر جی کے ناول انندمتھ سے لیا گیا ایک ترانہ جس میں تمام مسلمان بادشاہوں کو غاصب اور ڈاکو قرار دیا گیا تھا۔
✪ 1937ء میں کانگرس نے مسلم لیگ کو حکومت میں شامل کیوں نہ کیا؟
☆ وہ مسلم لیگ کو ختم کرنا چاہتی تھی شرط یہ تھی کہ جو لیگی وزارت میں شامل ہونا چاہے وہ مسلم لیگ سے علیحدہ ہو کر پوری طرح کانگرس میں جذب ہو جائے۔
✪ قائداعظم نے تجاویز دہلی کب پیش کیں؟
☆ موتی لال نہرو کے آمادہ کرنے پر محمد علی جناح جداگانہ انتخابات سے دستبردار ہونے پر تیار ہو گئے لیکن اس کے لئے کچھ شرائط پیش کیں۔ (1927ء)
✪ قائداعظم نے اپنی ابتدائی تعلیم کراچی کے کس تعلیمی ادارے سے حاصل کی؟ ☆ سندھ مدرسہ کراچی
✪ قرارداد لاہور کب پیش ہوئی اور کس نے پیش کی؟
☆ 22 مارچ کو پیش ہوئی اور 23 مارچ 1940ء کو منظور ہوئی قرارداد شیر بنگال فضل الحق نے پیش کی۔
✪ قرارداد کی حمایت میں تقریر کرنے والی خاتون کون تھیں؟ ☆ امجدی بیگم (بیگم محمد علی جوہر)
✪ کرپس مشن کب آیا، اس کا سربراہ کون تھا؟ ☆ سربراہ سرسٹیفورڈ کرپس۔ مارچ 1942ء
✪ دوسری جنگ عظیم کے دوران برطانوی فوج نے کتنے فی صد مسلمان شامل تھے؟ ☆ 70 فیصد
✪ ''تقسیم کرو اور جاؤ'' کا نعرہ مسلم لیگ کے کس لیڈر نے دیا؟ ☆ محمد علی جناحؒ
✪ لارڈ ویول نے اپنے منصوبے کا اعلان کب کیا؟ ☆ 14 جون 1945ء
✪ تین جون کا منصوبہ کس نے تیار کیا اور اسے کس وائسرائے نے پیش کیا؟
☆ ماؤنٹ بیٹن کے سیکرٹری وی پی مینن نے نہرو سے مشورہ کر کے تیار کیا اور ماؤنٹ بیٹن نے پیش کیا۔
✪ ہندوستان میں پہلا اور آخری مسلمان بادشاہ کون تھا؟ ☆ پہلا قطب الدین ایبک، آخری بہادر شاہ ظفر
✪ مجدد الفؒ ثانی کن کے مرید تھے؟ ☆ خواجہ باقی باللہ بیرنگ

۞ شاہ ولی اللہ نے کس ملک کے بادشاہ کو حملہ کی دعوت دی؟ ☆ افغانستان کے بادشاہ احمد شاہ ابدالی کو
۞ سکھوں کے خلاف کن دو حضرات نے جہاد کیا؟ ☆ سید احمد شہیدؒ، شاہ اسماعیل شہیدؒ
۞ سید احمد شہید کب اور کہاں شہید ہوئے؟ ☆ بالاکوٹ 1831ء
۞ لارڈ ڈلہوزی نے کون سا اصول نافذ کیا؟ ☆ اصول الحاق Doctrine of Lapse
۞ سر سید احمد خان کے دو مدرسوں کے نام لکھیئے۔ ☆ مدرسہ مراد آباد (1859ء) غازی پور کا مدرسہ 1862ء
۞ تاریخ سرکشی بجنور کے مصنف کا نام لکھیئے۔ ☆ سر سید احمد خان
۞ جداگانہ انتخاب سے کیا مراد ہے؟
☆ ہندوستان میں موجود مختلف قوموں کو ان کے آبادی کے تناسب سے مقننہ کی سیٹیں الاٹ کی جائیں اور ان کا انتخاب اسی قوم کے لوگ کریں۔
۞ سانحہ جلیانوالہ باغ کیوں رونما ہوا؟
☆ رولٹ ایکٹ کے خلاف احتجاج کے لئے جلیانوالہ باغ امرتسر میں جلسہ 3 اپریل 1919ء، جنرل ڈائر نے فوج کو لے کر جلسے کو گھیر لیا اور فائر کھول دیا۔
۞ آریہ سماج کے قیام کا بنیادی مقصد کیا تھا؟
☆ بظاہر ہندو مت کی اصلاح آریہ دور کے معاشرے کی بحالی عملاً گائے کی حفاظت، گائے کھانے والے مسلمانوں کو ہندو معاشرے میں ضم کرنے کی کوشش۔
۞ انڈین نیشنل کانگرس کا پہلا اجلاس کس کالج میں ہوا؟ ☆ گوکل داس تیج پال سنسکرت کالج کلکتہ
۞ صوبائی خودمختاری کب متعارف ہوئی؟ ☆ 1935ء کا ایکٹ میں جسے 1937ء میں نافذ کیا گیا۔
۞ مولوی فضل الحق کون تھے؟
☆ 1940ء میں بنگال کے وزیر اعلیٰ جنہوں نے 23 مارچ 1940ء کو قرارداد پاکستان پیش کی۔
۞ چودہ نکات کب اور کس نے پیش کئے؟
☆ قائداعظم محمد علی جناح۔ مارچ 1929ء مسلم لیگوں کے اتحاد کے بعد صدر منتخب ہونے پر۔
۞ گاندھی ارون پیکٹ کب ہوا؟ ☆ 1931ء
۞ چودھری رحمت علی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ 16 نومبر 1897ء ضلع ہوشیار پور کے گاؤں موہار میں (گجر برادری)
۞ قائداعظم کے والد اور والدہ کا نام لکھیئے۔ ☆ والد پونجا جناح، والدہ مٹھی بائی
۞ قائداعظم کو ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کیوں کہا جاتا ہے؟
☆ قائداعظم نے 1916ء کے میثاق لکھنؤ کے ذریعے دونوں قوموں کو متحد کیا بعد میں جب ہندو قوم اس معاہدے سے منحرف ہوگئی تو قائداعظم نے اتحاد کو دوبارہ قائم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جس کی واضح مثال تجاویز دہلی ہیں۔
۞ "ہندوستان چھوڑ دو تحریک" کا مقصد کیا تھا؟
☆ انگریز حکومت پر دباؤ ڈال کر اسے مسلمانوں کو نظرانداز کر کے کانگرس کو اقتدار سونپنے پر مجبور کرنا۔
۞ شاہ ولی اللہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ ☆ فروری 1703ء (2 شوال 1114ھ) دہلی

۞ جنرل بخت کون تھا؟ ☆ جنگ آزادی 1857ء کا مجاہد لیڈر جو 14 ہزار فوج لے کر دہلی پہنچا اور انگریز کا مقابلہ کیا۔
۞ کتاب الہند کا مصنف کون تھا؟ ☆ البیرونی
۞ سرسید کب اور کیوں انگلستان گئے؟
☆ 1869ء اپنے بیٹے سید محمود کے ساتھ، انگلستان کے تعلیمی نظام کا مطالعہ کرنے کے لئے، ولیم میور کی کتاب کے رد کیلئے ''خطبات احمدیہ'' لکھی۔
۞ سرسید احمد خان کی دو کتب کے نام تحریر کیجئے۔ ☆ آثار الصنادید، رسالہ اسباب بغاوت ہند
۞ دیانند سرسوتی کا اصل نام کیا تھا؟ ☆ مولاشنکر
۞ راجہ رام موہن رائے کون تھا؟
☆ ایک بنگالی ہندو، پیدائش 1772ء، برہمو سماج کی بنیاد 20 اگست 1818ء ہندو قوم کو اوپر اٹھانے کے لئے حکمرانوں سے مصالحت۔
۞ تقسیم بنگال سے کون سے دو صوبے معرض وجود میں آئے؟ ☆ مشرقی بنگال اور مغربی بنگال
۞ جنرل ڈائر کون تھا؟ اس کی وجہ شہرت کیا تھی؟
☆ 1919ء میں جلیانوالہ باغ کے جلسہ پر فائرنگ پنجاب میں مارشل لاء کے نفاذ اور کرفیو لگانے میں کردار۔
۞ تحریک خلافت کا مشہور نعرہ کیا تھا؟
☆ مسلمان حکومت برطانیہ سے ہر قسم کا تعلق توڑ لیں ''ترک موالات'' حکومتی اداروں، عدالتوں، سرکاری گرانٹ لینے والے تعلیمی اداروں کا بائیکاٹ اور حکومت کے عطا کردہ خطابات واعزازات کی واپسی۔ مقصود ترکی خلافت کی بحالی
۞ بلقان کی جنگوں کا آغاز کب ہوا؟ ☆ 1912ء
۞ منٹو مارلے اصلاحات کب نافذ ہوئیں۔ ☆ 15 نومبر 1909ء
۞ انڈین سیاسی جماعتوں نے سائمن کمیشن کی مخالفت کیوں کی؟ ☆ اس کمیشن کا کوئی ایک ممبر بھی انڈین نہیں تھا۔
۞ قائداعظم کے 14 نکات کس طرح نہرو رپورٹ سے مختلف تھے؟
☆ نہرو رپورٹ کی بنیاد متحدہ قومیت اور مخلوط انتخاب پر تھی اور اکثریت کی حکومت قائم کرنا چاہتے تھے، قائداعظم کے چودہ نکات مسلمانوں کے سیاسی حقوق کا تحفظ اور میثاق لکھنؤ میں عطا کردہ حقوق حاصل کرنا۔
۞ نہرو رپورٹ تیار کرنے والی کمیٹی میں شامل مسلم اراکین کے نام تحریر کریں۔
☆ محمد شعیب قریشی (جو عملاً شامل نہ ہوئے) اور سر علی امام جنہوں نے اختلافی نوٹ لکھا۔
۞ آپ کی رائے میں خطبہ الٰہ آباد کا سب سے نمایاں نکتہ کیا تھا؟
☆ مسلمانوں کی الگ ریاست کی تجویز
۞ 1932ء کے کمیونل ایوارڈ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ ☆ تمام اقلیتوں کو جداگانہ انتخاب کا حق مل گیا
۞ واردھا سکیم کس نے بنائی اور یہ کس چیز سے متعلق تھی؟
☆ تعلیمی سکیم گاندھی کی رہنمائی میں ڈاکٹر ذاکر حسین نے بنائی مقصد متحدہ ہندوستانی قومیت پیدا کرنا تھا۔
۞ 1939ء میں کانگرسی وزارتوں نے استعفیٰ کیوں دیا؟
☆ برطانوی حکومت پر دباؤ ڈال کر اقلیتوں کے حقوق اور اقتدار میں شرکت کو نظر انداز کر کے اکثریتی جماعت یعنی

کانگرس کے لئے مرکز میں مزید اختیارات حاصل کرنا۔

۞ پیرپور کمیٹی کا سربراہ کون تھا؟ پیرپور رپورٹ کب پیش کی گئی؟
☆ راجہ محمد مہدی آف پیرپور (سربراہ) 15 نومبر 1938ء کو رپورٹ پیش کی گئی۔
۞ قائداعظم کس کی ترغیب پر مسلم لیگ میں شامل ہوئے؟ ☆ مولانا محمد علی جوہر
۞ کانگرس نے دوسری عالمگیر جنگ کے موقع پر کیا مطالبات کیئے؟
☆ دورانِ جنگ عظیم دوم گورنر جنرل کی انتظامی کونسل میں توسیع کی جائے، اکثریتی جماعت کو مزید اختیارات دیئے جائیں القصہ کانگرس کو مرکزی حکومت میں اقتدار سونپا جائے۔
۞ قراردادِ تقسیم ہند پر راج گوپال اچاریہ کا کیا تبصرہ تھا؟ ☆ تقسیم ہند کے معنی گائے کے دو ٹکڑے
۞ ویول پلان کے دو اہم نکات کیا تھے؟
☆ (i) ایگزیکٹو کونسل کی تشکیل جس میں تمام فرقوں کو نمائندگی دی جائے گی (ii) وزارت دفاع انگریز کمانڈر انچیف کے پاس رہے گی۔ (iii) نئی کونسل جاپان کے خلاف جنگ میں حکومت کے ساتھ تعاون کرے گی۔ (iv) نئی کونسل نئے دستور کی تشکیل کے لئے اتفاق رائے حاصل کرے گی۔
۞ شملہ کانفرنس کب شروع اور کب ختم ہوئی؟ ☆ آغاز 25 جون 1945ء ناکامی کا اعلان 14 جولائی 1945ء
۞ دوسری شملہ کانفرنس میں کن دو جماعتوں کو شرکت کی دعوت دی گئی؟ ☆ کانگرس اور مسلم لیگ
۞ دوقومی نظریہ کا مفہوم کیا ہے؟
☆ قومیت کی بنیاد ''وطن'' نہیں عقیدہ و مذہب ہے ہندوستان میں ایک نہیں دو قومیں بستی ہیں۔
۞ دینِ الٰہی کے خلاف تحریک کس نے چلائی؟ ☆ مجدد الف ثانیؒ نے
۞ سرسید کا 'تفسیر قرآن' لکھنے کا مقصد کیا تھا؟ ☆ اسلام کا وہ تصور اجاگر کرنا جو حکمرانوں کیلئے قابل قبول ہو۔
۞ اردو ڈیفنس ایسوسی ایشن کس نے تشکیل دی؟ ☆ سرسید احمد خان نے
۞ ہمدرد اخبار کس نے جاری کیا؟ ☆ مولانا محمد علی جوہر
۞ تحریک مجاہدین کی قیادت کس نے کی؟ ☆ سید احمد شہید
۞ نانا صاحب کون تھے؟
☆ جنگ آزادی 1857ء میں کانپور کی تحریک کے سربراہ۔ اسے پیشوا باجی راؤ کا متبنیٰ تسلیم نہیں کیا گیا تھا۔
۞ 1857ء کی جنگ آزادی کی دو معاشی وجوہات بیان کیجئے۔
☆ (i) دیسی صنعت تباہ ہوگئی تھی اور ولائتی مال بکتا تھا۔ (ii) تجارت پر بھی انگریز قابض ہوگئے۔ (iii) بے روزگاری (iv) سٹمپ ایکٹ۔ یعنی انصاف حاصل کرنے کے لئے ٹیکس دینا پڑتا تھا۔
۞ سرسید احمد خان کی کس کتاب کا فرانسیسی میں ترجمہ ہوا؟ ☆ آثار الصنادید
۞ مولوی سمیع اللہ علی گڑھ کالج سے کیوں علیحدہ ہوئے۔ ☆ انگریز کو ہاسٹل کا نظام سونپنے کے خلاف احتجاج کیونکہ وہ اس سے مسلمان بچوں کی نظریات پر اثر انداز ہوسکتا تھا۔
۞ جداگانہ الیکشن کا مطالبہ منوانے کے لئے سید امیر علی نے کیا کوششیں کیں؟
☆ لندن مسلم لیگ قائم کی، انگریز حکومت کے اکابرین سے رابطے کیئے، اخباری سطح پر مہم چلائی۔

۞ مدوجذر اسلام کس کی تصنیف ہے؟ ☆ الطاف حسین حالی معروف نام مسدس اسلام
۞ مولانا ظفر علی خان نے کون سا اخبار اور کہاں سے جاری کیا؟ ☆ زمیندار.....لاہور سے
۞ مولانا محمد علی جوہر نے کون کون سے اخبار نکالے اور یہ کب جاری ہوئے؟
☆ انگریزی اخبار ''کامریڈ'' 11 جنوری 1911ء اردو اخبار ''ہمدرد'' 1913ء
۞ 13 اپریل 1919ء کو جلیانوالہ باغ میں کتنے لوگ ہلاک اور زخمی ہوئے؟
☆ 379 ہلاک اور 1200 زخمی......سرکاری اعداد و شمار۔
۞ مولانا شوکت علی نے نہرو رپورٹ پر کیا تبصرہ کیا؟
☆ ''شکاری کتے شکار کے ساتھ وہ سلوک نہیں کرتے جو نہرو رپورٹ نے مسلمانوں کے ساتھ کیا ہے۔''
۞ علامہ اقبال نے مسلمانوں کی نمائندگی کیلئے کون کون سی گول میز کانفرنسوں میں شرکت کی؟ ☆ دوسری کانفرنس
۞ ہوم رول لیگ کب بنی؟ ☆ 3 دسمبر 1916ء
۞ چودھری رحمت علی کا انٹرویو کرنے والی خالدہ ادیب خانم کون تھی؟ ☆ ایک ترک خاتون صحافی
۞ پہلی گول میز کانفرنس کا افتتاح کس نے کیا اور کب؟
☆ 12 نومبر 1930ء ریمزے میکڈانلڈ وزیر اعظم برطانیہ
۞ پونا پیکٹ کس کس کے درمیان ہوا؟ ☆ ڈاکٹر امبید کر اچھوت لیڈر اور کانگرس
۞ مسلم لیگ کا ستائیسواں اجلاس کب اور کہاں ہوا؟ ☆ 22 تا 24 مارچ 1940ء لاہور
۞ کانگرس نے ہندوستان چھوڑ دو تحریک کب شروع کی؟ ☆ اگست 1944ء
۞ گاندھی جناح مذاکرات کیوں ناکام ہوئے؟
☆ قائداعظم مسلمانوں کو الگ قوم قرار دیتے تھے اور گاندھی مضبوط مرکز کے ساتھ ہندوستان کی حکومت جس کی بنیاد وطنی قومیت پر ہو۔ اس طرح مسلمان ہندوؤں کے رحم و کرم پر ہوتے۔
۞ سرحدی گاندھی کس کو کہا جاتا تھا؟ ☆ عبدالغفار خاں
۞ عبوری حکومت 1946ء میں وزیر خزانہ کون تھا؟ ☆ لیاقت علی خان
۞ ترنگا کیا ہے؟ ☆ کانگرس کا جھنڈا جسے کانگرسی وزارتیں سرکاری عمارات پر بھی لگانے پر مصر تھیں۔
۞ جنگ آزادی کا آغاز اور خاتمہ کب ہوا؟ ☆ آغاز 10 مئی 1857ء، خاتمہ رفتہ رفتہ پاکستان میں شامل علاقوں میں ایک سال بعد بھی برطانوی فوجوں کا مقابلہ جاری رہا۔
۞ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی تاریخ پیدائش اور وفات لکھیے۔ ☆ وفات 1625ء
۞ اسباب بغاوت ہند میں سرسید نے جنگ کی کیا وجوہات بیان کیں؟
☆ o رعایا کو اصلاحات کے بارے میں غلط فہمی تھی o نئے نافذ ہونے والے قوانین ہندوستانیوں کی عادات کے لئے مناسب نہ تھے۔ o گورنمنٹ رعایا کے حالات سے پوری طرح باخبر نہ تھی۔ o حکومت نے اپنے فرائض پوری طرح سرانجام نہ دیئے۔ o فوج کی بدانتظامی اور اس کی مناسب رہنمائی نہ ہونا۔
۞ علی گڑھ کالج کی نمایاں خوبیاں کیا تھیں؟
☆ o مادی ترقی کے لئے مسلمانوں کو تیار کرنا۔ o انگریزی طور طریقے اپنا کر حکمرانوں کا قرب حاصل کرنا۔ o معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس۔

۞ بنگال کی دو بڑی فصلیں کون سی تھیں؟
☆ پٹ سن اور چاول
۞ شملہ وفد کے ارکان کی تعداد کتنی تھی اور یہ وفد کس وائسرائے سے ملا؟
☆ تعداد 34 لارڈ منٹو سے ملا۔ قیادت سر آغا خاں
۞ قائداعظم مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟
☆ 1913ء میں محمد علی جوہر کی دعوت پر۔
۞ جداگانہ انتخاب کا مطالبہ ہندوؤں نے کب تسلیم کیا؟
☆ میثاق لکھنؤ میں (1916ء)
۞ علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ سیالکوٹ 9 نومبر 1877ء
۞ علامہ اقبال کی دو کتابوں کے نام تحریر کریں۔
☆ بانگ درا۔ بال جبریل
۞ چوہدری رحمت علی کا تعلق کس برادری سے تھا؟
☆ گوجر برادری سے۔
۞ 1919ء کے ایکٹ کی دو دفعات تحریر کیجئے۔
☆ (i) صوبائی حکومتوں میں مقامی وزراء کی شمولیت ہوئی۔ (ii) صوبوں میں ڈائی آرکی (نیم جوابدہ حکومت) قائم ہوئی یعنی بعض محکمہ مقامی وزراء کے حوالے کردیئے گئے لیکن اہم محکمے انگریزوں کے پاس رہے۔
۞ دوسری گول میز کانفرنس کب منعقد ہوئی؟
☆ 7 ستمبر تا یکم دسمبر 1931ء
۞ محمد علی جوہر کہاں دفن ہیں؟
☆ بیت المقدس کے صحن میں
۞ کانگریسی وزارتیں کب اور کس طرح ختم ہوئیں؟
☆ 27 اکتوبر تا 22 نومبر باری باری مستعفی ہوئیں وجہ انگریز حکومت پر دباؤ ڈال کر اکثریت جماعت (کانگرس) کو مرکزی حکومت میں شامل کروانا اور زیادہ اختیارات حاصل کرنا۔
۞ قرارداد لاہور کس نے پیش کی؟
☆ فضل الحق وزیر اعلیٰ بنگال۔
۞ قرارداد لاہور کا خطبہ صدارت کس نے دیا؟
☆ قائداعظم محمد علی جناح۔
۞ سکندر جناح پیکٹ کب اور کہاں ہوا؟
☆ 1937ء میں مسلم لیگ کے اجلاس لکھنؤ کے موقع پر سکندر حیات نے مسلم لیگ میں شمولیت کا اعلان کیا لیکن اسے پیکٹ یا معاہدہ نہیں کہہ سکتے کیونکہ صدر مسلم لیگ قائداعظم کے دستخط نہ تھے۔
۞ ہندوستان چھوڑ دو کی تحریک کب شروع ہوئی؟
☆ اگست 1942ء۔ کانگرس کی ورکنگ کمیٹی میں جگت نرائن لال ریزولیشن اور گاندھی سے قیادت کی درخواست۔
۞ گاندھی جناح مذاکرات کس سال ہوئے؟
☆ 17 جولائی 1944ء تا 27 ستمبر 1944ء
۞ قائداعظم نے ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی؟
☆ سندھ مدرسہ کراچی
۞ برصغیر میں مرکزی الیکشن کب ہوئے؟
☆ 1945ء
۞ 1946ء کی عبوری حکومت میں مسلم لیگ کے کتنے وزیر تھے؟
☆ 5
۞ ریڈکلف ایوارڈ کا اعلان کب ہوا؟
☆ 17 اگست 1947ء
۞ ہندو معاشرے کی ذاتوں کے نام تحریر کریں۔
☆ برہمن، ویش، کھشتری، شودر
۞ وحدت الشہود سے کیا مراد ہے؟
☆ کائنات کی ہر جگہ ایک ہی حقیقت کی شہادت دیتی ہے اور وہ ہے رب کریم کی خالقیت
۞ کتاب آثار الصنادید کا موضوع کیا ہے؟
☆ مغل دور کی عمارات کھنڈرات اور تعلیمی ادارے

❂ مسلمانوں کی پہلی سیاسی جماعت کون سی تھی؟ ☆ محمڈن پولیٹیکل آرگنائزیشن
❂ تھیوسوفیکل سوسائٹی کا مقصد کیا تھا؟
☆ 'وجدان' کے ذریعے خدا تک رسائی ہندوستان میں اینی بینٹ نے اس کا مقصد آریہ دور کی تہذیب کی بحالی اور پورے ہندوستانی معاشرے کو اس پیٹرن پر لے جانا۔
❂ تقسیم بنگال کی بنیادی وجہ کیا تھی؟
☆ صوبہ کی وسعت، انتظامات میں دقتیں، ذرائع رسل و رسائل کی کمی اور ایک گورنر کیلئے اتنے بڑے صوبے کے مسائل کو حل کرنا ممکن نہ تھا۔
❂ قرآن پاک کا فارسی میں ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟ ☆ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
❂ جنگ آزادی کی دو سیاسی وجوہات تحریر کیجئے۔
☆ اصول الحاق کے ذریعے مقامی حکومتوں کو ہضم کیا جارہا تھا جاگیروں کی ضبطی سے اضطراب پیدا ہوا۔ والیانِ ریاست کو اپنا مستقبل تاریخ نظر آرہا تھا۔
❂ ''حیات محمدؐ'' کس کی تصنیف ہے؟ ☆ ولیم میور
❂ مسلم پولیٹیکل آرگنائزیشن کس نے قائم کی؟ ☆ محسن الملک
❂ برہموسماج کے قیام کا مقصد کیا تھا؟
☆ ہندوؤں کو انگریزوں سے قریب تر لانا ہندو معاشرے کی اصلاح اور اس کو جدید بنانا، ہندوؤں میں انگریزی تعلیم کی اشاعت۔
❂ مسلم لیگ کی بنیاد رکھنے والے مسلم رہنما کون تھے؟
☆ نواب سلیم اللہ خان آف ڈھاکہ، سر محمد شفیع آف لاہور، محسن الملک سیکرٹری علی گڑھ ٹرسٹ، وقار الملک جنہوں نے تاسیسی اجلاس کی صدارت کی۔ محمد علی جوہر اور مولانا ظفر علی خان نوجوان جاندار قیادت
❂ مولانا ظفر علی خان نے کون سا اخبار اور کہاں سے جاری کیا؟ ☆ زمیندار، لاہور
❂ نہرو کمیٹی کے صدر اور سیکرٹری کون تھے؟ ☆ صدر موتی لعل نہرو، سیکرٹری جواہر لعل نہرو
❂ مولانا شوکت علی خان نے نہرو رپورٹ پر کیا تبصرہ کیا؟
☆ ''شکاری کتے شکار کے ساتھ اتنا برا سلوک نہیں کرتے جتنا اس رپورٹ میں مسلمانوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔''
❂ افغانستان کے دورے پر علامہ اقبال کے ہمراہ کون کون تھے؟ ☆ سید سلیمان ندوی اور سر راس مسعود
❂ چوہدری رحمت علی کے کتابچہ Now or Never پر کس کے دستخط تھے؟
☆ چوہدری رحمت علی کیساتھ محمد اسلم خٹک، شیخ محمد صادق، عنایت اللہ خاں
❂ اتحاد عالم اسلام کے لئے علامہ محمد اقبال کن کی سوچ سے متاثر تھے؟ ☆ جمال الدین افغانی
❂ چوہدری رحمت علی کے منصوبہ پاکستان پر قائداعظم نے کیا تبصرہ کیا؟
☆ "My Dear boys! Dont he in herry. Let the waters flow and they wil Lind there own level."
❂ 1935ء کے ایکٹ کی دو نمایاں خصوصیات بیان کریں۔
☆ (1) مسلمانوں کو جداگانہ انتخاب کا حق مل گیا۔ (2) مرکزی حکومت (وفاق) میں دو عملی کا نظام جو کبھی قائم نہ

ہوا(3) صوبائی خودمختاری(4) گورنر جنرل اور گورنروں کے اختیارات مضبوط اقتدار پر موثر برطانوی کنٹرول۔

کانگرسی وزارتوں کا دور اقتدار کب سے کب تک تھا؟ ☆ 1937ء تا1939ء

محمد علی جناح کو قائداعظم کا لقب کب اور کس نے دیا؟ ☆ مولانا مظہرالدین ایڈیٹرالامان اکتوبر 1938ء

شملہ کانفرنس کی ناکامی کی وجہ کیا تھی؟

☆ قائداعظم اس بات پر مصر تھے کہ مسلمان الگ قوم ہیں اور ان کی نمائندہ صرف مسلم لیگ ہے لارڈ ویول اور مولانا ابوالکلام آزاد (صدر کانگرس) کانگرس کو تمام قوموں کا نمائندہ منوانا چاہتے تھے اور مصر تھے کہ عبوری حکومت میں مسلمانوں کے نمائندے مقرر کرنے میں دوسری جماعتوں کا بھی دخل ہونا چاہیے۔

قانون آزادی ہند کب پاس ہوا؟ ☆ 15 جولائی 1947ء (دارالعوام) 16 جولائی دارالامرا بادشاہ نے دستخط کئے 18 جولائی۔

پاکستان اور ہندوستان کس قانون کے تحت آزاد ہوئے؟

☆ قانون آزادی ہندی 1947ء دستور کے طور پر 1935ء کا ایکٹ دونوں ملکوں کو اس میں تبدیلی کا اختیار ہوگا۔

قرارداد پاکستان کب اور کہاں پاس ہوئی؟ ☆ 23 مارچ 1940ء منٹو پارک لاہور میں مسلم لیگ کے جلسہ عام میں۔

برصغیر کا پہلا دیسی وزیرخزانہ کون تھا؟ ☆ لیاقت علی خان

سرحدی گاندھی کا اصل نام کیا تھا؟ ☆ عبدالغفار خان

لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے گورنر جنرل کا عہدہ کب سنبھالا؟ ☆ 22 مئی 1947ء

یوم نجات کیوں منایا گیا؟

☆ کانگرسی وزارتوں نے استعفیٰ دیا اور مسلمانوں کو ان کے مظالم سے نجات ملی 22 دسمبر 1939ء

''وحدت الوجود'' کا مطلب کیا ہے؟

☆ ساری کائنات کا وجود ایک وحدت ہے اور ہر شے اس کا حصہ ہے اور یہی وحدت ہی کائنات کی اصل ہے گویا خدا کے وجود کا ایک طرح سے انکار تھا اور ساری کائنات Nature اس نظام کی خالق تھی۔

بنگال میں تحریک آزادی کا نشان کیا تھا؟ ☆ کنول کا پھول

سائنٹیفک سوسائٹی کیوں قائم کی گئی؟

☆ (1863ء) سرسید احمد خان نے مغربی علوم کو برصغیر کے عوام میں پھیلانے کے لئے قائم کی اس کے تحت 1866ء میں ایک ہفت روزہ نکالا جس کا ایک کالم اردو میں اور ایک انگریزی میں ہوتا تھا۔

''اسباب بغاوت ہند'' کا مصنف کون تھا؟ ☆ سرسید احمد خان

''زمیندار'' اخبار کس نے شروع کیا؟

☆ مولانا ظفرعلی خاں ان کے والد زراعت کی اصلاح کے لئے یہ اخبار نکالتے تھے انہوں نے اسے سیاسی انقلاب کے لئے وقف کردیا اور اس کا مقام اشاعت لاہور منتقل کردیا۔

نظم ''مدوجذر اسلام'' کس نام سے مشہور ہے؟ ☆ مسدس حالی

کانگرس کے قیام کے دو ابتدائی مقاصد تحریر کریں۔

☆ انگریزوں نے پسے ہوئے عوام کے دل کی بھڑاس نکالنے کیلئے اس کو قائم کروایا ہندوؤں نے برطانوی طرز کے سیاسی اداروں (منتخب مجلس قانون) کی تشکیل کا مطالبہ کیا اور انگلستان کے برسراقتدار لوگوں نے اس کی حوصلہ افزائی کی۔

☆ جسٹس سید امیر علی
۞ سنٹرل محمڈن ایسوسی ایشن کس نے قائم کی؟
۞ سرحد (KPK) کا سرسید کس کو کہا جاتا ہے؟
☆ سر عبدالقیوم کو جنہوں نے سرسید احمد خان کی طرح تعلیم پھیلانے کا مشن اپنایا 1913ء میں اسلامیہ ہائی سکول پشاور اور 1914ء میں اسے کالج کا درجہ دیا گیا۔
۞ شملہ وفد کے نمایاں ارکان کون کون سے ہیں؟
☆ سر محمد شاہ آغا خاں سوم وقار الملک، محسن الملک، سید علی امام، میاں محمد شفیع بار ایٹ لا
۞ جداگانہ طریقہ انتخاب سے کیا مراد ہے؟
☆ مجلس قانون ساز میں برصغیر میں بسنے والی قوموں کو ان کی تعداد کے تناسب سے نمائندگی دی جائے اور مقننہ کی ان سیٹوں پر وہ اپنے ووٹوں سے نمائندے منتخب کریں۔
۞ سائمن کمیشن پہلی بار کب برصغیر پہنچا؟ ☆ 3 فروری 1928ء قیام 5 مارچ 1928ء تک
۞ مولانا محمد علی جوہر نے کون کون سے اخبار نکالے اور یہ کب جاری ہوئے؟
☆ کامریڈ (انگریزی)، ہمدرد (اردو)
۞ سانحہ کانپور کے سلسلے میں جو وفد لندن گیا وہ کن دو لیڈروں پر مشتمل تھا؟
☆ مولانا محمد علی جوہر، سید سلیمان ندوی سرو زیر حسن سیکرٹری آل انڈیا مسلم لیگ۔
۞ نہرو کمیٹی میں کون کون سے مسلم نمائندے تھے؟ ☆ شعیب قریشی، سر علی امام
۞ چوہدری رحمت علی نے اپنے کتابچہ ''اب ورنہ کبھی نہیں'' (Now or Never) میں مجوزہ اسلامی ریاست میں کون کون سے علاقے شامل کیے؟
☆ پنجاب، کشمیر، صوبہ سرحد (KPK)، صوبہ سندھ اور بلوچستان۔
۞ کل کتنی گول میز کانفرنسیں ہوئیں؟ ☆ تین
۞ قرارداد لاہور کی تائید سندھ اور پنجاب سے کس نے کی؟ ☆ سر عبداللہ ہارون سندھ، مولانا ظفر علی خان پنجاب
۞ مطالبہ پاکستان کے دو محرکات کی وضاحت کریں۔
☆ (i) مسلمان قوم کی ہندوؤں کے غلبہ ناروا سے نجات (ii) مسلمانوں کی جدا ریاست جس میں محمد مصطفیٰ ﷺ کا دین نافذ کیا جائے۔
۞ کرپس کب اور کیوں ہندوستان آیا؟
☆ مارچ 1942ء ہندوستان کی سیاسی جماعتوں کو مطمئن کر کے جنگ میں ان سے تعاون لیا جائے۔
۞ کابینہ مشن پلان کے دو نکات تحریر کریں۔
☆ (1) دس سال کے لئے عبوری حکومت (2) مذہبی بنیادوں پر صوبوں کے گروپ بنائے جائیں۔
۞ ''ہندوستان چھوڑ دو'' تحریک کب اور کس نے شروع کی؟
☆ اگست 1942ء میں کانگرس نے، قائد مہاتما گاندھی
۞ کابینہ مشن کے دو اراکین کے نام تحریر کریں۔ ☆ سر سٹیفورڈ کرپس، اے وی الیگزینڈر
۞ تقسیم ہند کا اعلان کب اور کس نے کیا؟
☆ منصوبہ کا اعلان 3 جون 1947ء، دونوں مملکتوں کو اختیارات تفویض 14، 15 اگست 1947ء، وائسرائے لارڈ

ماؤنٹ بیٹن نے دونوں ملکوں کی لسانی آزادی کا اعلان کیا۔

- عبوری حکومت میں شامل دو مسلم وزراء کے نام تحریر کریں۔
☆ لیاقت علی خان، آئی آئی چندریگر
- مسلم لیگ نے یوم راست اقدام کب منایا؟
☆ 16 اگست 1946ء
- حضرت خواجہ باقی باللہ کون تھے؟
☆ نقشبندی صوفی، مجدد الف ثانیؒ کے مرشد
- شیخ احمد سرہندیؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
☆ 15 جون 1564ء......سرہند شریف میں
- شاہ ولی اللہؒ نے کس کو مرہٹوں پر حملہ کی دعوت دی؟
☆ احمد شاہ ابدالی
- اردو ہندی تنازعہ کس شہر سے شروع ہوا؟
☆ بنارس
- برہمو سماج کا بانی کون تھا؟
☆ راجہ رام موہن رائے
- تقسیم ہند کے دو اسباب لکھئے۔

☆ (i) ہندوؤں کی مسلمانوں کو اپنی قومیت میں جذب کرنے کی ناروا کوششیں (ii) اسلامی ریاست کے قیام کی خواہش۔

- نواب وقار الملک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

☆ مولوی مشتاق حسین نام......مراد آباد ضلع کے ایک قصبہ میں 1841ء میں پیدا ہوئے۔

- شملہ وفد کا سربراہ کون تھا؟
☆ سر آغا خان سوم
- آل انڈیا مسلم لیگ کب اور کہاں قائم ہوئی؟
☆ دسمبر 1906ء ڈھاکہ
- تحریک خلافت کے دو قائدین کے نام لکھئے۔

☆ مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، سید سلیمان ندوی۔

- جداگانہ انتخابات کا مطالبہ کب تسلیم ہوا؟
☆ 1909ء کے ایکٹ میں۔
- تجاویز دہلی میں سے کوئی سی دو شرائط تحریر کیجئے۔

☆ جداگانہ انتخابات سے دستبردار ہونے کی پیش کش بشرطیکہ سرحد و بلوچستان کو صوبہ بنایا جائے۔ پنجاب و بنگال میں مسلمانوں کی تعداد کے مطابق نمائندگی دی جائے۔ مرکزی اسمبلی میں مسلمانوں کو 1/3 نشستیں دی جائیں۔ سندھ کو بمبئی سے الگ صوبہ بنایا جائے۔

- انڈیا ایکٹ 1919ء کا دوسرا نام کیا تھا؟
☆ مانٹیگو چیمسفورڈ ریفارمز
- علامہ اقبال کے والد کا نام کیا تھا؟
☆ شیخ نور محمد
- رولٹ ایکٹ پر ہندوستانیوں کا ردعمل کیا تھا؟

☆ سخت جابرانہ قانون تھا ملزم کو صفائی پیش کرنے کی اجازت نہ تھی استغاثہ جرم ثابت کرنے کے لئے مرے ہوئے آدمی کی گواہی بھی پیش کرسکتا تھا اس لئے برصغیر کے لوگوں نے اسے ظلم قرار دیا۔ سانحہ جلیانوالہ باغ امرتسر اس کے خلاف احتجاجی جلسہ تھا، جلسے پر فائرنگ کی گئی۔

- کس انجمن کے اجلاس میں علامہ اقبال اپنی نظمیں سنایا کرتے تھے؟
☆ انجمن حمایت اسلام لاہور
- تحریک عدم تعاون کا سربراہ کون تھا؟
☆ مہاتما گاندھی
- لارڈ منٹو کون تھا؟
☆ وائسرائے ہند جس سے 1906ء میں وفد شملہ ملا
- میثاق لکھنؤ کے دو نکات تحریر کیجئے۔

☆ (1) جداگانہ انتخاب تسلیم (2) اقلیتوں کو مطمئن کرنے کے لئے ان کے تناسب سے زیادہ نمائندگی

(Weightage)(3) پنجاب اور بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت ختم۔ علامہ اقبال کا تبصرہ "ہندو ونڈی مار گیا۔"

- ترنگا جھنڈا کیا تھا؟ ☆ کانگرس کا جھنڈا
- ودیا مندر سکیم کیا تھی؟

☆ سی پی کے وزیر اعظم پنڈت پنت شکلا کی بچوں کو مندروں میں تعلیم دینے کا منصوبہ۔ مقصد مسلمان بچوں کو ہندو مت سے مانوس کرنا۔

- مولانا محمد علی جوہر نے کب اور کہاں وفات پائی؟ ☆ 4 جنوری 1931ء، لندن
- کمیونل ایوارڈ کب اور کہاں ہوا؟ ☆ 1932ء لندن
- سکندر جناح پیکٹ کب اور کہاں ہوا؟

☆ 1937ء مسلم لیگ کے اجلاس لکھنؤ کے موقعہ پر سکندر حیات نے اپنے بیان میں اعلان کیا کہ مسلم لیگ کے ساتھ اتحاد ہو گیا تاہم قائداعظم محمد علی جناح کی طرف سے کسی مسودے پر دستخط نہیں ہوئے۔

- کرپس مشن کی تجاویز کب شائع ہوئیں؟ ☆ 23 مارچ 1942ء
- جلیانوالہ باغ کا واقعہ پیش آیا۔ ☆ 10 اپریل 1918ء کو
- ہیوم رول لیگ کس نے شروع کی؟ ☆ مسز اینی بیسنٹ
- تیسری گول میز کانفرنس منعقد ہوئی۔ ☆ 1932ء میں
- سائمن کمیشن ہندوستان آیا۔ ☆ 1928ء میں
- دوسری جنگ عظیم ختم ہوئی۔ ☆ 1945ء میں
- ہندوستان کا آخری گورنر جنرل تھا۔ ☆ لارڈ ماؤنٹ بیٹن
- پنجاب باؤنڈری کمیشن میں کتنے مسلمان ممبر شامل تھے؟ ☆ 2
- 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد ہندوستان پر کس کی حکومت قائم ہوئی؟ ☆ تاج برطانیہ کی
- سر سید احمد خان پیدا ہوئے۔ ☆ 17 اکتوبر 1817ء
- سائنٹیفک سوسائٹی قائم ہوئی۔ ☆ 1863ء
- بہادر شاہ ظفر کو گرفتار کر کے ...... بھیج دیا گیا۔ ☆ رنگون
- تقسیم بنگال کس کے دور میں ہوئی؟ ☆ لارڈ کرزن
- کانگرس کے پہلے اجلاس کی صدارت کس نے کی؟ ☆ W. C. BONER JEE، ڈبلیو سی بونر جی
- مسلمانوں نے جداگانہ انتخاب کا حق مانگا۔ ☆ وفد شملہ نے یکم اکتوبر 1906ء کو وائسرائے لارڈ منٹو سے مطالبہ کیا
- مسلم لیگ کے پہلے جنرل سیکرٹری تھے۔ ☆ سید حسن بلگرامی
- مسلم لیگ کی لندن شاخ کس نے قائم کی۔ ☆ سید امیر علی
- تحریک خلافت میں کس کانگرسی لیڈر نے مسلمانوں کا ساتھ دیا؟ ☆ گاندھی جی
- شملہ وفد کا قائد کون تھا۔ ☆ سر آغا خان
- معاہدہ لکھنؤ کب ہوا۔ ☆ دسمبر 1916ء میں

☆☆☆

درست جواب کا انتخاب MCQ's

☆ برصغیر میں اسلام کی تبلیغ کا آغاز کس نے کیا؟
(i) صوفیاء نے (ii) علماء نے (iii) ✓تاجروں نے (iv) مسلم فاتحین نے

☆ سرسید احمد خان نے ایک رسالہ جاری کیا جو ان کے اصلاحی افکار پھیلانے کا ذریعہ تھا اس کا نام بتائیے؟
(i) الہلال (ii) البلاغ (iii) تہذیب الافکار (iv) ✓تہذیب الاخلاق

☆ مسلم لیگ کے قیام کی تجویز کس نے پیش کی؟
(i) نواب وقار الملک (ii) نواب محسن الملک (iii) محمد علی جوہر (iv) ✓نواب سلیم اللہ خاں

☆ آل انڈیا مسلم کی تشکیل کس شہر میں ہوئی؟
(i) ✓ڈھاکہ (ii) لاہور (iii) کراچی (iv) علی گڑھ

☆ مسلم لیگ کی تشکیل کے وقت اجلاس کی کس نے کی صدارت کی؟
(i) نواب سلیم اللہ خان (ii) ✓وقار الملک (iii) محسن الملک (iv) محمد علی جناح

☆ اپریل 1900ء میں یو پی کے کس گورنر نے ہندی رسم الخط کو سکولوں اور عدالتوں میں رائج کرنے کا حکم جاری کیا؟
(i) کیمپ بیل (ii) کرزن (iii) فلر (iv) ✓انٹونی میکڈانلڈ

☆ بیسویں صدی کے آغاز میں اردو ڈیفنس ایسوسی ایشن کس نے قائم کی؟
(i) سرسید احمد خاں (ii) ✓محسن الملک (iii) وقار الملک (iv) محمد علی جوہر

☆ کون سے رہنما علی گڑھ سے علیحدہ ہو کر ندوۃ العلماء لکھنؤ سے منسلک ہو گئے؟
(i) ✓شبلی نعمانی (ii) مولوی سمیع اللہ خان (iii) وقار الملک (iv) الطاف حسین حالی

☆ پاکستان کے مجوز چودھری رحمت علی کہاں دفن ہیں؟
(i) جالندھر میں (ii) لاہور میں (iii) کراچی میں (iv) ✓لندن میں

☆ مولانا محمد علی جوہر کا مزار کس شہر میں ہے؟
(i) لندن (ii) دہلی (iii) ✓یروشلم (iv) مدینہ

☆ عثمانی خلافت کا خاتمہ کس کے ہاتھوں ہوا؟
(i) انگریزوں کے ہاتھوں (ii) فرانسیسیوں کے ہاتھوں
(iii) عربوں کے ہاتھوں (iv) ✓اتاترک کی ہاتھوں

☆ 1882ء میں گاؤ کش لوگوں کے خلاف پروپیگنڈہ کے لئے گئور کھشا سبھا کس نے قائم کی؟
(i) ✓دیانند سرا سوتی (ii) مدن موہن مالویہ
(iii) بال گنگا دھر تلک (iv) سریندر ناتھ بینر جی

☆ پہلی گول میز کانفرنس کب شروع ہوئی؟
(الف) ✓12 نومبر 1930ء (ب) 15 اگست 1931ء
(ج) 22 اپریل 1929ء (د) 17 اگست 1930ء

☆ مولانا محمد علی جوہر کہاں دفن ہوئے۔
(الف) انگلستان میں (ب) ✓بیت المقدس میں (ج) جنت البقیع میں (د) دہلی میں

☆ جنگ آزادی کب شروع ہوئی؟
(الف) ✓10 مئی 1857ء (ب) 20 جون 1857ء (ج) 25 اپریل 1900ء

☆ جھانسی کی رانی کا نام بتایئے۔
(الف) نورتن بائی (ب) ✓لکشمی بائی (ج) دلیپ کور

☆ کتاب آثار الصنادید کے مصنف کون تھے؟
(الف) مولانا شبلی نعمانی (ب) ✓سر سید احمد خان (ج) سر آغا خان

☆ اردو ہندی جھگڑا کب شروع ہوا۔
(الف) ✓1867ء (ب) 1909ء (ج) 1850ء

☆ علی گڑھ کالج کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا۔
(الف) ✓8 جنوری 1877ء (ب) 10 اگست 1856ء (ج) 2 دسمبر 1840ء

☆ انڈین نیشنل کانگرس کی بنیاد کب رکھی گئی۔
(الف) ✓1885 (ب) 1820 (ج) 1831

☆ تقسیم بنگال کب عمل میں آئی۔
(الف) 1910 (ب) ✓1905 (ج) 1913 (د) 1919ء

☆ مسلمانوں نے یوم نجات کب منایا۔
(الف) ✓22 دسمبر 1939ء (ب) یکم جنوری 1928ء (ج) 3 فروری 1857ء

☆ علامہ اقبال نے تصور پاکستان کہاں پیش کیا؟
(الف) ✓خطبہ الہ آباد (ب) لکھنو پیکٹ (ج) گول میز کانفرنس

☆ قائداعظم کو ہندو مسلم اتحاد کا سفیر کا خطاب کس نے دیا؟
(الف) بیگم محمد علی جوہر (ب) ✓سروجنی نائیڈو (ج) بیگم شاہنواز

☆ غریب آبادی کا بجٹ کس نے پیش کیا؟
(الف) ✓لیاقت علی خان (ب) سردار پٹیل (ج) پنڈت موتی لال نہرو

☆ محمد علی جناح کب مسلم میں شامل ہوئے
(الف) ✓1913ء (ب) 1929ء (ج) 1930ء

☆ کانگرسی وزارتیں کب قائم ہوئیں۔
(الف) 1939ء (ب) ✓1937ء (ج) 1930ء

☆ پہلی گول میز کانفرنس میں کس نے شرکت کی۔
(الف) ✓قائداعظم (ب) شبلی نعمانی (ج) سرسید احمد خان

☆ گورنمنٹ کالج لاہور کی بنیاد کب پڑی؟
(الف) ✓1880ء (ب) 1890ء (ج) 1884ء (د) 1894ء

☆ راجہ رام موہن رائے نے کون سی مذہبی تحریک کی بنیاد رکھی؟
(الف) دیوسماج (ب) ✓برہموسماج (ج) پرارتھنا سماج (د) رام کشن مشن

☆ سرحد کا سرسید کس کو کہتے ہیں؟
(الف) سردار عبدالرب نشتر (ب) ✓صاحبزادہ عبدالقیوم
(ج) علی قلی خان (د) میاں جعفر شاہ

☆ لندن میں مسلم لیگ کے پہلے صدر کون تھے؟
(الف) ڈاکٹر جہانگیر خان (ب) چودھری رحمت علی
(ج) حسن بلگرامی (د) ✓سید امیر علی

☆ حیات جاوید کے مصنف کون تھے؟
(الف) سرسید احمد خان (ب) مولوی نذیر احمد
(ج) ✓مولانا حالی (د) محسن الملک

☆ ہندوستانی اچھوتوں کے لیڈر کا نام بتایئے؟
(الف) مدن موہن مالویہ (ب) ✓ڈاکٹر امبیدکر
(ج) دادا بھائی نوروجی (د) راجہ رام موہن رائے

☆ مولانا محمد علی جوہر کے بھائی کا نام کیا تھا؟
(الف) احمد علی (ب) نور علی (ج) ✓شوکت علی (د) فتح علی

☆ پونا پیکٹ گاندھی جی اور کس لیڈر کے درمیان ہوا؟
(الف) لیاقت علی خان (ب) بھولا بھائی ڈیسائی
(ج) ✓ڈاکٹر امبیدکر (د) جواہر لال نہرو

☆ قیام پاکستان کے وقت بنگال کے وزیر اعلیٰ کون تھے؟
(الف) ✓خواجہ ناظم الدین (ب) حسین سہروردی
(ج) اے کے فضل حق (د) مجیب الرحمٰن

☆ کانگرسی وزارتیں کب مستعفی ہوئیں؟
(الف) ✓1939ء (ب) 1940ء (ج) 1941ء (د) 1942ء

☆ مسلمانوں نے یوم نجات کیوں منایا؟
(الف) سندھ کی بمبئی سے علیحدگی پر　(ب) 1935ء کے ایکٹ کے نفاذ پر
(ج) ✓ کانگریسی وزارتوں کے استعفیٰ پر　(د) ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت کے تشکیل پر

☆ کس خاتون نے سب سے پہلے قرارداد پاکستان کی حمایت کی؟
(الف) بیگم شاہنواز　(ب) ✓ بیگم محمد علی جوہر
(ج) بیگم سلمیٰ تصدق　(د) فاطمہ جناح

☆ زمیندار نامی اخبار کس نے جاری کیا؟
(الف) ✓ مولانا ظفر علی خان　(ب) شبلی نعمانی　(ج) سلمان ندوی

☆ شاہ ولی اللہ نے کتنے سال کی عمر میں قرآن مجید ختم کیا؟
(الف) دس سال　(ب) تیرہ سال　(ج) پانچ سال　(د) ✓ سات سال

☆ نواب سراج الدولہ کے ساتھ کس نے غداری کی؟
(الف) مرہٹے　(ب) ہندوؤں　(ج) ✓ میر جعفر　(د) میر صادق

☆ انگریزوں نے سندھ پر کب قبضہ کیا؟
(الف) 1831ء　(ب) ✓ 1843ء　(ج) 1828ء　(د) 1855ء

☆ جنگ آزادی کا آغاز کس شہر سے ہوا؟
(الف) دہلی　(ب) لکھنؤ　(ج) ✓ میرٹھ　(د) رام پور

☆ سرسید کے علی گڑھ کے سکول کا کیا نام تھا؟
(ا) وکٹوریہ سکول　(ب) اسلامیہ سکول　(ج) فارسی سکول　(د) ✓ ایم اے او ہائی سکول

☆ الحاق کی پالیسی کس انگریز نے متعارف کرائی؟
(الف) لارڈ کائیو　(ب) ✓ لارڈ ڈلہوزی　(ج) لارڈ کارنواس　(د) جنرل ڈائر

☆ انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد کس شہر میں رکھی گئی؟
(الف) مدراس　(ب) بمبئی　(ج) دہلی　(د) ✓ کلکتہ

☆ ندوۃ العلماء کو کس ہستی کی وجہ سے شہرت ملی؟
(الف) محسن الملک　(ب) وقار الملک　(ج) ✓ شبلی نعمانی　(د) محمد علی کانپوری

☆ بنگال کے کس حصے میں مسلمان زیادہ تھے؟
(الف) ✓ مشرقی بنگال　(ب) مغربی بنگال　(ج) جنوبی بنگال　(د) شمالی بنگال

☆ سید امیر علی مسلم لیگ کی کس شاخ کے صدر تھے۔
(الف) ✓ لندن　(ب) بنگال　(ج) پنجاب　(د) سندھ

☆ مسلم لیگ کا پہلا باقاعدہ اجلاس کب ہوا؟
(الف) جنوری 1908ء
(ب) ✓ دسمبر 1907ء

(ج) اپریل 1909ء (د) اگست 1907ء

☆ حادثہ چورا چوری میں کتنے پولیس اہلکار جل گئے؟
(الف) ✓22 افراد (ب) 26 افراد (ج) 29 افراد (د) 25 افراد

☆ آل پارٹیز مسلم کانفرنس دہلی کی صدارت کس نے کی؟
(الف) قائداعظم (ب) ✓سر آغا خان (ج) علامہ اقبال (د) محمد علی جوہر

☆ علامہ اقبال صوبائی اسمبلی کے رکن کس حلقے سے منتخب ہوئے؟
(الف) ✓لاہور (ب) کراچی (ج) سیالکوٹ (د) الہ آباد

☆ برصغیر کا آخری وائسرائے کون تھا؟
(الف) لارڈ کیننگ (ب) جنرل ہڈسن (ج) ✓ماؤنٹ بیٹن (د) لارڈ ڈلہوزی

☆ جنوبی ایشیاء کے پہلے مسلم حکمران کا نام تحریر کیجئے۔
(الف) غیاث الدین (ب) ✓معزالدین (ج) قطب الدین ایبک (د) محمود غزنوی

☆ اردو ہندی تنازعہ کہاں سے شروع ہوا؟
(الف) دہلی (ب) آگرہ (ج) ✓بنارس (د) کلکتہ

☆ حضرت مجدد الف ثانی کا اصل نام کیا تھا؟
(الف) ✓شیخ احمد (ب) شیخ عبدالاحد (ج) شیخ عبدالوحید (د) شیخ عبدالرشید

☆ آریہ سماج کا قیام کس سن میں ہوا؟
(الف) ✓1875ء (ب) 1871ء (ج) 1860ء (د) 1865ء

☆ تیسری پانی پت کی لڑائی کس سن میں لڑی گئی؟
(الف) 1661ء (ب) ✓1761ء (ج) 1861ء (د) 1869ء

☆ سرسید احمد خان نے کس سن میں وفات پائی؟
(الف) 1788ء (ب) 1798ء (ج) ✓1898ء (د) 1908ء

☆ مدرسہ دیوبند کی بنیاد کس سن میں رکھی گئی؟
(الف) 1847ء (ب) 1857ء (ج) ✓1867ء (د) 1877ء

☆ سودیشی تحریک کب چلائی گئی؟
(الف) ✓1905ء (ب) 1903ء (ج) 1909ء (د) 1911ء

☆ مسلم لیگ کا پہلا باقاعدہ اجلاس کب ہوا؟
(الف) دسمبر 1906ء (ب) ✓دسمبر 1907ء
(ج) دسمبر 1908ء (د) دسمبر 1909ء

☆ 1905ء میں وزیر امور ہند کون تھے؟
(الف) ✓مارلے (ب) ایچ بولڈ (ج) کرنل سمتھ (د) لارڈ منٹو

☆ خلافت کمیٹی کے سیکرٹری کون تھے؟
(الف) ✓مولانا شوکت علی (ب) مولانا محمد علی جوہر
(ج) مولانا شبیر احمد عثمانی (د) سید ریاض حسین

☆ علامہ اقبال 1926ء میں کون سے حلقے سے صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے؟
(الف) ✓لاہور (ب) سیالکوٹ (ج) الہ آباد (د) کراچی

☆ چودھری رحمت علی نے کب وفات پائی؟
(الف) جولائی 1955ء (ب) اپریل 1956ء
(ج) مارچ 1954ء (د) ✓فروری 1951ء

☆ لارڈ ویول نے شملہ کانفرنس کب طلب کی؟
(الف) اگست 1944ء (ب) ستمبر 1946ء
(ج) ✓جون 1945ء (د) جولائی 1944ء

☆ نسلی امتیازات کو کم کرنے کے لئے البرٹ بل کس سن میں پیش کیا گیا۔
(الف) ✓1883ء (ب) 1885ء (ج) 1884ء (د) 1887ء

☆ بنارس کے ہندوؤں نے اردو کی بجائے ہندی رائج کرنے کا مطالبہ کس سن میں کیا۔
(الف) ✓1867ء (ب) 1863ء (ج) 1869ء (د) 1890ء

☆ سر سید احمد خان نے جنگ آزادی کے اسباب کا تجزیہ کرنے کے لئے کون سا رسالہ لکھا۔
(الف) ✓رسالہ اسباب بغاوت ہند (ب) رسالہ تہذیب الاخلاق
(ج) آثار الصنادید (د) رسالہ تبیین الکلام

☆ البیرونی نے ہندو معاشرے کی جامع تصویر کشی اپنی کونسی تصنیف میں کی
(الف) ✓کتاب الہند (ب) ہندوستانی مسلمان (ج) بانگ درا (د) حیات جاوید

☆ ہندوؤں نے اسلام اور ہندومت کو جذب کرنے کے لئے کونسی تحریک چلائی۔
(الف) ✓بھگتی تحریک (ب) ہندو مہاسبھا
(ج) آریہ سماج (د) تھیاسوفیکل سوسائٹی

☆ قرآن مجید کا فارسی ترجمہ کس نے کیا۔
(الف) ✓شاہ ولی اللہ (ب) مجدد الف ثانی
(ج) سر سید احمد خان (د) داتا گنج بخش

☆ اے۔ او ہیوم نے 1885ء میں کس سیاسی جماعت کی بنیاد رکھی۔
(الف) ✓انڈین نیشنل کانگریس (ب) محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس
(ج) انڈین مسلم لیگ (د) مسلم کانفرنس

☆ شاہ جارج پنجم نے 1911ء میں کس صوبے کی تقسیم کو ختم کرنے کا اعلان کیا۔
(الف) ✓بنگال (ب) بہار (ج) پنجاب (د) آسام

☆ الطاف حسین حالی کی کونسی تصنیف سر سید احمد خان کے بارے میں ہے۔
(الف) ✓حیات جاوید (ب) جاوید نامہ (ج) ساقی نامہ (د) مسدس حالی

☆ قرارداد لاہور کس نے پیش کی۔
(الف) ✓اے کے فضل الحق (ب) قائداعظم
(ج) محسن الملک (د) چودھری خلیق الزمان

☆ شملہ وفد کی قیادت کس نے کی؟
(الف) ✓سر آغا خان (ب) وقار الملک (ج) محسن الملک (د) نواب سلیم اللہ خان

☆ ''پاکستان'' کے لفظ کا خالق کون ہے؟
(الف) ✓چودہری رحمت علی (ب) چودہری خلیق الزمان
(ج) چودھری محمد علی (د) مولانا شوکت علی

☆ ہندوستان کے مسلمانوں نے 1886ء میں کونسی تنظیم بنائی؟
(الف) ✓محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس (ب) آل انڈیا مسلم لیگ
(ج) محمڈن پیٹریاٹک ایسوسی ایشن (د) محمڈن ڈیفنس ایسوسی ایشن

☆ بنگال کے کس لیڈر نے تقسیم بنگال کی بھرپور حمایت کی؟
(الف) ✓نواب سلیم اللہ خان (ب) اے کے فضل حق
(ج) جسٹس شاہ دین (د) مولانا بھاشانی

☆ پاکستان نیشنل موومنٹ کس نے قائم کی؟
(الف) ✓چودھری رحمت علی (ب) نواب محسن الملک
(ج) سر عبداللہ ہارون (د) سر سید احمد خان

☆ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنی دینی اصلاحی تحریک کس کے دور میں شروع کی۔
(الف) شہنشاہ ہمایوں (ب) ✓جلال الدین اکبر
(ج) شاہ جہاں (د) جہانگیر

☆ جنگ آزادی کا آغاز کس شہر سے ہوا؟
(الف) دہلی (ب) بمبئی (ج) ✓میرٹھ (د) بنگال

☆ دیوسماج کا بانی کون تھا؟
(الف) ✓راجہ رام موہن (ب) دیانند سرسوتی
(ج) ستیانند اگنی ہوتری (د) آتما رام

☆ تقسیم بنگال کی تنسیخ کا اعلان کب ہوا؟
(الف) 12 دسمبر 1910ء (ب) ✓ 12 دسمبر 1911ء
(ج) 12 دسمبر 1912ء (د) 12 دسمبر 1913ء

☆ مسلم لیگ 1906ء کا دوسرا اجلاس کہاں ہوا؟
(الف) ✓ کراچی (ب) علی گڑھ (ج) دہلی (د) ڈھاکہ

☆ سائمن کمیشن کب ہندوستان آیا؟
(الف) 1926ء (ب) 1927ء (ج) ✓ 1928ء (د) 1929ء

☆ دسمبر 1930ء کے مسلم لیگ کے سالانہ جلسہ کی صدارت کس نے کی؟
(الف) قائداعظمؒ (ب) سر محمد شفیع (ج) ✓ علامہ اقبال (د) ڈاکٹر مختار احمد انصاری

☆ برطانوی حکومت نے کیمونل ایوارڈ کا اعلان کب کیا؟
(الف) 16 اگست 1931ء (ب) 16 اگست 1932ء
(ج) 16 اگست 1933ء (د) 16 اگست 1934ء

☆ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کا خاتمہ کب ہوا؟
(الف) 3 اگست 1858ء (ب) 3 اگست 1859ء
(ج) 3 اگست 1860ء (د) 3 اگست 1861ء

☆ کانگرس کے پہلے صدر کون تھے؟
(الف) گاندھی (ب) نہرو (ج) ✓ ڈبلیوسی بونر جی (د) قائداعظم

☆ علامہ اقبال کو علمی فضیلت کے اعتراف میں ''سر'' کا خطاب کب ملا
(الف) 1919ء (ب) 1920ء (ج) 1921ء (د) ✓ 1922ء

☆ کانگرسی وزارتوں نے کب استعفیٰ دیا؟
(الف) 1937ء (ب) 1938ء (ج) ✓ 1939ء (د) 1940ء

☆ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کی بنیاد کب رکھی گئی؟
(الف) ✓ 1886ء (ب) 1887ء (ج) 1888ء (د) 1889ء

☆ رسالہ تہذیب الاخلاق کس نے شائع کیا؟
(الف) ✓ سر سید احمد خان (ب) مولانا ظفر علی خان
(ج) ابوالکلام آزاد (د) مولانا محمد علی جوہر

☆ شاہ ولی اللہ نے افغانستان کے کس حاکم کو ہندوستان پر حملہ کی دعوت دی۔
(الف) ✓ احمد شاہ ابدالی (ب) نادر شاہ درانی
(ج) بابر (د) محمود غزنوی

☆ باب الاسلام کس صوبے کو کہا جاتا ہے۔
(الف) پنجاب　(ب) ✓ سندھ　(ج) بلوچستان　(د) سرحد

☆ شاہ ولی اللہ نے قرآن مجید کا کس زبان میں ترجمہ کیا۔
(الف) عربی　(ب) ہندی　(ج) ✓ فارسی　(د) اردو

☆ جنگ آزادی کے آغاز پر ہندوستان پر کس مغل بادشاہ کی حکومت تھی۔
(الف) شاہ عالم　(ب) ✓ بہادر شاہ ظفر　(ج) نور جہاں　(د) بابر

☆ علی گڑھ کالج کو یونیورسٹی کا درجہ کب ملا۔
(الف) ✓ 1921ء　(ب) 1925ء　(ج) 1919ء　(د) 1887ء

☆ مولانا شبلی نے کب وفات پائی۔
(الف) ✓ 18 نومبر 1914ء　(ب) 18 نومبر 1920ء
(ج) 18 نومبر 1919ء　(د) 18 نومبر 1921ء

☆ انڈین نیشنل کانگرس کب وجود میں آئی۔
(الف) ✓ 1885ء　(ب) 1886ء　(ج) 1892ء　(د) 1900ء

☆ ندوۃ العلماء لکھنؤ کب قائم ہوا۔
(الف) ✓ 1894ء　(ب) 1892ء　(ج) 1898ء　(د) 1891ء

☆ سید امیر علی نے سنٹرل محمڈن ایسوسی ایشن کب بنائی۔
(الف) ✓ 1877　(ب) 1873　(ج) 1867　(د) 1869

☆ مانٹیگو چمسفورڈ اصلاحات کب پاس ہوئیں۔
(الف) ✓ 1919　(ب) 1917　(ج) 1916　(د) 1913

☆ ہندو مہا سبھا کب قائم ہوئی۔
(الف) ✓ 1921　(ب) 1924　(ج) 1930　(د) 1935

☆ کابینہ مشن کس سال ہندوستان آیا۔
(الف) ✓ 1946　(ب) 1944　(ج) 1943　(د) 1947

☆ ہندوستان کا پہلا وائسرائے کون تھا؟
(الف) ✓ لارڈ کیننگ　(ب) لارڈ منٹو　(ج) چیمسفورڈ　(د)

☆ سرسید احمد خان کے بیٹے سید محمود اعلیٰ تعلیم کے لئے کہاں گئے؟
(الف) ✓ انگلستان　(ب) فرانس　(ج) امریکہ　(د) ترکی

☆ ایوب خان وزیر دفاع کب بنے؟ * 1954ء میں
☆ لفظ پاکستان کب اور کس نے تجویز کیا؟ * چودھری رحمت علی 1933ء
☆ بھٹو نے کس صحافی کو پاکستان ٹائمز سے نکالا؟ * زیڈ اے سلہری
☆ 1971ء میں امریکہ کا صدر کون تھا؟ * نکسن NIXON
☆ مجیب اور بھٹو کے درمیان آخری ملاقات کب ہوئی؟
* دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقع پر فروری 1974ء
☆ ایوب خان نے جب اقتدار حاصل کیا تو اس وقت پاکستان کا وزیراعظم اور صدر کون تھے؟
* صدر سکندر مرزا، وزیراعظم ملک وزیر خان نون
☆ پوڈو اور ایبڈو آرڈر کس نے نافذ کیے۔ * ایوب خاں
☆ 1962ء کے آئین کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔
* آمرانہ نظام، بنیادی جمہوریت کا نظام بالواسطہ انتخابات
☆ اعلان تاشقند میں پاکستان اور بھارت کی نمائندگی کس کس نے کی؟
* صدر ایوب خان/ لال بہادر شاستری
☆ 1962ء کے آئین کی دو اسلامی شقیں لکھیئے۔
* اسلامی مشاورتی کونسل، قرآن و اسلامیات کی لازمی تعلیم
☆ 1965ء کی جنگ کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی؟ * 6 ستمبر 1965، 23 ستمبر 1965ء
☆ یحییٰ خان نے اپنی وزارتی کونسل کا اعلان کب کیا؟ * 4 اگست 1969ء
☆ ایوب خان نے تحریک پر قابو پانے کے لئے سیاسی رہنماؤں کو دعوت دی لیکن کن دو سیاسی رہنماؤں نے شرکت سے انکار کر دیا؟ * ذوالفقار علی بھٹو/ عبدالحمید خان بھاشانی
☆ 1970ء کے الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب اور سندھ میں قومی اسمبلی کی کتنی نشستیں حاصل کیں؟ * 62 پنجاب، 18 سندھ
☆ یحییٰ خان نے 1971ء کی جنگ بندی کا اعلان کب اور اقتدار کس کے حوالے کیا؟
* 17 دسمبر 1971ء۔ ذوالفقار علی بھٹو
☆ بھارت روس معاہدہ 1971ء کی وضاحت کیجئے۔
* بیس سالہ معاہدہ، فوجی سامان کی فراہمی، سیاسی و معاشی تعاون
☆ دو اسلامی ممالک کے نام لکھیئے جو پاکستان کے ہمسایہ ہیں۔ * افغانستان، ایران

☆ ذوالفقار علی بھٹو نے اکبر بگٹی کو بلوچستان کا گورنر کیوں بنایا اور کیوں ہٹایا؟
* بگٹی نے عراقی سفارت خانہ میں روسی اسلحہ کی مخبری کی، بگٹی نے بلوچستان میں فوجی آپریشن کی مخالفت کی۔
☆ پاکستان کا تیسرا آئین کب نافذ ہوا؟ * 14 اگست 1973ء
☆ پاکستان کے تیسرے اور چوتھے گورنر جنرل کا نام لکھیں۔ * ملک غلام محمد، سکندر مرزا
☆ پنجاب حد بندی کمیشن کے دو مسلم ارکان کے نام لکھیں۔ * جسٹس دین محمد، جسٹس محمد منیر
☆ پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کس نے اور کب توڑ دی؟ * ملک غلام محمد، 1954ء
☆ قرارداد مقاصد کے دو نکات لکھیں۔ * حاکمیت الٰہی، عدلیہ کی آزادی، اقلیتوں کو تحفظ
☆ دوسری دستور ساز اسمبلی کے ارکان کی تعداد کیا تھی؟ * 80
☆ لیاقت علی خان کے قاتل کا کیا نام تھا؟ * سید اکبر
☆ پاکستان کا قومی ترانہ کس نے لکھا؟ * حفیظ جالندھری
☆ زیڈ اے بھٹو کی حکومت کو کس نے ختم کیا؟ * ضیاء الحق
☆ 1970ء کے انتخابات میں حصہ لینے والی دو بڑی سیاسی جماعتوں کے نام تحریر کریں۔
* عوامی لیگ، پاکستان پیپلز پارٹی
☆ آر۔ سی۔ ڈی کے دو ممبر ممالک کے نام لکھیں۔ * ایران، ترکی، پاکستان
☆ معاہدہ تاشقند پر دستخط کرنے والے دو ممالک کے نام لکھیں۔ * بھارت پاکستان
☆ ایوب خان کے مقابلے میں صدارتی امیدوار کون تھا اور کون کامیاب ہوا؟
* محترمہ مس فاطمہ جناح، ایوب خان کامیاب ہوا
☆ پاکستان پیپلز پارٹی کب اور کہاں قائم کی گئی؟
* نومبر 1967ء، ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھیوں نے
☆ معاہدہ تاشقند میں پاکستانی صدر اور بھارتی وزیر اعظم کے نام لکھیں۔
* صدر ایوب خان/ بھارت کے وزیر اعظم لعل بہادر شاستری
☆ اگرتلہ سازش کیس کا مرکزی کردار کون تھا؟
* کہا جاتا تھا کہ مجیب الرحمٰن اس کا مرکزی کردار تھا۔
☆ قادیانیوں کو کب غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا؟
* 7 ستمبر 1974ء۔ ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں۔
☆ پاکستان نے بنگلہ دیش کو کب تسلیم کیا؟ * فروری 1974ء میں
☆ 1973ء کا آئین کب لاگو کیا گیا؟ * 14 اگست 1973ء سے
☆ زیڈ اے بھٹو کی زرعی اصلاحات کے دو نکات لکھیں۔
* اراضی کی حد 150 ایکڑ نہری 300 ایکڑ بارانی جاگیریں ضبط
☆ 1973ء کے آئین کے تحت پارلیمنٹ کے دو ایوانوں کے نام لکھیں۔ * سینٹ، قومی اسمبلی

مختصر سوالات (Short Questions)
جو مختلف بورڈز کے امتحانات میں سیٹ ہوئے

☆ قائداعظم محمد علی جناح کس شہر میں پیدا ہوئے؟
o کراچی

☆ قائداعظم سے گورنر جنرل کا حلف کس نے لیا؟
o جسٹس عبدالرشید چیف جسٹس پنجاب ہائی کورٹ

☆ سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟
o یکم جولائی 1948ء۔ قائداعظم محمد علی جناح

☆ قیامِ پاکستان کے وقت ہندوستان میں کتنی اسلحہ ساز فیکٹریاں تھیں؟
o 16

☆ پاکستان کے دو ابتدائی مسائل بیان کریں؟
o لاکھوں بے سروسامان مہاجرین اور مسلمان سرکاری ملازمین کو پاکستان لانے کا مسئلہ۔

☆ پاکستان کے پہلے وزیرِ قانون کون تھے اور ان کا تعلق کس مذہب سے تھا؟
o جوگندر ناتھ منڈل۔ ہندو تھے کلکتہ کے نمائندہ تھے اور اچھوت برادری سے تعلق رکھتے تھے۔

☆ قراردادِ مقاصد کب اور کس وزیراعظم کے دور میں منظور ہوئی؟
o 12 مارچ 1949ء۔ لیاقت علی خان

☆ لیاقت علی خان کی شہادت کس شہر میں اور کب ہوئی؟
o راولپنڈی میں۔ 16 اکتوبر 1951ء

☆ ملک غلام محمد کون تھے؟
o پہلے وزیرِ خزانہ، لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد خواجہ ناظم الدین وزیراعظم اور ملک غلام محمد گورنر جنرل بنے۔

☆ مولوی تمیز الدین کون تھے؟
o پہلی دستور ساز اسمبلی کے سپیکر، دستوریہ کی تحلیل کے بعد عدالتوں کے دروازے کھٹکھٹائے، ایوب خان حکومت میں سپیکر منتخب ہوئے (29 جون 1962ء۔ 19 اگست 1963ء)

☆ پاکستان کو کن دو ممالک نے محمد علی بوگرہ کے دور میں گندم برآمد کی؟
o امریکہ اور آسٹریلیا نے۔

☆ ایوب خان کب کمانڈر اور کمانڈر انچیف مقرر ہوئے؟
o دسمبر 1948ء میں کور کمانڈر۔ 17 جنوری 1951ء کو کمانڈر انچیف۔

☆ ایوب خان کی تعلیمی پالیسی کے دو نکات تحریر کریں۔
o (i) چھ سے گیارہ سال کے بچوں کو لازماً سکول بھیجا جائے۔ (ii) اعلیٰ تعلیم محدود اور مستحق طلبہ کے لئے مخصوص ہو۔ (iii) بی اے اور بی ایس سی کا دورانیہ تین سال کر دیا گیا۔

☆ اعلانِ تاشقند کب اور کس سلسلے میں ہوا؟
o 10 جنوری 1966ء۔ ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد تاشقند (روس) میں مذاکرات۔ لال بہادر شاستری۔ ذوالفقار علی بھٹو، روسی وزیراعظم سہولت کار۔

☆ سندھ طاس معاہدے کے تحت کتنی رابطہ نہریں قائم ہوئیں؟
o سات

☆ گورنر مغربی پاکستان امیر محمد خان کو کب ہٹایا گیا؟
o ستمبر 1966ء

☆ مسلم فیملی لاء آرڈیننس کب اور کس نے نافذ کیا؟
o 2 مارچ 1966ء صدر ایوب خان

☆ 1962ء کے آئین کی ناکامی کے اسباب تحریر کریں۔
o آمرانہ نظام۔ صوبوں کا عدم اطمینان اور مرکز گریز رجحانات، دستور کی آمرانہ روح کے خلاف شدید اضطراب۔ ''میں نہیں مانتا میں نہیں مانتا، اس دستور کو صبح بے نور کو
☆ ایوب خان کی سوانح حیات کا نام کیا ہے؟
o Frinds not masters۔ ''جس سے رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی''
☆ بونس ووچر سکیم کیا ہے؟
o ایکسپورٹ بڑھانے کے لئے کمائے گئے زرمبادلہ کے ایک حصے پر ''ووچر'' جاری کیا جاتا تھا جس سے کوئی بھی چیز درآمد کی جاسکتی تھی اور وہ ووچر بیچا بھی جاسکتا تھا۔
☆ یحییٰ خان نے مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان کا گورنر کس کو بنایا؟
o جنرل عتیق الرحمٰن (مغربی پاکستان) جنرل مظفرالدین (مشرقی پاکستان)
☆ 1970ء کے انتخابات میں عوامی لیگ اور پیپلز پارٹی نے کتنی نشستیں جیتیں؟
o عوامی لیگ 160 مشرقی پاکستان سے پیپلز پارٹی 81 (پنجاب 62، سندھ 18، سرحد 1KPK)
☆ یحییٰ خان نے لیبر اصلاحات کا اعلان کب کیا؟ o اپریل 1969ء
☆ مجیب الرحمٰن کے چھ میں سے دو نکات تحریر کریں۔
o (i) مرکزی حکومت (وفاق) کے پاس صرف دفاع اور امور خارجہ کے محکمے ہوں۔ (ii) ٹیکس لگانے کا اختیار صرف صوبوں کو ہو (iii) صوبائی حکومتوں کو ملیشیا یا نیم فوجی فورس قائم کرنے کا اختیار ہو۔
☆ بھٹو نے کب اور کہاں اقتدار حاصل کیا؟
o 20 دسمبر 1971ء۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں۔
☆ بھٹو نے کس کو اٹارنی جنرل مقرر کیا؟ o یحییٰ بختیار
☆ 1971ء کی جنگ کے دو نتائج تحریر کریں۔
o مشرقی پاکستان کی علیحدگی (2) بھٹو برسر اقتدار آئے۔
☆ بھٹو کی دو تعلیمی اصلاحات تحریر کریں۔
o (i) تمام سکولوں اور کالج سرکاری تحویل میں (ستمبر، اکتوبر 1972ء) (ii) نیشنل بک فاؤنڈیشن کا قیام (iii) میٹرک تک مفت تعلیم کا اعلان۔
☆ پاکستان کا پہلا سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کون تھا؟ o ذوالفقار علی بھٹو۔
☆ ذوالفقار علی بھٹو اور ممتاز بھٹو میں کیا رشتہ ہے؟ o ذوالفقار علی بھٹو کی پہلی بیگم امیر بیگم کے بھائی تھے اور کزن بھی۔
☆ احمدیوں کو کب اور کس نے غیر مسلم قرار دیا؟
o ذوالفقار علی بھٹو نے 7 ستمبر 1974ء کو۔ قومی اسمبلی نے فیصلہ کیا۔
☆ تیسرا آئین کب اور کس نے بنایا؟
o ذوالفقار علی بھٹو، عبوری دستور (7 اپریل 1972ء) مستقل دستور 14 اگست 1973ء کو نافذ ہوا۔
☆ 1973ء کے آئین میں کونسا طرز حکومت اختیار کیا گیا؟ o پارلیمانی طرز حکومت۔

☆ 1973ء کے آئین کی دو اسلامی دفعات لکھیں۔

o نام اسلامی جمہوریہ پاکستان سرکاری مذہب اسلام، قوانین کو قرآن و سنت کی روشنی میں ڈھالنے کے لئے اقدامات کا وعدہ، صدر وزیر دونوں کا مسلمان ہونا ضروری ان کے حلف نامے میں ختم نبوت کا اقرار لازمی۔

☆ 1976ء میں بھٹو نے کس کو آرمی چیف مقرر کیا؟ o ضیاء الحق کو

☆ 1973ء کے آئین کے تحت سینیٹ کے ارکان کی تعداد کیا تھی؟ o 63

☆ جنوری 1974ء میں بلوچستان کا گورنر کس کو بنایا گیا؟ o غوث بخش رئیسانی

☆ پاکستان میں شامل ہونے والی دو ریاستوں کے نام لکھئے۔ o بہاولپور، خیر پور، دیر، چترال، سوات، مکران، لس بیلہ

☆ ریاست حیدر آباد دکن پر بھارت نے کیسے قبضہ کیا؟

o جون 1948ء میں بھارت نے فوجی کارروائی کا آغاز کیا اور 17 ستمبر 1948ء کو نظام حیدر آباد نے ہتھیار ڈال دیئے۔

☆ صوبہ مغربی پاکستان کے دو وزرائے اعلیٰ کے نام لکھئے۔

o (i) ڈاکٹر خان صاحب (ii) نواب مظفر علی قزلباش

☆ ری پبلکن پارٹی کب اور کہاں بنائی گئی؟

o اپریل 1956ء۔ لاہور۔ سکندر مرزا اور گورمانی کی مدد سے ارکان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ڈاکٹر خان صاحب کی ون یونٹ پارٹی مسلم لیگ کے بہت سے لوگ ڈاکٹر خان صاحب سے جا ملے اور ری پبلکن پارٹی کے قیام کا اعلان کر دیا گیا۔

☆ قرارداد مقاصد کی اہمیت کے بارے میں دو نکات تحریر کیجئے۔

o (i) پاکستان کو اسلامی ریاست قرار دیا گیا۔ (اسلام کے اصولوں کی روشنی میں ایک جدید رفاہی ریاست) (ii) وفاقی نظام صوبائی خودمختاری کے اصول تسلیم کر لئے گئے۔

☆ گوادر کی بندرگاہ کو کس وزیر اعظم کے عہد میں اور کتنے میں خریدا گیا؟

o ملک فیروز خان نون چالیس کروڑ پونڈ 8 ستمبر 1958ء

☆ قیام پاکستان کے بعد سردار عبدالرب نشتر کی دو اہم خدمات بیان کیجئے۔

o پاکستان کی پہلی کابینہ میں وزیر مواصلات تھے۔ بعد میں پنجاب کے گورنر بھی بنے۔ جنوری 1956ء میں مسلم لیگ کے صدر منتخب ہوئے، بااصول انسان اور مستعد کارکن تھے۔

☆ پہلی دستور ساز اسمبلی کس نے اور کب توڑی؟ o 24 اکتوبر 1954ء۔ ملک غلام محمد گورنر جنرل نے تحلیل کی۔

☆ پارلیمانی نظام حکومت سے کیا مراد ہے؟

o پارلیمان منتخب ہو اور جسے اس میں اکثریت کی حمایت حاصل ہو وہ حکومت بنائے اور اس وقت تک وزیر اعظم رہے جب تک اسے اکثریت کی حمایت حاصل رہے۔

☆ کشمیر میں جنگ بندی کب اور کیسے عمل میں آئی؟

o بھارت نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے خلاف شکایت کی تھی۔ سلامتی کونسل نے جنگ بندی کی قرارداد پاس کی کشمیر کا فیصلہ عوام کی رائے مطابق (استصواب رائے) حل کرنے کا یقین دلایا اور یکم جنوری 1949ء کو جنگ بندی ہوگئی۔

☆ ایوب حکومت نے زرعی اصلاحات کا اعلان کب کیا؟ o 24 جنوری 1959ء

☆ 1962ء کے آئین کی دو خصوصیات تحریر کریں۔ o صدارتی نظام بالواسطہ انتخاب بنیادی جمہوریت کا نظام۔

☆ ایوب خان نے جب اقتدار حاصل کیا تو اس وقت پاکستان کے وزیراعظم اور صدر کون تھے؟

o وزیراعظم ملک فیروز خان نون، صدر سکندر مرزا۔

☆ 1962ء کے آئین کی دو اسلامی شقیں لکھیے۔

o قرارداد مقاصد دستور کی تمہید (بطور رہنما اصول) ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان (ترمیم کے بعد) پاکستان میں کوئی قانون قرآن وسنت کے خلاف نہیں ہوگا۔

☆ سندھ طاس معاہدہ کن دو ممالک کے درمیان طے پایا؟ o بھارت اور پاکستان

☆ 1965ء کی جنگ کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی؟

o 6 ستمبر 1965ء سے 23 ستمبر 1965ء تک

☆ 1965ء کی جنگ کے دوران پاکستان آرمی کے کمانڈر انچیف کون تھے؟ o جنرل موسیٰ خان

☆ اعلان تاشقند میں پاکستان اور بھارت کی نمائندگی کس نے کی؟ o ایوب خان۔ لال بہادر شاستری

☆ ایوب خان نے تحریک پر قابو پانے کیلئے سیاسی رہنماؤں کو دعوت دی لیکن کن دو سیاسی رہنماؤں نے شرکت سے انکار کر دیا؟

o ذوالفقار علی بھٹو، مولانا عبدالحمید بھاشانی

☆ ایوب خان نے اقتدار نے کب اقتدار چھوڑا اور کب فوت ہوئے؟

o 25 مارچ 1969ء۔ وفات 20 اپریل 1974ء

☆ پیپلز پارٹی کا منشور کیا تھا؟ o روٹی کپڑا اور مکان

☆ ذوالفقار علی بھٹو صدر پاکستان کب بنے؟ o 20 دسمبر 1971ء

☆ بھٹو نے مجیب الرحمٰن کو کب رہا کیا؟ o 8 جنوری 1972ء

☆ ایف ایس ایف کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

o وفاقی حکومت کے احکامات پر عمل درآمد کرانے لئے خصوصی فورس بنائی گئی۔

☆ بھٹو نے اپنی تعلیمی اصلاحات کا اعلان کب کیا؟ o 15 مارچ 1972ء

☆ 1973ء کا آئین کب نافذ ہوا اور کون وزیراعظم بنے؟ o 14 اگست 1973ء۔ ذوالفقار علی بھٹو۔

☆ پاکستان SEATO سے کب علیحدہ ہوا؟ o 9 نومبر 1972ء

☆ پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس کب اور کہاں ہوئی؟ o ستمبر 1969ء رباط (مراکش) میں

☆ بنڈونگ کانفرنس میں پاکستان کی نمائندگی کس نے کی؟ o محمد علی بوگرہ

☆ زیڈ اے بھٹو نے اٹارنی جنرل آف پاکستان کسے مقرر کیا؟ o یحییٰ بختیار

☆ پاکستان نے دولت مشترکہ کو کب چھوڑا اور اس وقت صدر کون تھے؟

o 30 جنوری 1972ء ذوالفقار علی بھٹو۔

☆ کس سن میں کس شہر کو پاکستان کا دارالحکومت قرار دیا گیا؟ o 1947ء۔ کراچی نومبر 1966ء اسلام آباد

☆ پہلی تحریک ختم نبوت کس سن میں کس وزیر اعظم کے دور میں شروع ہوئی؟

o 18 مئی 1952ء سے آغاز 1953ء میں مارشل لاء لگانا پڑا۔ خواجہ ناظم الدین

☆ وزیر اعظم لیاقت علی خان کے دو آئینی اقدامات لکھیں۔

o (i) قرارداد مقاصد پاس ہوئی۔ (ii) 12 مارچ 1949ء بنیادی اصولوں کی کمیٹی کی تشکیل B.P.C

☆ ریڈکلف ایوارڈ پر نوٹ لکھیں۔ o کتاب دیکھیں۔

☆ پاکستان کے پہلے اور آخری گورنر جنرل کے بارے میں لکھیں۔

o پہلے گورنر جنرل قائداعظم محمد علی جناح آخری گورنر جنرل سکندر مرزا جو جمہوریہ بننے کے بعد صدر بن گئے۔

☆ محمد علی نامی کتنے وزیر اعظم بنے؟ o محمد علی چوہدری، محمد علی بوگرہ

☆ ون یونٹ کب اور کیوں بنا؟

o 14 اکتوبر 1955ء۔ مغربی اور مشرقی پاکستان کے درمیان مساوات کا تقاضا تھا۔

☆ 1973ء کے آئین میں کونسا طرز حکومت اختیار کیا گیا؟ o وفاقی پارلیمانی نظام

☆ ریڈکلف نے کون سے دو مسلم علاقے / پاکستان سے چھین لئے۔

o پٹھان کوٹ گورداسپور بٹالہ کی تحصیلیں

☆ ایوب خان نے سکندر مرزا کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

o چار جرنیلوں نے اس سے استعفیٰ پر دستخط کروائے اور اسے بخیر و عافیت لندن بھیج دیا۔

☆ پاکستان کا پہلا صدر کون اور کب بنا؟ o سکندر مرزا، 23 مارچ 1956ء

☆ ایوب خان کے دور میں مغربی پاکستان کا گورنر کون تھا؟ o اختر حسین، نواب امیر محمد خان

☆ جنرل اعظم کو ایوب خان کی کابینہ میں کونسا محکمہ دیا گیا؟ o مہاجرین کی آبادکاری اور متروکہ جائیدادوں کا فیصلہ۔

☆ ایوب خان کی وفات کب اور کس شہر میں ہوئی؟ o 20 اپریل 1974ء اسلام آباد۔

☆ سندھ طاس معاہدہ کب اور کس شہر میں طے ہوا؟ o کراچی میں، 19 ستمبر 1960ء

☆ پہلی پاک بھارت جنگ کب ہوئی اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟

o 1965ء میں ہوئی نتیجہ اعلان تاشقند جس میں باہمی معاملات کو معمول پر لانے کا فیصلہ، کشمیر کا مسئلہ زندہ ہوگیا۔

☆ بونس ووچر سکیم کا اجراء کس نے کیا؟ o صدر ایوب خان نے۔

☆ 1966ء میں بھارت کا وزیر اعظم کون تھا؟ o لال بہادر شاستری

☆ فروری 1972ء میں عراقی سفیر کو پاکستان سے کیوں نکالا گیا؟

o عراق سفارت خانہ سے تخریب کاری کے لئے رکھا گیا اسلحہ برآمد ہوا تھا۔

☆ 1971ء کی جنگ کا کیا نتیجہ نکلا؟

o مشرقی پاکستان کی علیحدگی، بنگلہ دیش وجود میں آیا۔ مغربی پاکستان میں بھٹو کو اقتدار ملا۔

☆ 1973ء کے آئین کے تحت پہلا وزیر اعظم کون تھا؟ o ذوالفقار علی بھٹو۔

☆ ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں وزیر تعلیم کون تھے؟ o عبدالحفیظ پیرزادہ۔

☆ پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام تحریر کریں۔ o بھارت، چین، افغانستان، ایران

☆ بنگلہ دیش کب وجود میں آیا؟
o 1970ء کی جنگ کے بعد عملاً 16 دسمبر 1971ء کو جب جنرل نیازی نے ہتھیار ڈالے۔
☆ مشرقی اور مغربی پاکستان کے درمیان کونسا ملک تھا؟ o بھارت
☆ شیر بنگال کس کو کہا جاتا تھا؟ o مولوی فضل الحق جنہوں نے قرارداد پاکستان پیش کی تھی۔
☆ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم اور پہلے گورنر جنرل کا نام لکھئے۔
o پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان پہلے گورنر جنرل محمد علی جناح۔
☆ پہلی دستور ساز اسمبلی کی تعداد کتنی تھی اور اس کے سپیکر کون تھے؟
o سپیکر مولوی تمیز الدین۔ تعداد 69+6+4=79
☆ لیاقت نہرو معاہدہ کے دو نکات لکھئے۔
o (i) دونوں ریاستیں اقلیتوں کو بلالحاظ مذہب و ملت شہریت کے مکمل حقوق دیں گی۔ (ii) مغربی بنگال آسام تری پورہ اور مشرقی بنگال کے لوگوں کو حق ہوگا کہ وہ 1950ء کے آخر تک اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں وہ اپنی غیر منقولہ جائیداد بیچ سکیں گے۔
☆ خواجہ ناظم الدین کی حکومت کو کب اور کس نے برطرف کیا؟ o ملک غلام محمد نے 17 اپریل 1953ء کو
☆ پاکستان میں آئین کی تاخیر کے دو اسباب لکھیں۔
o (i) لسانی مسئلہ۔ پاکستان کی قومی زبان صرف اردو ہو یا اردو اور بنگالی دونوں۔ (ii) پارلیمنٹ میں نمائندگی کے تناسب کا مسئلہ۔ مشرقی پاکستان کی آبادی 56 فیصد تھی اور وہ آبادی کے تناسب سے قومی اسمبلی کی نشستیں مانگتے تھے۔
☆ لیاقت علی خان کی کابینہ کے دو وزراء کے نام لکھئے۔ o عبدالرب نشتر۔ ملک غلام محمد۔ چوہدری نذیر احمد خان۔
☆ پہلی دستور ساز اسمبلی کس نے کب توڑی؟ o 24 اکتوبر 1954ء کو گورنر جنرل غلام محمد نے توڑی۔
☆ دو ممالک کے نام لکھئے جو سیٹو کے ممبر تھے۔ o برطانیہ فرانس آسٹریلیا نیوزی لینڈ پاکستان
☆ پاکستان کا قومی ترانہ کس نے لکھا؟ o حفیظ جالندھری۔
☆ شیخ مجیب لرحمٰن نے 6 نکات کب پیش کئے؟
o 1966ء اعلان تاشقند کے بعد حزب مخالف کے اجلاس میں پیش کئے۔
☆ عائلی قوانین کا نفاذ کب ہوا؟ o 2 مارچ 1961ء
☆ بی ڈی سسٹم سے کیا مراد ہے؟ یہ کس نے متعارف کروایا؟
o بنیادی جمہوریت کا نظام اس میں محلوں میں یونین کمیٹی اور دیہات میں یونین کونسل بنتی تھی اس کے منتخب ممبران قومی اسمبلی اور صدر کو بھی منتخب کرتے تھے۔
☆ 1962ء کے آئین کی دو خصوصیات لکھیں۔
o (i) فرد واحد کی تخلیق جس کو کسی اسمبلی نے پاس نہیں کیا اور آرڈی نینس کے ذریعے نافذ ہو۔ (ii) بالواسطہ انتخاب بنیادی جمہوریت کے ارکان کے ووٹ سے صدر اور اسمبلیاں منتخب ہوتی تھیں۔
☆ ایم ایم عالم کون تھے؟
o پاک فضائیہ کے مایہ ناز ہواباز جنہوں نے ایک سمارٹ طیارے کے ذریعے بھارت میں کامیاب کارروائیاں

کیں۔ 1965ء کی جنگ کے ہیرو۔

☆ سندھ طاس معاہدہ کیوں ہوا؟

o بھارت نے پاکستان میں داخل ہونے والے دریاؤں کا پانی روکا پاکستان نے فوری ضرورت کے پیش نظر قیمتاً پانی لینا شروع کیا۔ تنازعہ چلتا رہا بالآخر ورلڈ بنک کی وساطت سے معاہدہ ہوگیا۔

☆ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے دو اسباب بیان کیجئے۔

o مسئلہ کشمیر، تحریک حریت سے بھارت تنگ آگیا بھارت نے 6 ستمبر کو حملہ کر دیا۔

☆ 1958ء میں مارشل لاء کے نفاذ کے دو اسباب بیان کیجئے۔

o (i) ملک میں سیاسی انتشار (ii) معاشی بحران (iii) ایوب خان، سکندر مرزا کا اقتدار پر قبضہ کا منصوبہ۔

☆ آر سی ڈی سے کیا مراد ہے؟

o میثاق استنبول علاقائی تعاون برائے ترقی۔ ارکان ایران، ترکی اور پاکستان کے درمیان 1964ء میں یہ معاہدہ ہوا۔

☆ پاکستان میں دوسرا مارشل لاء کس نے لگایا؟ o آغا محمد یحییٰ خان نے۔

☆ یحییٰ خان نے کب اقتدار سنبھالا؟ o 25 مارچ 1969ء

☆ معاہدہ شملہ پر کب دستخط ہوئے؟ o 2 جولائی 1972ء

☆ 1973ء کا آئین کب نافذ ہوا؟ o 14 اگست 1973ء

☆ ذوالفقار علی بھٹو کے پہلے وزیر تعلیم کون تھے؟ o عبدالحفیظ پیرزادہ۔

☆ سانحہ مشرقی پاکستان کی تحقیقات کے لئے قائم کمیشن کا نام لکھیں۔ o حمود الرحمٰن کمیشن

☆ پاکستان کے دو ہمسایہ ممالک کے نام لکھیں۔ o بھارت، افغانستان، ایران، چین

☆ ون یونٹ کب اور کس نے ختم کیا؟ o آغا محمد یحییٰ خاں یکم اپریل 1970ء

☆ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے دو اسباب تحریر کریں۔

o (i) مشرقی پاکستان کے عوام کا اضطراب (ii) شیخ مجیب الرحمٰن کی علیحدگی کی سیاست (iii) بھارت کی مداخلت (iv) یحییٰ حکومت کی نااہلی۔

☆ پاکستان اور چین کے درمیان قائم شاہراہ کا نام لکھیں۔ o شاہراہ قراقرم۔

☆ 1969ء کے مارشل لاء کی دو وجوہات بیان کریں۔

o (i) زبردست سیاسی انتشار (ii) ایوب خان کے آمرانہ نظام کے خلاف ردعمل (iii) یحییٰ خان کی خواہش اقتدار۔

☆ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے دو بنیادی اصول لکھیں۔

o (i) ملکی سالمیت کا تحفظ (ii) کشمیری مسلمانوں کی آزادی کی حمایت (iii) اسلامی ممالک کے اتحاد کی کوشش (iv) چین کو اس کا جائز مقام دلانے کی جدوجہد۔

☆ پاکستان کی پہلی دستور یہ کیسے وجود میں آئی؟

o پاکستان میں شامل علاقوں سے منتخب نمائندگان = 69 + مہاجر ہو کر آنے والے قائدین = 6 + پاکستان میں شامل ہونے والی ریاستوں کی نمائندگی 4 کل 79۔

☆ قائداعظم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ o 25 دسمبر 1876ء، کراچی

☆ کراچی کو دارالحکومت کیوں بنایا گیا؟

o سندھ واحد صوبہ تھا جو بغیر تقسیم کے پاکستان میں شامل ہوا نیز کراچی کی بندرگاہ مشرقی، مغربی پاکستان کے درمیان رابطہ کا ذریعہ تھی۔

☆ پروڈا پر نوٹ لکھیے۔

o وہ قانون جو لیاقت علی خان نے وزرا اور پبلک آفس رکھنے والوں کو نااہل قرار دینے کے لئے بنایا تھا جس کے تحت صوبہ سندھ کے بعض لیڈر بھی نااہل قرار پائے۔

☆ قرارداد مقاصد کے دو نکات لکھیے۔

o (i) اللہ تعالیٰ کا اقتدار اعلیٰ (ii) کوئی قانون قرآن و سنت کے خلاف نہیں بنایا جائے گا۔

☆ پاک افغان سرحد کو کیا نام دیا گیا؟ o ڈیورنڈ لائن۔

☆ پاکستان نے گوادر کا علاقہ کس ملک سے خریدا؟ o مسقط سے۔

☆ بنیادی اصولوں کی کمیٹی کیا ہے؟

o قرارداد مقاصد پاس ہونے کے بعد دستوری بنیادیں طے کرنے کے لئے جو کمیٹی بنائی گئی اس میں اسلامی دستور کے حامی اور جدت پسند دونوں شامل تھے۔

☆ وحدت مغربی پاکستان کیا تھی؟

o مغربی پاکستان کے تمام صوبوں (پنجاب، سندھ، بلوچستان اور سرحد KPK) کو ملا کر ایک صوبہ بنایا گیا جس کا صدر مقام لاہور تھا۔

☆ چوہدری محمد علی کب وزیر اعظم بنے؟ o 10 اگست 1955ء

☆ قائداعظم کب اور کہاں فوت ہوئے؟ o 11 ستمبر 1948ء کراچی میں۔

☆ ایوب خان کے مارشل لاء کے فوراً بعد کے دو اقدامات لکھیے۔

o سکندر مرزا کی علیحدگی 27 اکتوبر 1958ء، پرائس کنٹرول، امن و امان کی بحالی، سمگلنگ کی روک تھام، غیر ملکوں سے زرمبادلہ کی واپسی کے اقدامات۔

☆ ایوب خان کی دو زرعی اصلاحات لکھیے۔

o (i) زمین کی ملکیت کی حد 36 ہزار پیداواری یونٹ (500 ایکڑ نہری یا 100 ایکڑ بارانی) (ii) زائد زمین حکومت کے پاس 25 سالہ بانڈز کی صورت میں قیمت کی ادائیگی (iii) باغات اور چراگاہوں اور اپنے خاندان کے لوگوں کو زمین دینے کی گنجائش۔

☆ 1962ء کے آئین میں صدر کے کتنے اختیارات تھے؟

o وہ لائل پور کا گھنٹہ گھر تھا وہ انتظامیہ کا سربراہ تھا۔ پارلیمنٹ بی ڈی ممبروں کے ذریعہ منتخب ہوتی تھی۔ صدر کو آرڈیننس کے ذریعے قانون سازی کا اختیار تھا وہ ہائی کورٹ کا چیف جسٹس بھی خود ہی نامزد کرسکتا تھا۔ (منظور قادر)

☆ 1965ء کی جنگ میں بھارت کے وزیراعظم کون تھے؟ o لال بہادر شاستری

☆ منظور قادر نے ایوب دور میں کن کن عہدوں پر کام کیا؟

o وہ وزیر خارجہ رہے، آئین کمیشن کے سربراہ رہے۔ 1962ء کا آئین انہوں نے ہی بنایا تھا۔

☆ مجیب الرحمٰن کے چھ نکات کی دو وجوہات لکھیے۔
o (i) مشرقی پاکستان کے لوگوں کا احساس محرومی۔ (ii) بھارت کی انگیخت
☆ 1965ء کی جنگ کے دو اثرات بیان کیجیے۔
o (i) مسئلہ کشمیر دنیا کی توجہ کا مرکز بنا۔ (ii) معاہدہ تاشقند کے خلاف جو ردعمل ہوا وہ ایوب خان کو بھی لے ڈوبا۔
☆ ایوب خان کی خودنوشت کا نام لکھیے۔
o Frinds not masters۔ ''جس سے رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی''
☆ ایوب خان نے متروکہ جائیداد کا مسئلہ کیسے حل کیا؟ o کتاب دیکھیں۔
☆ ایوب خان نے سیاستدانوں کو کس قانون کے تحت نااہل قرار دیا؟ o EBDO
☆ ایوب خان کی سیاسی پارٹی کا نام لکھیے۔ o کنونشن مسلم لیگ۔
☆ 1962ء کا دستور کب اور کس نے منسوخ کیا؟ o مارچ 1969ء، یحییٰ خان
☆ اگرتلہ سازش کیس کی وضاحت کیجیے۔
o ایوب خان کے دورہ مشرقی پاکستان کے دوران ان کو قتل کرنے کی سازش جو بھارت نے کی، شیخ مجیب الرحمٰن کو بھی اس میں ملوث کیا گیا اس کے نتائج زیادہ خطرناک نکلے۔
☆ 1970ء کے انتخابات میں عوامی لیگ اور پیپلز پارٹی نے کتنی نشستیں حاصل کیں؟
o عوامی لیگ 162، پیپلز پارٹی 81
☆ بھارت کے گنگا نامی جہاز کو کب اور کس نے اغواء کیا؟
o مقبول بٹ، ہاشم۔ جب مشرقی پاکستان میں خانہ جنگی ہو رہی تھی۔
☆ بھٹو حکومت نے روپے کی قیمت میں کب اور کتنی کمی کی؟
o 12 مئی 1972ء۔ روپے کی قیمت 57 فیصد کم کر دی گئی۔
☆ شملہ معاہدہ کی وضاحت کیجیے۔
o 1971ء کی جنگ کے بعد شملہ میں اندرا گاندھی اور ذوالفقار علی بھٹو کے درمیان ملاقات (28 جون تا 2 جولائی 1972ء) آخری دن ون ٹو ون ملاقات میں معاملات طے پا گئے۔ (خلاصہ فوجیں واپس، سرحدات کا احترام معاہدہ، مقبوضہ علاقے واپس، جنگ بندی لائن کا احترام، جنگی قیدیوں کی واپسی پر گفت وشنید جاری رہے گی)
☆ بھٹو حکومت کی زرعی اصلاحات میں سے دو نکات تحریر کیجیے۔
o زمین کی حد ملکیت کم کر دی گئی 100 ایکڑ نہری، 200 ایکڑ بارانی، مالیہ معاف، 25 ایکڑ سے زیادہ نہری زمین کے مالکان پر زرعی ٹیکس)
☆ پاکستان کب اور کس کے دور حکومت میں سینٹو سے الگ ہوا؟ o 12 مارچ 1979ء ضیاء الحق کے دور میں۔
☆ 1973ء کے دستور کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔
o پارلیمانی طرز حکومت، دو ایوانی مقننہ، براہ راست انتخابات، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ، وفاقی نظام
☆ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کب اور کہاں ہوئی؟ o 22 فروری 1974ء کو لاہور میں منعقد ہوئی۔
☆ قیام پاکستان کے وقت برطانوی وزیراعظم اور بادشاہ کا نام لکھیے۔ o وزیراعظم اٹیلی بادشاہ جارج ششم

☆ پاکستان کے پہلے وزیر قانون اور وزیر دفاع کون تھے؟ o وزیر قانون جوگندر ناتھ منڈل وزیر دفاع لیاقت علی خان

☆ لیاقت علی خان کی بطور وزیر اعظم دو خدمات تحریر کیجئے؟

o (1) قرارداد مقاصد پاس کروائی (2) بی آر بی کینال تعمیر کروائی۔

☆ 1956ء کے آئین کی دو اسلامی دفعات لکھیے۔

o (i) قرارداد مقاصد دستور میں ابتدائیہ کے طور پر شامل تھی۔ (ii) سربراہ ریاست کے لئے مسلمان ہونا ضروری تھا۔

☆ سکندر مرزا کون تھے؟

o تیسرے گورنر جنرل، پہلے صدر پاکستان ری پبلکن پارٹی کے خالق، مارشل لاء 1958ء لگانے والے۔

☆ SEATO کس کا مخفف ہے؟

o South Eastern Asian Treaty Organition جنوب مشرقی ایشیا کے ممالک کے درمیان دفاعی معاہدہ تحفظ۔

☆ بنیادی جمہورتیوں کے نظام کے دو درجات بیان کیجئے۔ o ڈویژنل کونسلو۔ ضلع کونسل یا ایجنسی کونسل

☆ معاہدہ تاشقند کن دو ممالک کے درمیان ہوا؟ o پاکستان بھارت

☆ مشتاق گورمانی کون تھے؟

o لیاقت علی خان کی وزارت میں وزیر۔ مغربی پاکستان ون یونٹ کے گورنر۔ سہروردی کے دوست، جس نے سکندر مرزا کے کہنے پر انہیں الگ کر دیا۔

☆ ہنری کسنجر کا تعلق کس ملک سے تھا؟ o امریکہ

☆ جب معاہدہ تاشقند ہوا تو اس وقت ہندوستان کا وزیر اعظم کون تھا؟ o لال بہادر شاستری

☆ 1956ء کے آئین کی دو خصوصیات لکھیے۔

o پارلیمانی نظام، براہ راست انتخاب یک ایوانی مقننہ

☆ آر۔سی۔ڈی کے دور کن ممالک کے نام لکھیے o پاکستان، ایران، ترکی

☆ ایوب خان نے زرعی اصلاحات کب نافذ کیں؟ o 24 جنوری 1959ء

☆ 1965ء کی جنگ کب شروع ہوئی؟ o 6 ستمبر 1965ء

☆ جب ایوب خان نے اقتدار سنبھالا اس وقت پاکستان کے وزیر اعظم کون تھے؟ o ملک فیروز خان نون۔

☆ ذوالفقار علی بھٹو نے کن دو فوجی جرنیلوں کو ریٹائر کیا؟

o پہلی قسط میں سات فوجی جرنیل ریٹائر ہوئے بعد میں لیفٹیننٹ جنرل گل حسن اور ایئر مارشل عبدالرحیم۔

☆ معاہدہ دہلی 1973ء کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

o 18 اگست 1973ء تمام جنگی قیدی رہا کئے جائیں گے۔ بھارت 95 پر مقدمات چلانے پر مصر تھا۔ یہ قیدی فروری 1974ء میں بنگلہ دیش تسلیم کرنے کے بعد رہا ہوئے۔

☆ ڈیورنڈ لائن کیا ہے؟ o پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد جو 1893ء میں طے کی گئی تھی۔

☆ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد کس نے عبوری آئین نافذ کیا؟

o ذوالفقار علی بھٹو جو صدر اور سول مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر تھے۔

☆ ایکو کے دو بنیادی ممبران کے نام لکھیے۔
O ایران ترکی پاکستان۔
☆ ضیاء الحق مارشل لاء کے نفاذ کے وقت وزیر اعظم اور صدر کون تھے؟
O ذوالفقار علی بھٹو وزیر اعظم صدر چوہدری فضل الٰہی۔
☆ پاکستان کے دو غیر مسلم پڑوسی ممالک کے نام لکھیے۔
O بھارت چین
☆ ذوالفقار علی بھٹو کی خارجہ پالیسی کے دو نکات لکھیے۔
O جنگ 1971ء میں ناکامی کے اثرات کا ازالہ، بھارت کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانا، جنگی قیدیوں کی واپسی، اسلامی دنیا کا اتحاد، دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کا انعقاد۔
☆ U-2 کس ملک کا طیارہ تھا؟
O امریکہ کا طیارہ جو پشاور سے اڑ کر روس پر جاسوسی کی پرواز کرتا ہوا گرایا گیا اور روسی حکومت نے پاکستان کو شدید وارننگ دی۔
☆ سنٹرل ایشیاء کی دو ریاستوں کے نام لکھیے۔
O آذربائی جان، ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان، قازقستان، کرغیزستان
☆ ایران میں اسلامی انقلاب کب آیا؟
O جنوری 1979ء شاہ ایران کی روانگی، امام خمینی یکم فروری 1979ء کو تہران پہنچے۔
☆ تقسیم کے وقت پاکستان کے کتنے صوبے تھے؟
O پانچ۔ پنجاب، سندھ، بلوچستان، صوبہ سرحد KPK، مشرقی بنگال
☆ پاکستان نے گوادر کس ملک سے خریدا؟
O مسقط سے
☆ پاکستان اور بھارت دونوں کا گورنر جنرل بننے کی خواہش کس کی تھی؟
O لارڈ ماؤنٹ بیٹن
☆ اس شخصیت کا نام بتائیے جو پاکستان کے وزیر خزانہ اور گورنر جنرل رہے۔
O ملک غلام محمد
☆ ملک غلام محمد کو کیوں اور کس نے رخصت پر جانے پر آمادہ کیا؟
O چوہدری محمد علی نے سکندر مرزا کی مدد سے، ملک صاحب مخبوط الحواس ہو گئے، مفلوج تھے اور بستر پر پڑے پڑے گالیاں دیتے رہتے تھے۔
☆ لیاقت علی خان کو کس نے اور کہاں شہید کیا؟ O سید اکبر۔ کمپنی باغ راولپنڈی جس کو اب لیاقت باغ کہتے ہیں۔
☆ دوسری قانون ساز اسمبلی کے کتنے ممبران تھے؟
O 80
☆ کرشک سرامک اسلامی پارٹی کا صدر کون تھا؟
O اے کے فضل الحق
☆ پنجاب کا پہلا وزیر اعلیٰ کون تھا؟
O نواب افتخار حسین ممدوٹ
☆ پروڈا کا قانون کب نافذ ہوا؟
O جنوری 1949ء
☆ پاکستان کا پہلا مارشل لاء کس نے لگایا؟ O سکندر مرزا نے اعلان کیا اور محمد ایوب خان مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بنے۔
☆ پاکستان کا دوسرا آئین کس نے متعارف کروایا؟
O ایوب خان نے۔
☆ 1969ء کے مارشل لاء کی کوئی سی دو وجوہات تحریر کیجیے۔
O (i) اعلان تاشقند کے بعد احتجاجی تحریکیں زور پکڑ گئیں اور ایوب خان کے کنٹرول سے باہر ہو گئیں۔ (ii) یحییٰ

خان اور اس کے ساتھی بھی اقتدار کے خواہاں تھے اس لئے انہوں نے انتشار پر قابو پانے کی کوئی کوشش نہ کی۔

☆ وحدت مغربی پاکستان کب قائم ہوئی؟ o 14 اکتوبر 1955ء

☆ معاہدہ تاشقند کب ہوا؟ o 10 جنوری 1966ء

☆ ایل ایف او سے کیا مراد ہے؟

o لیگل فریم ورک آرڈر۔ وہ دستوری ڈھانچہ جو یحییٰ خان نے پیش کیا۔(29 مارچ 1970ء)

☆ پاک بھارت جنگ 1965ء کے دوران پاکستانی وزیر خارجہ کون تھے؟ o ذوالفقار علی بھٹو۔

☆ ایوب خان کے مقابلے میں صدارتی امیدوار کون تھا؟ o مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح

☆ یحییٰ خان نے اقتدار کس سے حاصل کیا؟ o ایوب خان سے۔

☆ بھٹو دور میں صوبہ سرحد کا وزیر اعلیٰ کون تھا؟

o مولانا مفتی محمود یکم مئی 1972ء تا 18 فروری 1973ء، سردار عنایت اللہ گنڈا پور اپریل 1973ء تا یکم مئی 1973ء نصر اللہ خان خٹک 2 مئی 1975ء تا 5 جولائی 1977ء

☆ پاکستان دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟

o 10 اگست 1947ء کراچی میں۔

☆ پاکستان کی پہلی کابینہ کے دو ممبران کے نام تحریر کیجئے۔ o عبدالرب نشتر، جوگندر ناتھ منڈل

☆ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کون تھے اور ان سے کس نے حلف لیا؟

o قائداعظم محمد علی جناح۔ جسٹس عبدالرشید چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے۔

☆ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کب کراچی پہنچا؟ o 13 اگست 1947ء

☆ لیاقت علی خان کے بعد کب اور کون پاکستان کے وزیر اعظم بنے؟ o خواجہ ناظم الدین 17 اکتوبر 1951ء

☆ بنیادی اصولوں کی کمیٹی نے اپنی دوسری رپورٹ کس سال پیش کی؟ o 22 دسمبر 1952ء

☆ پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کو کب اور کس نے معزول کیا؟ o ملک غلام محمد نے 24 اکتوبر 1954ء

☆ 1954ء میں دستور ساز اسمبلی کے سپیکر کون تھے؟ o مولوی تمیز الدین

☆ 1956ء کا آئین کب نافذ ہوا؟ o 23 مارچ 1956ء

☆ پاکستان نے سیٹو میں کب شمولیت اختیار کی؟ o 1954ء

☆ 1956ء کے آئین کے تحت پاکستان کا نام تحریر کیجئے۔ o اسلامی جمہوریہ پاکستان۔

☆ آر۔سی۔ڈی معاہدہ کن ممالک کے درمیان طے پایا؟ o پاکستان، ایران، ترکی

☆ سندھ طاس معاہدہ کن دو ممالک کے درمیان طے پایا؟ o بھارت پاکستان

☆ ایبڈو کس کا مخفف ہے؟ o Elective Bodires Disqudjicaton Ordinance

☆ اسلام آباد کی تعمیر کب شروع ہوئی؟ o 1962ء

☆ قائداعظم کی کس بہن نے صدارتی انتخاب میں حصہ لیا؟ o محترمہ مس فاطمہ جناح

☆ 1962ء کے آئین میں کن زبانوں کو قومی زبانیں قرار دیا گیا؟ o اردو۔ بنگالی

☆ سندھ طاس معاہدہ کے تحت کونسے دریا پاکستان کے حصہ میں آئے؟ o چناب جہلم سندھ

☆ دوسرا مارشل لاء کب اور کس نے لگایا؟ o 25 مارچ 1969ء یحییٰ خان

☆ ون یونٹ کا خاتمہ کب اور کس نے کیا؟ o یحییٰ خان، یکم اپریل 1970ء

☆ رباط کی پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس کس وجہ سے ہوئی؟ o مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی

☆ محترمہ فاطمہ جناح کب فوت ہوئیں؟ o جولائی 1967ء

☆ 1966ء میں بھٹو نے کس وزارت سے استعفیٰ دیا؟ o وزارت خارجہ

☆ یکم دسمبر 1967ء میں کس سیاسی جماعت کی تشکیل ہوئی؟ o پاکستان پیپلز پارٹی PPP

☆ حکومت سنبھالنے کے بعد پیپلز پارٹی کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟ دو کے نام لکھیے۔

o جنگ سے تباہ ہونے والی معیشت، عوام کی مایوس، طبقاتی و نظریاتی تقسیم Polarlation

☆ بھٹو کی خارجہ پالیسی پر دو لائنیں لکھیے۔

o بھارت سے تعلقات کو معمول پر لانے کی کوشش کی گئی معاہدہ شملہ، معاہدہ دہلی سے جنگی قیدیوں کی واپسی شروع ہوئی، اسلامی سربراہی کانفرنس لاہور فروری 1974ء، بنگلہ دیش کو تسلیم کیا گیا۔

☆ بھٹو کی حکومت زوال پذیر کیوں ہوئی؟ دو جملے لکھیے۔

o معاشی بحران، انتخابی وعدوں پر عمل نہ ہوسکا، سیاسی مخالفین کے قتل، 1977ء کے انتخابات میں دھاندلی، نظام مصطفیٰ کی تحریک۔

☆ 1973ء کے آئین میں کس زبان کو قومی زبان قرار دیا گیا؟ o اردو

☆ بھٹو حکومت نے کس مذہب کو غیر مسلم قرار دیا؟ o قادیانی، لاہوری مرزائی (احمدی کہلانے والے)

☆ ستمبر 1974ء میں کونسا اسلامی ملک اقوام متحدہ کا رکن بنا؟ o بنگلہ دیش

☆ شملہ معاہدہ 1972ء کے وقت بھارتی وزیراعظم کون تھیں؟ o اندرا گاندھی

☆ بھٹو حکومت میں پاکستان کے صدر کون تھے؟ o چوہدری فضل الٰہی

☆ پاکستان نے 1974ء میں کس ملک کو تسلیم کیا؟ o بنگلہ دیش

☆ بھٹو کی لیبر صلاحات پر دو نکات لکھیے۔

o ٹریڈ یونین سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ مزدوروں کو انتظامیہ میں شامل کیا جانے لگا، مزدوروں کے اوقات کار 54 گھنٹے فی ہفتہ سے گھٹا کر 46 گھنٹے فی ہفتہ کر دیے گئے۔ سوشل سکیورٹی سکیم شروع کی گئی۔

☆ ریڈکلف کمیشن برائے پنجاب، مسلمان ارکان کے نام تحریر کیجیے۔ o جسٹس دین محمد جسٹس محمد منیر

☆ سندھ کے پہلے اور دوسرے وزیراعلیٰ کا نام لکھیے۔ o محمد ایوب کھوڑو، پیر الٰہی بخش

☆ پنجاب کے پہلے گورنر اور وزیراعلیٰ کا نام لکھیے۔ o سر فرانسس موڈی، نواب افتخار حسین ممدوٹ

☆ قرارداد مقاصد کب اور کس نے پاس کروائی؟ o 12 مارچ 1949ء لیاقت علی خان

☆ پنجاب کے پہلے مسلمان گورنر کا نام لکھیے۔ o عبدالرب نشتر

☆ سیٹو میں شامل دو ممالک کے نام تحریر کیجیے۔

o برطانیہ امریکہ فرانس آسٹریلیا نیوزی لینڈ تھائی لینڈ پاکستان بھی 1954ء میں رکن بن گیا۔

☆ سکندر مرزا کن دو بڑے عہدوں پر فائز رہا؟ o گورنر جنرل اور صدر پاکستان

☆ تحریک ختم نبوت 1953ء کے دو مطالبات تحریر کیجئے۔
o (i) قادیانیوں کو اقلیت (غیر مسلم) قرار دیا جائے (ii) سر ظفر اللہ کو وزارت سے علیحدہ کیا جائے۔
☆ محمد علی بوگرہ نے کون سے دو اہم دفاعی معاہدے کئے؟
o پاکستان سیٹو (1954ء) اور سنٹو میں شامل ہوا۔ (23 ستمبر 1955ء)
☆ آر سی ڈی کے رکن ممالک کے نام لکھئے۔ o پاکستان ایران ترکی
☆ سندھ طاس معاہدے کے بعد کون سے دو بڑے ڈیم تعمیر ہوئے؟ o منگلا ڈیم/تربیلا ڈیم
☆ مکتی باہنی کیا چیز تھی؟
o بھارتی حکومت نے مشرقی پاکستان میں مداخلت کے لئے جو فوجی تنظیم قائم کی اس کا نام مکتی باہنی (نجات دہندہ فوج) رکھا گیا تھا۔
☆ مشرقی پاکستان کا قصاب کسے کہتے تھے؟ o جنرل ٹکا خان
☆ ذوالفقار علی بھٹو نے صدر پاکستان کی حیثیت سے حلف کب اٹھایا؟ o 13 دسمبر 1971ء
☆ کس آئین کے تحت قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا؟ o 1973ء کے آئین کے تحت۔
☆ نیشنل عوامی پارٹی پر پابندی کب اور کس نے لگائی؟
o ذوالفقار علی بھٹو۔ 1975ء حیات محمد شیر پاؤ کے قتل کے بعد۔
☆ پاکستان کی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے نام تحریر کیجئے۔ o سینٹ (ایوان بالا) قومی اسمبلی
☆ شیخ مجیب الرحمٰن کو کب اور کس نے رہا کیا؟ o 8 جنوری 1972ء۔ ذوالفقار علی بھٹو۔
☆ کوئی سی دو ریاستوں کے نام لکھیں جن پر بھارت نے زبردستی قبضہ کیا؟ o جونا گڑھ۔ حیدرآباد دکن
☆ مسز وجے لکشمی پنڈت نے قائداعظم کو کن الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا؟
o مسلم لیگ کے پاس ایک سو گاندھی اور ابوالکلام آزاد ہوتے اور کانگرس کے پاس ایک محمد علی جناح ہوتا تو ہندوستان کبھی تقسیم نہ ہوتا۔
☆ لیاقت علی خاں کب سے کب تک وزیراعظم رہے؟
o 14 اگست 1947ء تا 16 اکتوبر 1951ء
☆ پاکستان میں پہلے آئین کا نفاذ کس تاریخ اور سن میں ہوا؟ o 23 مارچ 1956ء
☆ گوادر کا پاکستان سے الحاق کس وزیراعظم کے دور میں ہوا؟ o ملک فیروز خان نون
☆ قومی ترانہ کس نے لکھا اور اس کا دورانیہ کیا ہے؟ o حفیظ جالندھری، 52 سیکنڈ
☆ سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح کب اور کس نے کیا؟ o یکم جولائی 1948ء قائداعظم محمد علی جناح
☆ 1962ء کے آئین کو لائل پور کا گھنٹہ گھر کیوں کہا جاتا ہے؟
o اس دستور میں صدر پاکستان انتظامیہ کے سربراہ تھے، خود قانون سازی کر سکتے تھے اور پارلیمنٹ کو توڑ سکتے تھے فوج کے سربراہ اعلیٰ تھے اس لئے وہ لائل پور کا گھنٹہ گھر تھے۔
☆ ایوب خاں نے کون سا نظام حکومت متعارف کروایا؟
o بنیادی جمہوریت کے ذریعے منتخب پارلیمنٹ اور صدارتی نظام جس میں صدر عملاً ڈکٹیٹر تھے۔

☆ 1962ء کے آئین میں کون سی دو زبانیں سرکاری زبانیں قرار دی گئیں؟ ○ اردو۔ بنگالی

☆ 1971ء کی جنگ کتنے دن جاری رہی؟

○ 21 نومبر 1971ء سے 16 دسمبر 1971ء تک تقریباً 26 دن

☆ پیپلز پارٹی کا مقبول ترین انتخابی نعرہ کیا تھا؟ ○ روٹی کپڑا اور مکان

☆ بھٹو گورنمنٹ میں مصطفیٰ کھر کس صوبے کا گورنر تھا؟ ○ پنجاب

☆ ذوالفقار علی بھٹو نے کب اور کونسی سیاسی پارٹی بنائی؟ ○ یکم دسمبر 1967ء - پاکستان پیپلز پارٹی

☆ 1973ء کا آئین کب اور کس نے نافذ کیا؟ ○ 14 اگست 1973ء - ذوالفقار علی بھٹو۔

☆ سقوط ڈھاکہ کا واقعہ کب پیش آیا؟ ○ 16 دسمبر 1971ء

☆ پاکستان میں جولائی 1977ء کو کس نے مارشل لاء لگایا؟ ○ جنرل ضیاء الحق نے

☆ کون سے دو صوبے 1947ء میں تقسیم کیے گئے۔ ○ پنجاب اور بنگال

☆ ضلع گورداسپور کی کیا اہمیت تھی؟

○ ضلع گورداسپور کی دو تحصیلیں جو پاکستان کی بجائے انڈیا کو دی گئیں اس سے بھارت کو کشمیر میں مداخلت کے لئے راستہ مل گیا اور کشمیر پر اس کا فوجی قبضہ مسلط ہوا جو اب تک قائم ہے۔

☆ 1947ء میں پاکستان کے دو ریڈیو سٹیشنوں کے نام لکھئے۔ ○ پشاور، لاہور

☆ دولت مشترکہ کے کوئی سے دو رکن ممالک کے نام لکھئے۔

○ برطانیہ کے علاوہ وہ تمام ممالک جو برطانیہ سے آزاد ہوئے ان میں بھارت اور پاکستان بھی شامل ہیں۔

☆ قرارداد مقاصد کا کوئی سا ایک نکتہ لکھئے۔ ○ اقتدار اعلیٰ کا مالک اللہ ہے۔

☆ 1958ء سے پہلے پاکستان کے کوئی سے دو وزرائے اعظم کے نام لکھئے۔

○ لیاقت علی خان، چوہدری محمد علی

☆ 1956ء کے دستور کی کوئی سی ایک خوبی بیان کیجئے۔ ○ اختیارات میں توازن

☆ وحدت مغربی پاکستان کے قیام کا کوئی سا ایک سبب بیان کیجئے۔

○ مشرقی اور مغربی پاکستان میں پارلیمنٹ میں نمائندگی کا حل دونوں صوبوں میں مساوات (Rarity) کی صورت میں دیا گیا۔

☆ پاکستان کے آخری گورنر جنرل اور پہلے صدر کون تھے؟ ○ سکندر مرزا

☆ 1956ء کا آئین کب منسوخ کیا گیا دو وجوہات لکھیں۔

○ 8 اکتوبر 1958ء۔ سیاسی انتشار اور سازشی ماحول فوج اور سکندر مرزا کی تمنائیں۔

☆ جنرل ایوب خان کے والد کا نام لکھیں۔ ○ میر داد خان

☆ جنرل ایوب خان 1974ء میں کہاں فوت ہوئے؟ ○ اسلام آباد

☆ یونین کمیٹی اور یونین کونسل میں فرق بیان کریں؟ ○ یونین کمیٹی شہروں میں اور یونین کونسل دیہات میں ہوتی تھی۔

☆ پاک بھارت جنگ 1965ء کی دو وجوہات لکھیں۔

○ مسئلہ کشمیر۔ بھارت کے جارحانہ عزائم اور بین الاقوامی سرحد پر حملہ

☆ 1962ء کے آئین میں پاکستان کا پورا نام کیا تھا؟ ○ اسلامی جمہوریہ پاکستان (ترمیم کے بعد)
☆ اعلان تاشقند 1966ء پر دو جملے لکھیں۔ ○ کتاب دیکھیں۔
☆ 1966ء میں بھٹو نے وزارت خارجہ سے استعفیٰ کیوں دیا؟ ○ اعلان تاشقند سے اختلاف کی وجہ سے۔
☆ یحییٰ خان نے فوج میں کب شمولیت اختیار کی؟ ○ 1938ء
☆ 1971ء میں بھارتی طیارہ گنگا کس نے اغوا کیا؟ ○ مقبول بٹ، ہاشم
☆ روس کی مدد سے کون سا بڑا کارخانہ لگایا گیا؟ ○ پاکستان سٹیل مل کراچی
☆ سعودی عرب کے دو بادشاہوں کے نام لکھیں۔ ○ شاہ فیصل، شاہ سلیمان شاہ عبداللہ
☆ بھارت نے پہلا ایٹمی دھماکہ کب اور کہاں کیا؟ ○ پوکھران (راجستھان) 18 مئی 1974ء
☆ بھٹو نے سکول اور کالج کب قومیائے۔ ○ یکم ستمبر 1972ء (کالج) یکم اکتوبر 1972 (سکول)
☆ ذوالفقار علی بھٹو نے کن دو اعلیٰ یونیورسٹیوں سے تعلیم حاصل کی؟
○ سدرن کیلی فورنیا یونیورسٹی، یونیورسٹی آف لاس اینجلز
☆ پیپلز پارٹی کے منشور کے دو نکات تحریر کریں۔
○ اسلام ہمارا دین ہے، سوشلزم ہماری معیشت، جمہوریت ہماری سیاست۔
☆ ایکو تنظیم کے دور کن ملکوں کے نام لکھیں۔ ○ پاکستان، ایران، ترکی
☆ ایکو تنظیم کا پہلا نام کیا تھا؟ ○ آر سی ڈی۔ معاہدہ استنبول
☆ 1971ء میں امریکہ کا صدر کون تھا؟ ○ نکسن
☆ عوامی لیگ کا صدر کون تھا؟ ○ شیخ مجیب الرحمن
☆ 1971ء میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین کا نام لکھیں۔ ○ ذوالفقار علی بھٹو
☆ پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی کا پہلا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟ ○ 10 اگست کراچی
☆ لیاقت علی خان نے بطور وزیر اعظم کون سے دو ممالک کے دورے کئے؟ ○ امریکہ، بھارت
☆ خواجہ ناظم الدین کو کیوں برطرف کیا گیا؟ ○ تحریک ختم نبوت کی ذمہ داری ان پر ڈالی گئی۔
☆ بوگرہ فارمولا کے کوئی سے دو نکات لکھیں۔
○ دو ایوانی مقننہ ملک کے دونوں حصوں کو پارلیمنٹ میں مساوی نمائندگی (Party) ملک کا نام اسلامی جمہوریہ معاشی معاملات پر 25 سال تک اسلامی اصول لاگو نہیں ہوں گے۔
☆ مولوی تمیز الدین کیس کیا تھا؟
○ ملک غلام محمد گورنر جنرل نے 1935ء کے ایکٹ میں حاصل شدہ اختیارات کے تحت دستور یہ توڑ دی مولوی تمیز الدین نے سپیکر دستوریہ کی حیثیت سے اسے عدالت میں چیلنج کیا سندھ ہائی کورٹ نے گورنر جنرل کے اقدام کے خلاف فیصلہ دیا سپریم کورٹ نے اس کو جائز قرار دیا۔
☆ ناہید مرزا کون تھی؟
○ سکندر مرزا کی بیگم، ایرانی عورت تھی، بھٹو کو وزیر بنانے کی سفارش کی مرزا کے ساتھ ہی جلا وطن ہوئی۔
☆ 1962ء کا آئین کب نافذ ہوا؟ ○ 8 جون 1962ء

☆ بنیادی اصولوں کی کمیٹی کیوں بنائی گئی؟
o قرارداد مقاصد پاس ہونے کے بعد دستور کے بنیادی اصول طے کرنے کے لئے
☆ 1956ء کے دستور میں کون سی دو سرکاری زبانیں تھیں؟
o اردو اور بنگالی شروع میں اس مسئلہ کو موخر کر دیا گیا بعد میں فیصلہ ہوا۔
☆ جنرل گریسی کون تھا؟
o پاکستانی فوج کا پہلا کمانڈر انچیف بھارتی کمانڈر انچیف جنرل آکنلک کے حکم کا پابند، کشمیر میں جنگ سے انکار کیا۔
☆ ایبڈو کب اور کس نے نافذ کیا؟
o صدر ایوب خان نے سیاستدانوں کو نااہل قرار دینے کے لئے جو آرڈیننس نافذ کیا۔ 25 مارچ 1959ء
☆ ایوب خان کے آئینی کمیشن کے سربراہ کون تھے؟
o منظور قادر جن کو بعد میں ہائی کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کر دیا گیا۔
☆ سندھ طاس معاہدہ کے تحت کون سے دریا پاکستان کے حوالے کیے گئے صرف دو کے نام تحریر کریں۔
o چناب، جہلم
☆ ''مسلم فیلی لا آرڈیننس'' کب اور کس نے نافذ کیا؟ o 2 مارچ 1961ء صدر ایوب خان
☆ پاکستان اور چین کے درمیان سرحدی معاہدہ کب ہوا؟ o 3 مارچ 1962ء
☆ ایوب خان کے دور میں تعمیر ہونے والے ڈو ڈیموں کے نام تحریر کریں۔ o تربیلا، منگلا ڈیم
☆ پاکستان کا دوسرا دارالحکومت کب اور کس شہر کو قرار دیا گیا؟ o ڈھاکہ
☆ پیپلز پارٹی کب اور کس نے قائم کی؟ o یکم دسمبر 1967ء۔ بھٹو کے حامیوں نے قائم کی۔
☆ لیگل فریم ورک آرڈر کب اور کس نے جاری کیا؟ o صدر یحیٰی خان 28 مارچ 1970ء
☆ مغربی پاکستان میں 1970ء کے جنرل الیکشن کس پارٹی نے جیتے؟ o پاکستان پیپلز پارٹی
☆ مشرقی پاکستان کتنے سال پاکستان کا حصہ رہا؟ o 1947ء سے 1971ء تک 24 سال 4 ماہ۔
☆ 1973ء کے آئین کی دو اسلامی خصوصیات لکھیں۔
o قرارداد مقاصد، قوانین کو اسلام کے مطابق ڈھالنے کا عزم، اسلامی نظریاتی کونسل کا قیام
☆ پاکستان کے ہمسایہ دو اسلامی ملکوں کے نام لکھیں۔ o ایران، افغانستان
☆ روٹی، کپڑا اور مکان کس کا نعرہ تھا؟ o ذوالفقار علی بھٹو
☆ پاکستان اقوام متحدہ کا ممبر کب بنا؟ o 30 ستمبر 1947ء
☆ سارک کے دو ممالک کے نام لکھیں۔ o بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا۔
☆ بھٹو نے کب اقتدار سنبھالا؟ o 20 دسمبر 1971ء
☆ شاہراہ قراقرم کن دو ممالک کو ملاتی ہے؟ o چین اور پاکستان
☆ 1971ء کی جنگ میں پاکستان کے کتنے فوجی قیدی بنے؟ o 93 ہزار۔
☆ پاکستان نے بنگلہ دیش کو کس موقع پر تسلیم کیا؟ o دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقعہ پر فروری 1974ء
☆ معاہدہ دہلی کیوں طے پایا؟ o پاکستانی جنگی قیدیوں کی واپسی پر مذاکرات اور معاہدہ۔

☆ بھٹو کابینہ کے دو وزراء کے نام لکھیں۔ o محمود علی قصوری، عبدالحفیظ پیرزادہ اور کوثر نیازی
☆ یحییٰ خان کب کمانڈر انچیف بنا؟ o 9 ستمبر 1966ء
☆ قرارداد پاکستان کب اور کس کے دور میں پاس ہوئی؟ o 12 مارچ 1949ء لیاقت علی خان کے دور میں۔
☆ پاکستان کی پہلی کابینہ کے وزیر خزانہ کون تھے؟ o ملک غلام محمد
☆ قائداعظم سے گورنر جنرل کا حلف کب اور کس نے لیا؟ o 15 اگست 1947ء، جسٹس عبدالرشید
☆ گوادر کب اور کس کے دور میں پاکستان میں شامل ہوا؟ o 1958ء۔ ملک فیروز خان نون
☆ قائداعظم کے بعد کون گورنر جنرل بنا؟ o ملک غلام محمد
☆ پاکستان کب اور کس کے دور میں سیٹو کا رکن بنا؟ o 1954ء محمد علی بوگرہ
☆ قائداعظم کب اور کہاں فوت ہوئے؟ o 11 ستمبر 1948ء کراچی
☆ آزادی کے بعد بھارت کا پہلا گورنر جنرل کون بنا؟ o لارڈ ماؤنٹ بیٹن
☆ ایوب خان کے ساتھی کوئی سے دو جرنیلوں کے نام لکھیے۔ o جنرل خالد محمود، جنرل برکی، جنرل اعظم خان
☆ صدر ایوب خان کے ابتدائی انتظامی اقدامات میں سے کسی ایک کا ذکر کیجئے۔
o پرائس کنٹرول، امپورٹ لائسنس کی خرید و فروخت بند، سمگلنگ کی روک تھام، متروکہ جائیدادوں کے مسئلہ کا حل۔
☆ بنیادی جمہوریتوں کے نظام کی کوئی سی دو خامیاں لکھیے۔
o (i) ملک کا اقتدار ان پڑھ اور سیاسی شعور کے بغیر بی ڈی ممبرز کے ہاتھ آ گیا، صرف 8 فیصد ارکان میٹرک تک کی تعلیم رکھتے تھے۔ (ii) عوام کو قومی معاملات میں بے دخل کر کے صرف گنے چنے لوگوں کو اسمبلیوں اور صدر کے انتخاب کا حق دیا جن کو پولیس کے ذریعے دبایا جاسکتا تھا یا آسانی سے خریدا جاسکتا تھا۔
☆ صدر ایوب خان کی تعلیمی اصلاحات کا کوئی سا ایک نکتہ تحریر کیجئے۔ o تین سالہ ڈگری کلاسز اور فیسوں میں اضافہ
☆ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کا کوئی سا ایک سبب لکھیے۔
o کشمیر میں جدوجہد آزادی سے بھارت نے سٹپٹا کر پاکستان پر حملہ کر دیا۔
☆ صدر ایوب کے مخالف کوئی سے دو سیاستدانوں کے نام لکھیے۔
o چوہدری محمد علی سابق وزیراعظم پاکستان ممتاز محمد خان دولتانہ کونسل مسلم لیگ، مادرِ ملت، مولانا مودودی۔
☆ صدر یحییٰ خان کی لیبر اصلاحات کا کوئی سا ایک نکتہ بیان کیجئے۔
o سرمایہ داروں کا یہ حق ختم کر دیا گیا کہ وہ جس یونین کو چاہیں تسلیم کریں اس کی بجائے ریفرنڈم سے صحیح نمائندہ یونین سامنے آتی تھی۔
☆ 1970ء کے انتخابات میں شامل کوئی سی دو سیاسی جماعتوں کے نام لکھیے۔ o عوامی لیگ، پاکستان پیپلز پارٹی
☆ 1971ء کی جنگ کے دو نتائج لکھیے۔ o (i) مشرقی پاکستان کی علیحدگی (ii) مغربی پاکستان میں بھٹو کا اقتدار
☆ بھٹو نے آزاد کشمیر حکومت کو کیوں برطرف کیا؟
o انہیں سردار عبدالقیوم کی مولویت پسند نہ تھی اور سردار صاحب ان کے ترقی پسندانہ نظریات سے اختلاف کرتے تھے۔
☆ بھٹو کی کوئی سی دو تعلیمی اصلاحات لکھیے۔
o (i) سکولوں کالجوں کو سرکاری تحویل میں لینا (ii) یونیورسٹی تعلیم کو یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی نگرانی میں دینا۔

☆ بھٹو حکومت نے بلوچستان آپریشن کیوں شروع کیا؟

o جام صاحب لس بیلا کی حکومت بلوچستان میں تخریب کاری کو سنبھالنے میں ناکام ہوگئی اس لئے 22 مئی 1973ء کو فوجی کارروائی کا آغاز کیا گیا نواب اکبر بگٹی نے گورنر کے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا۔

☆ بھٹو دور میں زمین کی ملکیت کیا حد کی تھی؟

o 100 ایکڑ نہری 200 ایکڑ بارانی۔

☆ بھٹو حکومت نے بنگالی افسران کے بارے میں کیا پالیسی اپنائی؟

o بنگالی افسران سے ان کے سرکاری فرائض واپس لے لئے گئے بنگلہ دیش تسلیم کرنے کے بعد ان کو بنگلہ دیش بھیج دیا گیا۔

☆ 1973ء کے آئین میں کونسا طرز حکومت اختیار کیا گیا؟

o پارلیمانی نظام

☆ ایف۔ایس۔ایف کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

o فیڈرل حکومت کے احکامات کے مطابق کارروائی کرنا۔

☆ ریڈکلف کون تھا؟

o بنگال اور پنجاب کی تقسیم کی تفصیلات طے کرنے کے لئے باؤنڈری کمیشن قائم کی گئی ایک برطانوی وکیل سر سیرل ریڈکلف کو دونوں کمیشنوں کا چیئرمین بنایا گیا جو اجلاس میں شامل نہیں ہوتا تھا اور بھارت اور پاکستان کے نمائندوں کی آراء سامنے رکھ کر خود ہی فیصلہ کرتا تھا۔

☆ پاکستان کے پانچویں وزیراعظم کون تھے؟

o حسین شہید سہروردی

☆ جب 1956ء کا آئین منظور ہوا اس وقت پاکستان کا وزیراعظم کون تھا؟

o چوہدری محمد علی

☆ لیاقت علی خان کو کس نے شہید کیا؟

o سید اکبر

☆ ایوب خان کی صنعتی پالیسی کی دو نکات تحریر کریں۔

o (i) صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنا اور 5 سال کے لئے ٹیکس معاف کرنا (ii) تمام شہروں میں صنعتی مراکز قائم کرنا (iii) غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا۔

☆ دارالحکومت کراچی سے اسلام آباد کب اور کس نے منتقل کیا؟

o ایوب خان نے، اسلام آباد 1966ء میں مکمل ہوا لیکن دارالحکومت اس سے پہلے ہی راولپنڈی منتقل کر دیا گیا تھا۔

☆ 1962ء کے آئین کے تحت صدر کے کوئی سے دو عدالتی اختیارات تحریر کریں۔

o ججز کی تقرری بشمول چیف جسٹس صدر من مرضی کے جج مقرر کرسکتا تھا۔ جج کو کسی بھی ہائی کورٹ میں تبدیل کیا جاسکتا تھا۔

☆ اعلان تاشقند پر پاکستان اور بھارت کی طرف سے کس نے دستخط کئے۔

o صدر محمد ایوب خان۔ وزیراعظم لال بہادر شاستری

☆ یحییٰ خان نے مارشل لاء کب لگایا۔

o 25 مارچ 1969ء

☆ یحییٰ خان کب مستعفی ہوئے اور انہوں نے کتنے سال حکومت کی

o 20 دسمبر 1971ء پونے تین سال

☆ شیخ مجیب الرحمٰن کب پیدا ہوئے اور کب قتل ہوئے؟

o 1920ء میں پیدا ہوئے 14 اگست 1975ء کو قتل کر دیئے گئے۔

☆ ذوالفقار علی بھٹو کب سے کب تک پاکستان کے حکمران رہے؟

o 20 دسمبر 1974ء سے 4 جولائی 1977ء تک

☆ قادیانیوں کو کب اور کیوں غیر مسلم قرار دیا گیا؟

o 7 ستمبر 1971ء۔ قومی اسمبلی میں قادیانیوں اور لاہوری پارٹی کے سربراہان کو بلایا گیا دونوں کے بیانات سنے گئے وہ نہ صرف یہ کہ مرزا غلام احمد کو نبی یا مجدد مانتے تھے بلکہ عام مسلمان ان کے نزدیک مسلمان نہ تھے اس لئے پوری قومی اسمبلی نے ان کو غیر مسلم قرار دیا۔

☆ معاہدہ دہلی 1972ء کے وقت انڈیا اور پاکستان کے وزراءاعظم کے نام لکھیں۔

o پاکستان ذوالفقار علی بھٹو، بھارت اندرا گاندھی

☆ پاکستان نے دولت مشترکہ کو کب اور کیوں چھوڑا؟

o جنوری 1972ء برطانیہ کے بنگلہ دیش بنانے میں کردار اور فوری طور پر تسلیم کرنے پر بھٹو گورنمنٹ نے دولت مشترکہ سے علیحدگی کا اعلان کر دیا۔

☆ پاکستان نے بنگلہ دیش کو کب تسلیم کیا؟

o فروری 1974ء دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کے موقعہ پر۔

☆ پاکستان پیپلز پارٹی کب اور کہاں بنائی گئی؟ o یکم دسمبر 1967ء۔ لاہور میں

☆ 1970ء کے الیکشن میں قومی اسمبلی کی کل کتنی نشستیں تھیں۔

o 313 (300 عمومی نشستیں اور 13 خواتین کی)

☆ وہ کون تھے جو پہلے وزیر خزانہ اور پھر پاکستان کے گورنر جنرل بن گئے؟ o ملک غلام محمد

☆ جسٹس دین محمد اور جسٹس محمد منیر کس کمیشن کے ارکان تھے؟ o ریڈکلف کمیشن پنجاب باؤنڈری کمیشن

☆ صدر ایوب خان کے والد میر داد خان کس محکمے میں ملازم تھے؟ o برٹش آرمی میں رسالدار میجر تھے۔

☆ صدر ایوب خان نے سکندر مرزا سے استعفیٰ کب لیا؟ o 27 اکتوبر 1958ء

☆ صدر ایوب خان نے الیکشن کب کروائے؟

o 15 فروری 1960ء پہلی دفعہ صدر چنے گئے جبکہ ان کے مقابل کوئی امیدوار نہ تھا، دوسرے انتخابات 2 جنوری 1965ء

☆ 1958ء میں کراچی میں کورنگی کالونی کی بنیاد کس نے رکھی؟ o صدر ایوب خان دسمبر 1958ء

☆ ایوب خان کی صنعتی پالیسی کے دو نکات لکھیں۔

o غیر ملکی سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی، شہروں کے ساتھ صنعتی مراکز کا قیام، نئے کارخانہ داروں کو 5 سال کے لئے ٹیکس معاف (ٹیکس ہالیڈے)

☆ ایوب خان حکومت میں ڈویژنل کونسل کا سربراہ کون تھا۔ o ڈویژنل کمشنر

☆ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کس ماہ لڑی گئی؟ o ستمبر 1965ء

☆ 1965ء کی جنگ میں کون سا ملک فاتح تھا۔

o بھارت اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا پاکستان اپنے دفاع میں کامیاب ہوا۔

☆ صدر ایوب خان کے ساتھ کون سے بھارتی وزیر اعظم (روس) تاشقند گئے۔ o لال بہادر شاستری

☆ جنرل یحییٰ خان پر دو جملے لکھیں۔

o 1938ء میں کمیشن لیا۔ دوسری جنگ عظیم میں مختلف محاذوں پر لڑے۔ 1945ء میں وطن واپس آئے۔ پاکستان سٹاف کالج کوئٹہ میں انسٹرکٹر مقرر ہوئے۔ 1957ء میں میجر جنرل مشرقی پاکستان تعینات ہوئے 1966ء میں ڈپٹی کمانڈر انچیف جنرل موسیٰ کے بعد 19 ستمبر 1966ء کو کمانڈر انچیف اس کے بعد مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر۔ ان کے رنگین کردار کی داستانیں زبان زد عام رہیں۔

☆ شیخ مجیب الرحمٰن کون تھے دو جملے لکھیں۔

o 1930ء میں ضلع فرید پور کے ایک گاؤں تانگی بارہ میں پیدا ہوئے۔ 1939ء میں مسلم لیگ میں شامل ہوگئے۔ پاکستان بننے کے بعد بنگالی زبان کے حق میں شورش یونیورسٹی سے نکال دیئے گئے۔ سہروردی کی عوامی لیگ میں شامل۔ سہروردی ان کی جوشیلی طبیعت کی وجہ سے محتاط رہتے تھے۔ مشرقی پاکستان کی وزارت میں شامل ہونے کے باوجود ایجی ٹیشن اور پیپرل پر حملہ کے ماسٹر مائینڈ، سہروردی کے بعد عوامی لیگ کے سربراہ، علیحدگی کی سیاحت بنگلہ بندھو صدر بنگلہ دیش اور 14 اگست 1974ء میں فوجی بغاوت اور قتل کر دیئے گئے۔

☆ مغربی اور مشرقی پاکستان کے درمیان کتنا فاصلہ تھا۔

o 1000 میل

☆ ذوالفقار علی بھٹو کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

o 5 جنوری 1928ء لاڑکانہ

☆ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس کس ملک اور شہر میں ہوئی؟

